# عورتوں کے حقوق

(سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

# ***Women's rights***

*(in the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*


By:

**Qamer Iqbal**

Enrollment: 01-259212-013

Supervisor:

**Dr. Sanaullah**

Associate Professor

Bahria University, E-8, Islamabad

**Department of Islamic Studies**

Bahria University, E-8 Campus, Islamabad-Pakistan

# عورتوں کے حقوق

(سورۃالنساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

# ***Women's rights***

*(in the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*


By:

**Qamar Iqbal**

Enrollment: 01-259212-013

Supervisor:

**Dr. Sanaullah**

Associate Professor

Bahria University, E-8, Islamabad

**Department of Islamic Studies**

Bahria University, E-8 Campus, Islamabad-Pakistan

# THESIS APPROVAL SHEET

Topic of Research:

عورتوں کے حقوق

(سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

***Women's rights***

*(In the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*

Name of Student: Qamer Iqbal

Enrollment No: 01-259212-013

Program: MS Islamic Studies (Islam & Life)

Approved by:

Dr. Sanaullah
Thesis Supervisor

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi
Internal Examiner

Dr. Muhmmad Saeed
External Examiner

Dr. Rahim Ullah
Programme Coordinator

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi
Head of Department Islamic Studies

Bahria University
Discovering Knowledge

THESIS APPROVAL SHEET

Topic of Research: عورتوں کے حقوق سورہ النساء کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

Name of Student: QAMAR IQBAL

Enrollment No: 01-259212-013

Programme: MS Islamic Studies (Islam & Life)

Approved by:

Dr. SANAULLAH
Thesis Supervisor

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi
Internal Examiner

Dr. MUHAMMAD SAEED
External Examiner

Dr. RAHIM ULLAH
Program Coordinator

Dr Syed Muhammad Shahid Tirmazi
Head of Department Islamic Studies

CS Scanned with CamScanner

# عورتوں کے حقوق

(سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

# ***Women's rights***

*(in the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*

By: QAMER IQBAL

Enrollment: 01-259212-013

Supervised by

**Dr. Sanaullah**

Associate Professor

Bahria University, E-8, Islamabad

# SUPERVISOR’S STATEMENT

This is certified that the work contained in this thesis entitled

عورتوں کے حقوق

(سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

***Women's rights***

*(in the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*

Has been carried out under my supervision by QAMER IQBAL, Enrollment: 01-259212-013, is approved for submission in partial fulfillment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies (Islam and Life).

**Dr. Sanaullah**
Associate Professor
Bahria University, E-8, Islamabad

# THESIS COMPLETION CERTIFICATE

Student's Name **QAMER IQBAL** Enrollment No. **01-259212-013** Program of Study: **MS Islamic Studies**

Thesis title:

عورتوں کے حقوق

(سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

***Women's rights***

*(in the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*

It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and, to my belief, its standard is appropriate for submission for Evaluation. I have also conducted plagiarism test of this thesis using HEC prescribed software and found similarity index at 19% that is within the permissible limit set by the HEC for the MS degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor’s Signature: ..............................................................

Name: **Dr. Sanaullah**

Date: ....................................................

# AUTHOR, S DECLARATION

I, QAMER IQBAL hereby state that my MS thesis titled

عورتوں کے حقوق

(سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

***Women's rights***

*(in the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*

Is my own work and has not been submitted previously by me for any degree from this Bahria University E-8, Islamabad Campus or anywhere else in my country/world.

At any time if my statement is found to be incorrect even after my Graduate the University has the right to withdraw/cancel my MS degree.

Name of Student: **Qamer Iqbal**

Student/Author’s Signature:.............................................

Date: ..................................................

# PLAGIARISM UNDERTAKING

I solemnly declare that the research work presented in the thesis titled

عورتوں کے حقوق

(سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ)

*Women's rights*

*(in the light of Surat al-Nisa, an analytical study)*

Is solely my research work with no significant contribution from any other person. Small contributions/help, wherever taken, have been duly acknowledged, and I have written that complete thesis.

I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, as an Author of the above-titled thesis, I declare that no portion of my thesis has been plagiarized and any material used as a reference is properly referred/cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above-titled thesis, even after the award of M.Phil/MS degree, the university reserves the right to withdraw/revoke my M.Phil/MS degree and that HEC and the University have the right to publish my name on the HEC /University website on which terms of students are placed who submitted plagiarized thesis

Name of Student: **Qamer Iqbal**

Student/Authors Signature: .................................................

Date: .................................................

.

# ACKNOWLEDGEMENT

I am deeply grateful to Almighty Allah, the Most Merciful and Compassionate, for bestowing upon me the strength, wisdom, and perseverance throughout my thesis journey.

My heartfelt appreciation goes to my supervisor, **Dr. Sanaullah,** Associate Professor Bahria University, whose invaluable guidance and support shaped the direction of this thesis. His insightful feedback and encouragement played a pivotal role in developing my ideas.

I extend profound thanks to my Parents and my wife for their unwavering support during the challenging phases of this academic pursuit. Their love and encouragement fueled my motivation for excellence.

Lastly, I acknowledge the blessings of the wider academic community and extend gratitude to all those who directly or indirectly contributed to the thesis completion. May Allah, accept this humble effort, making it a source of benefit for humanity and a Sadqae Jaria for me and my family.

Name of Student: **Qamer Iqbal**

Student/Authors Signature: …………………………………………….

Date: ……………………………………

# DEDICATION

I dedicate my work efforts to **ALLAH**, the Most Merciful and Compassionate.

My **Father (Late) and Mother (Late)** for their tireless efforts and prayers in my entire life.

Especially my Supervisor **Dr. Sanaullah** who guided and supported me.

# فہرست


| | |
|---|---|
| Abstract ........................................ | 01 |
| **مقدمہ،تعارف (Introduction)** ........................................ | **02** |
| پس منظر (Background) ........................................ | 03 |
| تحقیقی خلا (Research gap) ........................................ | 03 |
| موضوع کی اہمیت (Significance of study) ........................................ | 03 |
| بیان مسئلہ (Statement of Problem) ........................................ | 03 |
| اختیار موضوع (Selection of Topic) ........................................ | 04 |
| مقاصد تحقیق (Objectives) ........................................ | 04 |
| تحقیقی سوالات (Research Questions) ........................................ | 04 |
| گزشتہ کام کا جائزہ (Literature review) ........................................ | 04 |
| منہج تحقیق (Research Methodology) ........................................ | 05 |
| تحقیق کا دائرہ کار (Research Scope) ........................................ | 05 |
| حوالہ جات (References) ........................................ | 05 |
| تحقیقی اخلاقیات (Research values) ........................................ | 05 |
| مواد کا جمع اور تجزیہ کرنا (Data Collection and Data Analysis) ........................................ | 05 |
| ابواب بندی ........................................ | 06 |
| **باب اوّل: تعارف، سورۃ النساء** ........................................ | **07** |
| فصل اول: سورۃ النساء کے مضامین ........................................ | 07 |
| مبحث اول: تعارف ........................................ | 07 |
| مبحث دوم: احکامات ........................................ | 14 |
| فصل دوم: حقوقِ نسواں کی اہمیت، احادیث کی روشنی ........................................ | 21 |
| مبحث اول: تعارف ........................................ | 21 |

مبحث دوم: اسلام میں عورت کے ازدواجی حقوق ... 23

**باب دوم: عورت اور اُس کی ازدواجی زندگی، سورۃ النساء کی روشنی میں ... 30**

فصل اول: حق نکاح ... 30

مبحث اول: تعارف ... 30

مبحث دوم: نکاح و طلاق کے مسائل ... 36

فصل دوم: حق نان و نفقہ ... 48

مبحث اول: تعارف ... 48

مبحث دوم: نان و نفقہ کے مسائل و احکام ... 56

**باب سوم: سورۃ النساء میں حق وراثت اور ملکیت ... 63**

فصل اول: حق وراثت ... 63

مبحث اول: تعارف ... 63

مبحث دوم: میراث ... 66

فصل دوم: حق ملکیت، کفالت (حضانت) کا حق ... 80

مبحث اول: تعارف ... 80

مبحث دوم: حق حضانت ... 83

**نتائج ... 96**

**سفارشات ... 97**

قرآنی آیات ... 98

فہرست احادیث ... 100

**مصادر و مراجع ... 102**

## Abstrect

**Title:**

عورتوں کے حقوق

سورۃ النساء کی روشنی میں، تجزیاتی مطالعہ

*Women's rights in the light of Surat al-Nisa, an analytical study*

This thesis examines the rights of women in Islam through an in-depth analysis of Sura Al-Nisa' (Quran 4), a chapter devoted to addressing women's social, economic, and familial roles. This study reveals the Quranic emphasis on gender equality, justice, and compassion, challenging patriarchal interpretations that perpetuate inequality. Through exegetical analysis and contextualization, this research demonstrates how Sura Al-Nisa' advocates for women's:

1. Equal spiritual worth
2. Inheritance and property rights
3. Protection from exploitation
4. Autonomy in marriage and divorce

This thesis contributes to a nuanced understanding of Islamic feminism, promoting a more inclusive and equitable interpretation of Quranic teachings on women's rights.


**Keywords**: Quran, Sura Al-Nisa', Women's Rights, Islamic Feminism, Gender Equality

## مقدمہ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا لا إِبْتِدَاءَ لِحَدِّهِ وَلَا إِنْتِهَاءَ لِعَدَدِهِ، لَا إِنْسَاعَ لِغَايَتِهِ وَلَا إِنْقِطَاعَ لِأَمَدِهِ، حَمْدًا يَكُوْنُ وَسِيْلَةً إِلَى طَاعَتِهِ وَغُفْرَانِهِ وَذَرِيْعَةً إِلَى مَعْرِفَتِهِ وَرِضْوَانِهِ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَلَهُ الْأَمْرُ وَأَلَا لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

هُوَ اللهُ الَّذِي تَمَجَّدَ بِالْعَظَمَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَتَهَلَّلَ بِالْفَخْرِ وَالْآلَاءِ وَتَعَزَّزَ بِالبِرِّ وَالْجَلَالِ وَتَقَدَّسُ بِالْحُسْنِ وَالْجَمَالِ، خَالِقٌ لَأَنْظِيْرَ لَهُ وَمَالِكُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، وَاحِدٌ لانِدَّ لَهُ وَمَاجِدٌ لأَضِدَّ لَهُ، صَمَدٌ لاَكُفْوَ لَهُ وَإِلَهُ لا جُزْءَ لَهُ هُوَ رَبُّ السَّمَوَاتِ السَّبْعِ وَالارْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيم.

وَأُصَلِّي وَأُسَلِّمْ عَلَى النَّبِي الْحَبِيْبِ الْمُصْطَفَى الَّذِي خَلَقَهُ اللهُ نُورًا وَهُدًى وَنَبِيًّا وَبَعَثَهُ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا وَأَرْسَلَهُ دَاعِيًا إِلَى اللهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا وَصَلَّى اللهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ وَأَصْحَابِهِ الْمُتَّقِيْنَ الْمُخْلَصِينَ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ.

هُوَ النَّبِيُّ الَّذِي جَعَلَهُ اللهُ خَيْرَ البَرِيَّةِ طِفْلًا وَأَنْجَبَهَا كَهْلاً وَصَنَعَهُ أَطْهَرَ الْخَلِيقَةِ شِيْمًا وَأَجْوَدَهَا دِيْمًا وَاخْتَارَهُ مِنْ شَجَرَةِ الْأَنْبِيَاءِ وَأَظْهَرَهُ فِي سُرَّةِ الْبَطْحَاءِ وَأَرْسَلَهُ رَحْمَةً لِمَنْ كَانَ فِي الْأَرْضِ وَالسَّمَوَاتِ الْعُلَى صَلوةٌ دَائِمَةً بَاقِيَةً رَافِعَةً وَسَلَامًا مُسْتَمِرَّ الدَّوامِ عَلَى مَرِ اللَّيَالِي وَالْأَيَّامِ لَا إِنْقِضَاءَ لَهُ وَلا إِنْصِرَامَ، عَدَدَ مَا أَحَاطَ بِهِ عِلْمُ الرَّبِّ الْعَلاَّمِ.

### تعارف تحقیق(Introduction):

اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد وثناء اور نبی آخر الزمان سیّدنا حضرت محمد ﷺ کی ذاتِ بابرکات پر بے حد وبے حساب دُرود وسلام کے بعد:

اللہ تعالیٰ نے انسان کو تخلیق فرمایا اور ان میں سے مرد اور عورت کی صورت میں جوڑے پیدا فرمائے۔ پھر ان کے ذریعے اس خوبصورت کائنات کو اولادِ آدم وحوا علیہما السلام سے رونق بخشی۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَ لُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ج اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا[1]

ترجمہ: ”اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کی بیوی کو پیدا کر کے ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلا دیں، اس اللہ سے ڈرو جس کے نام پر ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتے ناطے توڑنے سے بھی بچو، بیشک اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہے۔“

اور دوسری جگہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ[2]

---

1۔ سورۃ سورہ النساء:1

2۔ سورۃ الروم:21

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا اختلاف اس کی نشانیوں میں سے ہے، بے شک اس میں علم والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

''اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہاری ہی جنس سے بیویاں پیدا کیں تاکہ تم ان سے آرام پاؤ، اس نے تمہارے درمیان محبت اور ہمدردی قائم کر دی، یقیناً غور و فکر کرنے والوں کے لئے اس میں بہت سی نشانیاں ہیں۔''

مرد اور عورت اپنی زندگی کے مختلف کردار کو طے کرتے رہے جن کو مختلف ناموں سے پہچانا جاتا ہے۔ مرد بیٹا، بھائی، باپ، دادا، نانا اور شوہر وغیرہ کے روپ میں اپنا کردار ادا کرتا رہا۔ اسی طرح عورت بھی مختلف ناموں سے پہچانی جاتی ہے جیسا کہ بیٹی، بہن، والدہ، بیوی، دادی اور نانی وغیرہ۔

عورت اس کائنات رنگ و بُو میں ایک ایسا خوبصورت کردار ہے جس کے بغیر کائنات نامکمل ہے، مقالہ ہذا میں عورتوں کے حقوق کو سورۃ النساء کی روشنی میں اس انداز سے زیرِ بحث لایا گیا ہے کہ اس میں نان و نفقہ، حق مہر، نکاح، پاکستانی نکاح فارم، وغیرہ کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔

## پسِ منظر(Background):

معاشرے میں موجود عدمِ برداشت، غصہ، اور آئے روز کے جھگڑوں اور طلاقوں کے واقعات کے پس پشت ازدواجی زندگی میں عدم توازن کا عنصر کارفرما ہے اسی عدم توازن کی نشاندہی کرنا اور پاکستانی معاشرے سے ان الجھتے مسائل کے خاتمے کے لیے حل پیش کرنے کے لیے اس موضوع کا انتخاب کیا گیا ہے۔

## تحقیقی خلا(Research gap)

زیرِ بحث موضوع کے متعلق جتنی بھی کتب ،مقالات اور آرٹیکل کا مطالعہ کیا گیا اُن میں مطلقاً قرآن کریم اور احادیثِ مبارکہ کے حوالہ جات کے ذریعے اس پر بحث کی گئی ہے مگر معاشرے کی بدلتی ہوئی تصویر، آزادئ حقوق نسواں کے دعویدار کے حامی کرداروں کے معاملات اس بات کے متقاضی ہیں کہ اس پر سورۃ النساء کی روشنی میں حقوق نسواں کا بیان اس انداز میں ہے جس سے اسلامی تعلیمات پر لگائے جانے والے اعتراضات کا جائزہ بھی لیا ہے۔

## موضوع کی اہمیت(Importance of the topic):

طلاق کی بڑھتی ہوئی شرح اس مسئلے کی اہمیت کو اور زیادہ اجاگر کرتی ہے کہ اس مسئلہ کے حل کے لیے کوئی قدم اٹھایا جائے۔ لہذا یہ موضوع بلاشبہ اپنی اہمیت کے حوالے سے نہایت اہم ہے جس میں عورتوں کے حقوق کا سورۃ النساء کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ چونکہ عورت کا ایک کردار بحیثیت زوجہ کے بھی ہے اور زوجین ہمارے معاشرے کا ایک اہم ستون ہیں۔

جہاں گھریلو معاملات میں عدم برداشت ان مسائل کو نہ صرف بڑھا رہی ہے بلکہ طلاق کی شرح میں اضافے کا سبب بھی ہے۔ اس سلسلے میں اس موضوع پر کام کرنے کی اشد ضرورت تھی جو ان مسائل کا سدباب کرے۔ وہاں ایک دوسرے خصوصاً حقوق نسواں میں عدم دستیابی بھی ایک وجہ بنتی رہی۔

## بیان مسئلہ(Statement of Problem)

آج ہر طرف حقوق نسواں پر بات ہو رہی ہے کہیں خواتین کی تنظیمیں تو کسی جگہ سوشل میڈیا پر شور مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ قرآن مجید کی سورہ النسا میں عورتوں کے جو حقوق بیان کئے ہیں اس حوالے سے شعور و آگاہی کے ساتھ ساتھ عملی اقدام کی اشد ضرورت ہے تاکہ ہر عورت کو اس کے حقوق اور فرائض کا اچھی طرح علم ہو سکے۔

## اختیارِ موضوع (Selection of Topic):

مذکورہ بالا موضوع ہر لحاظ سے نہایت ضروری ہے، اس کی بُنیادی وجہ یہ ہے کہ چونکہ عورت معاشرے کا بُنیادی رُکن ہے اور اس کی بُنیادی حیثیت معاشرے میں بدرجہ اُتم موجود ہے۔ عورت جب تک اپنی نجی زندگی میں پُر سکون نہیں ہو گی، بلاشبہ اُس کے بقیہ جملہ اُمورِ زندگی خرابی کی طرف چلے جاتے رہیں گے اور پریشان خیالی ہمہ وقت ذہنِ انسانی میں ڈیرہ جمائے رکھے گی۔ جب خاتونِ خانہ پُر امن ہو گی تو پوری فیملی خوشحال ہو گی اور جب ایک فیملی خوشحال ہو گی تو پورا معاشرہ امن اور ترقی کی جانب گامزن ہو گا، لہٰذا زیرِ بحث موضوع کو ذہن نشین کرتے ہوئے اور اس میں پیش کی جانے والی تحقیق کو بروئے کار لاتے ہوئے عورت اچھی اور کامیاب زندگی گزارنے کے قابل ہو سکتی ہے۔

## مقاصدِ تحقیق (Objectives):

حقوق نسواں کے حوالے سے اسلامی تعلیمات پر لگائے جانے والے اعتراضات کا سورۃ النساء کی روشنی میں جائزہ لیا گیا ہے۔ ازواجی مسائل کے حل کے لیے نہ صرف تجاویز پیش کی ہیں بلکہ خاندانی معاملات کے حل میں سورۃ النسا کے کلیدی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے حقوق نسواں کے حوالے سے غلط فہموں کا ازالہ بتایا گیا ہے۔

## تحقیقی سوالات(Research Questions):

زیرِ نظر موضوع کے تحقیقی سوالات کے اہم نکات درج ذیل ہیں:

1. عورت کے ازدواجی زندگی کے مسائل کے بارے میں سورۃ النساء کیا راہنمائی کرتی ہے؟
2. خاندانی معاملات میں سورۃ النساء کیسے راہنمائی کرتی ہے؟

## گزشتہ کام کا جائزہ (Literature review):

زیرِ بحث موضوع کا انتخاب کرتے ہوئے تحقیقی اُصولوں کو سامنے رکھا گیا ہے جس میں مختلف کتب خانوں، لائبریریوں، علمی شخصیات سے استفادہ، مختلف کتابوں سے استفادہ کیا اور مختلف مکاتبِ فکر کی کتب دیکھیں۔ جن میں عورتوں کے حقوق کو تو عمومی طور پر ذکر کیا گیا ہے جب کہ سورۃ النساء کی روشنی میں بالخصوص پاکستانی معاشرے کی خواتین کے حقوق کا ذکر زیرِ بحث نہیں لایا گیا ہے۔

1. *Women's Rights are Human Rights*
   *UNITED NATIONS PUBLICATION, ISBN 978-92-1-154206-6*

اس آرٹیکل میں اقوام متحدہ کی طرف سے عالمی سطح پر عورتوں کے حقوق پر روشنی ڈالی گئی ہے وہاں ان پر مختلف قسم کے دباو کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

2. *WOMEN EMPOWERMENT: A LITERATURE REVIEW*
   *Irshad Ahmad Reshi, Dr T. Sudha*

اس مقالہ میں WHO کے بتائے گئے ہدف کا ذکر کرتے ہوئے عورتوں کے حقوق واضح کئے ہیں۔

3. بیویوں کے درمیان عدل (مصنفہ:اُمِّ عبدِ منیب)

79صفحات پر مشتمل اس کتاب میں حقوق کاذکر کیاگیا ہے مگر عورت کے ذمہ فرائض پر گفتگو نہیں کی گئی۔

4. نیک بیوی کی صفات قرآن و حدیث کی روشنی میں (الجدیع، عبداللہ بن یوسف، مترجم: پروفیسر محمد سرور گوہر)

اس کتاب میں عورت کے حقوق بطور بیوی بیان کئے گئے ہیں۔

## منہجِ تحقیق (Research Methodology):

الف۔اس مقالہ میں منہج تحقیق تجزیاتی اختیار کیا گیا ہے۔

ب۔دورانِ تحقیق بنیادی مصادر اور ضرورت کے تحت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

ج۔ مصادر و مراجع کے حوالہ جات ہر صفحہ پر ساتھ ساتھ موجود ہیں۔

## تحقیقی دائرہ کار(Research Scope):

عورتوں کے حقوق سورت النساء کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے۔

## حوالہ جات (References):

مقالہ ہذامیں حوالہ جات کے لیے بحریہ یونیورسٹی کا مقالہ نگاری کے لیے طے کردہ خاکہ برائے حوالہ جات(Chicago Format)شکاگو استعمال کیا گیا ہے۔

## تحقیقی اخلاقیات (Research ethics):

اقتباس ذکر کرنے میں ہر عبارت کو باحوالہ ذکر کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

عربی کے اقتباسات نقل کرنے کے ساتھ ترجمہ کا اہتمام کیا گیا ہے۔

## مواد کا جمع اور تجزیہ کرنا (Data Collection and Data Analysis):

معلومات اور استدلالات کی ترتیب وتدوین میں بنیادی مصادر اور مراجع کی طرف رجوع کیا گیا ہے۔ البتہ بوقت ضرورت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

# ابواب بندی

## بابِ اوّل: تعارف، سورۃ النساء

فصلِ اوّل: سورۃ النساء کے مضامین

مبحث اول: تعارف

مبحث دوم: احکامات

فصلِ دوئم: حقوق نسواں کی اہمیت احادیث کی روشنی میں

مبحث اول: تعارف

مبحث دوم: اسلام میں عورت کے ازدواجی حقوق

## بابِ دوئم: عورت اور اُس کی ازدواجی زندگی، سورۃ النساء کی روشنی میں

فصلِ اوّل: (الف) حق نکاح

مبحث اول: تعارف

مبحث دوم: نکاح و طلاق کے مسائل

فصلِ دوئم: (ب) حق نان و نفقہ

مبحث اول: تعارف

مبحث دوم: نان و نفقہ کے مسائل و احکام

## بابِ سوئم: سورۃ النساء میں حق وراثت اور ملکیت

فصلِ اوّل: حق وراثت

مبحث اول: تعارف

مبحث دوم: میراث

فصلِ دوئم: حق ملکیت، کفالت کا حق

مبحث اول: تعارف

مبحث دوم: حق حضانت

# بابِ اوّل: تعارف، سورۃ النساء

## فصلِ اوّل: سورۃ النساء کے مضامین

### مبحث اوّل: تعارف

فصلِ ہذا میں قرآن و حدیث کی روشنی میں سورۃ النساء کے مضامین کا جائزہ لیا گیا ہے، جس میں مضامین کی بُنیادی تفصیل اور معاشرتی معاملات کو سورۃ النساء کی روشنی میں زیرِ بحث لایا گیا ہے۔ ابتداءً لفظِ نساء اور اس کے مترادف الفاظ اور اُن کے معانی کو لُغات کے ذریعے بیان کیا گیا ہے اور محقق نے خصوصی طور پر یہ کوشش کی ہے کہ قرآنی مضامین پر گہرائی سے غور و فکر کر کے اُن کا حاصلِ تفکر اپنے الفاظ میں پیش کیا جائے، مزید یہ کہ حوالہ جات ہر صفحہ کے آخر میں دیئے گئے ہیں۔

### نساء کے معانی و مترادفات کی تفصیل

لفظِ نساء کے چند مترادفات:

1۔ المرأۃ 2۔ زوجۃ

ذیل میں لفظِ نساء کے معانی و مفاہیم کو زیرِ بحث لانا مقصود ہے، اس کے ساتھ اس لفظ کے دیگر مترادفات کو بھی ذکر کیا گیا ہے تاکہ اس کے بُنیادی معانی و مفاہیم و متعلقات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے فصلِ ہذا میں اس موضوع کو گہرائی کے ساتھ سمجھنا آسان ہو۔ ذیل میں لفظِ ''نساء اور اس کے مترادفات'' کو مختلف کُتبِ لُغات سے پیش کیا جا رہا ہے۔

### نساء کے معانی و مفاہیم

اَلنِّسْوَۃُ۔ اَلنِّسَاء ۔اَ لنِّسْوَانُ۔ عورتیں۔(یہ سب الفاظ اَلْمَرْأَۃُ کی جمع ہیں۔)[1]

اَلنِّسْوَۃُ۔اَ لنِّسَاء۔اَ لنِّسْوَانُ۔ یہ سب الفاظ الْمَرْأَۃُ کی غیر لفظی جمع ہیں۔ یعنی اَلْمَرْأَۃُ کے معنی ہیں ایک عورت اور اَلنِّسَاء (وغیرہ) کے معنی ہیں بہت سی عورتیں۔ الْمَرْأَۃُ کی جمع اور اَلنِّسَاء وَالنِّسْوَۃُ والنِّسْوَانُ کا واحد ان کے مادوں سے نہیں آتا۔[2]

قرآن کریم میں نِسَاء کا لفظ اضافت کے ساتھ عام عورتوں کے علاوہ بیویوں کے لیے بھی آیا ہے مثلاً اِلٰی نِسَائِکُمْ (2:187)۔ ''تمہاری بیویاں''۔

نساء سے مراد صنفِ نازک، خاتون یا عورت کے ہیں۔ اس صفت کی وجہ سے یہ ذات کمزور، عاجز اور اکثر دوستوں پر تکیہ کرنے کی عادی ہے۔ قرآن کریم میں یہ لفظ عام عورتوں کے علاوہ بیویوں کے لیے بھی آیا ہے۔ اللہ کریم نے عورت کو نسلِ انسانی بڑھانے کا ایک ذریعہ بنایا ہے۔ اس کے بطن میں نسلیں پروان چڑھتی ہیں۔ ماں کے درجے سے کون واقف نہیں، وہ کتنی مشقتیں اُٹھا کر بچے کو اپنے جسم میں لیے پھرتی ہے، وضع حمل کی تکلیف اُٹھاتی ہے، اپنا دُودھ پلا کر اُس کی نشوونما کرتی ہے۔ اسلام نے عورتوں کی حفاظت، عزت اور تکریم کے لیے ان کے حقوق کا مکمل تحفظ فراہم کیا ہے۔

---

1۔ معلوف، لوئیس، 2009ء، المنجد، ص 891، مکتبہ قدّوسیہ، اُردو بازار لاہور

2۔ الزبیدی، محمد بن محمد بن عبدالرزاق المرتضیٰ الحسینی، 1960ء، تاج العروس من جواہر القاموس، الجزء الاربعون، ص 69، مطبوعہ حکومت الکویت

## اَلْمَرْأَۃُ کے لغوی واصطلاحی معانی

اَلْمَرْأَۃُ وَالْمَرَۃُ: عورت ج:نِسَاءٌ و نِسْوَۃٌ۔ بغیر الف لام اِمْرأَۃ۔[1]

## زَوْجَۃٌ کے معانی ومفاہیم

زَوْجٌ۔ دو چیزیں جو ایک دوسرے کے مطابق ہوں (جیسے جوتے کے دونوں پاؤں) یا ایک دوسرے کے مقابل ہوں (جیسے دن اور رات) وہ زَوْجَان کہلاتی ہیں اور ان میں سے ہر ایک، دوسرے کی زَوْجٌ ہوتی ہے۔زَوْجٌ کے اصلی معنی جوڑ کے ہیں۔ فَرْدٌ (اکیلا) کے خلاف۔ لہٰذا زَوْجٌ اس فرد کو کہتے ہیں جس کا کوئی جوڑ (یا ساتھی) ہو۔ خواہ اس کی مثل یا اس کے مقابل۔زَوَّجَ الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ کے معنی ہیں اس نے ایک چیز کو اس جیسی چیز کے ساتھ ملا دیا (باندھ دیا)۔وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ (81: 7) کے معنی ہیں جب ہر انسان اپنے ہم جماعت یا ہم مذاق کے ساتھ مل جائے گا اور وَزَوَّجْنٰہُمْ بِحُوْرٍ عِیْنٍ (44: 54) کا ترجمہ ہے انہیں خوبصورت آنکھوں والی حوریں ان کو بیاہ دیں گے ۔ساتھی بنادیا جائے گا۔اسی اعتبار سے ہر شے کے امثال و نظائر (یعنی ایک ہی قسم کی چیزوں کو) اَزْوَاجٌ کہتے ہیں۔... قرآن کریم کی رو سے ازدواجی زندگی کس قسم کی زندگی ہوتی ہے تو اس کے لیے صرف اتنا سمجھ لینا کافی ہو گا کہ تَزَوَّجَہُ النَّوْمُ کے معنی ہیں نیند آنکھوں میں گھل مل گئی۔[2]

## عورت کے معانی ومفاہیم

عَوْرَۃ: قابل پوشیدگی اعضائے جسم، ستر، ج: عَوْرَات۔[3]

### سورۃ النساء کا تعارف

سورۃ النساء مدنی ہے، اس پر تمام علماء کا اتفاق ہے، اس میں 24 رکوع ہیں اور 176 آیتیں ہیں۔ موجودہ قرآن کی ترتیب کے لحاظ سے چوتھی جبکہ ترتیب نزولی کے اعتبار سے یہ سورۃ الممتحنۃ کے بعد نازل ہوئی ہے۔ یہ سورۃ البقرۃ کے بعد سب سے بڑی سورت ہے۔

## زمانۂ نزول اور وجہ تسمیہ

سورۃ النساء کا زمانہ نزول 3ھ کے آخر سے 4ھ کے آخر یا 5ھ کے آغاز تک ہے۔شوال 3ھ میں جنگ اُحد ہوئی تھی جس میں 70 مسلمان شہید ہوئے تھے اور اس وقت ان مسلمانوں کی وراثت اور ان کے یتیم بچوں کی کفالت کا مسئلہ پیدا ہوا تھا اس لیے مسلمانوں کی وراثت اور ان کے یتیم بچوں کی کفالت سے متعلق آیات اس موقع پر نازل ہوئیں۔ صلاۃ الخوف غزوہ ذات الرقاع میں ادا ہوئی اور یہ واقعہ 4ھ میں پیش آیا تھا۔

كانت ام المؤمنين عائشة رضى الله عنها ...وما نزلت سورة البقرة والنساء الا وأنا عنده... الخ[4]

امام بخاری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ سورۃ البقرۃ اور سورۃ النساء جب نازل ہوئیں تو میں حضور کے پاس تھی۔

اس سورت میں عورتوں کے احکام بہ کثرت بیان کئے گئے ہیں۔اس وجہ سے اس سورت کا نام سورۃ النساء ہے۔

---

1۔ کیرانوی، وحید الزمان قاسمی، مولانا، جون 2001ء، القاموس الوحید، ص1536، ادارہ اسلامیات، لاہور

2۔ الزبیدی، محمد بن محمد بن عبد الرزاق المرتضیٰ الحسینی، 1960ء، تاج العروس من جواہر القاموس، الجزء السادس، ص23، مطبوعہ حکومت الکویت

3۔ کیرانوی، وحید الزمان قاسمی، مولانا، جون 1990ء، القاموس الجدید، ص648، ادارہ اسلامیات، لاہور

4۔ سعیدی، غلام رسول، علامہ، ستمبر 2013ء، نعم الباری فی شرح صحیح البخاری، کتاب فضائل القرآن، باب تألیف القرآن، ج9، ص114، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، کراچی

## سورۃالنساء کی فضیلت

امام احمد نے مع تصحیح اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بیان کیا ہے کہ جس نے ان 7 سورتوں کو یاد کر لیا ہے وہ بہت بڑا علم رکھتا ہے۔(ان میں سورۃ النساء بھی ہے)[1]

قرآن مجید کی پہلی سات بڑی سورتوں کو السبع الطوال کہتے ہیں وہ یہ ہیں:

سورۃ البقرۃ، سورۃ آل عمران، سورۃ النساء، سورۃ المائدۃ، سورۃ الانعام، سورۃ الاعراف، سورۃ الانفال اور جن سورتوں میں ایک سو یا اس سے زیادہ آیتیں ہوں ان کو مئین کہتے ہیں اور جن سورتوں میں ایک سو سے کم آیتیں ہوں ان کو مثانی کہتے ہیں اور مثانی کے بعد مفصل ہیں۔ سورۃ الحجرات سے سورۃ البروج تک کی سورتوں کو طوال مفصل کہتے ہیں۔ سورۃ البروج سے سورۃ البینۃ تک اوساط مفصل ہیں اور سورۃ البینۃ سے لے کر آخر قرآن تک قصار مفصل ہیں۔[2]

## سورۃالنساء کے مضامین کا تفصیلی جائزہ

سورۃ النساء میں زندگی کو بصورتِ احسن گزارنے کے لیے متعدد احکامات نازل فرمائے گئے، جن کو تفصیلاً ذکر کرنا مقصود ہے، ذیل میں آیات کے حوالے سے تفصیل کو بیان کیا گیا ہے۔

1۔ رشتہ داروں سے حسن سلوک، یتیموں کے حقوق کی ادائیگی اور تعددِ ازدواج کی اجازت

يٰأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا...وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا[3]

## تعددِ ازواج کی اجازت

**سورۃ النساء کی ابتدائی آیاتِ مبارکہ میں تعددِ ازواج کا ذکر کیا گیا، اُن آیات کے مطالعہ سے محقق کو درج ذیل نکات حاصل ہوئے:**

اسلام دنیا بھر کے افراد کے لئے ایک مکمل دین ہے جو ان کی روزمرہ زندگی کے تمام پہلوؤں کو عدل اور احترام کی نظر دیکھتا ہے۔ اسلام میں شادی کو اور زندگی کا سب سے اہم جزو مانا جاتا ہے۔ تعدد ازدواج یعنی ایک شخص کا ایک سے زیادہ خواتین سے شادی کرنا۔ اسلام تعلیمات میں اس موضوع کو نہایت گہرائی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں بھی تعدد ازدواج کی اجازت موجود ہے۔

**قرآن وسنت کی روشنی میں تعدد ازدواج کی اجازت کے چند اہم نکات درج ذیل ہیں:**

1. قرآن وسنت میں تعدد ازدواج کی اجازت کے ساتھ ساتھ عدل اور انصاف کو قائم رکھنا بھی نہایت ضروری امر ہے۔ ایک شخص جو چار نکاح کرتا ہے، اپنی تمام بیویوں کے درمیان انصاف پسند ہونا اور ان کو ان کے حقوق دینا ضروری امر قرار دیا گیا ہے۔
2. ایک سے زیادہ شادی کے لیے اجازت ذاتی مسئلہ ہوتی ہے اور ایک شخص کے لیے حسبِ موقع پیش آنے والے معاملات اور معاشرتی ضروریات پر منحصر ہوتی ہیں۔
3. ایک سے زیادہ نکاح کرنے کی صورت میں پہلی بیوی کی رضامندی بھی نہایت اہمیت رکھتی ہے۔

---

1۔ سعیدی، غلام رسول، علامہ، جنوری 2009ء، تبیان القرآن، ج 2، ص 541، فرید بک سٹال، لاہور

2۔ سعیدی، غلام رسول، علامہ، جنوری 2009ء، تبیان القرآن، ج 2، ص 542، فرید بک سٹال، لاہور

3۔ سورۃ سورہ النساء: 4:1تا6

4. ایک شخص جو ایک سے زیادہ نکاح کرتا ہے، اس کو اپنے معاشرتی معیار اور ذمہ داری کو پوری کرنے کی پوری کوشش کرنا لازمی امر ہے تاکہ اس کے تمام رشتے احسن طریقے سے زندگی گزار سکیں۔
5. اسلام میں تعدد ازدواج کی اجازت مختلف معاشروں اور معاشرتی معیاروں کے تحت مختلف ہوتی ہے، ایک شخص کو اپنی عزت اور شرافت کو محفوظ رکھنے کی ہمہ وقت جدوجہد کرنی لازمی امر ہے۔
6. الغرض، ایک سے زائد نکاح کرنے کی اجازت قرآن و سنت میں موجود ہے، لیکن تعدد ازدواج کی صورت میں عدل، انصاف، اور معاشرتی معیاروں کی پابندی لازمی قرار دی گئی ہے تاکہ تمام افراد کے حقوق اور معاشرتی اقدار محفوظ رہ سکیں۔(اس موضوع کو باب دوئم، فصلِ اوّل ''حقِ نکاح'' میں تفصیلاً بیان کیا گیا ہے۔

## وراثت کے احکام

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿7﴾ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿8﴾ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿9﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿10﴾ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿11﴾ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ؕ ﴿12﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿13﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿14﴾

ترجمہ: مردوں کے لئے اس (مال) میں سے (وراثت کا) حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتے دار چھوڑ گئے اور عورتوں کے لئے اس میں سے حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتے دار چھوڑ گئے، مال وراثت تھوڑا ہو یا زیادہ۔ (اللہ نے یہ) مقرر حصہ (بنایا ہے۔) اور جب تقسیم کرتے وقت رشتہ دار اور یتیم اور مسکین آجائیں تو اس مال میں سے انہیں بھی کچھ دیدو اور ان سے اچھی بات کہو۔ اور وہ لوگ ڈریں جو اگر اپنے پیچھے کمزور اولاد چھوڑتے تو ان کے بارے میں کیسے اندیشوں کا شکار ہوتے۔ تو انہیں چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور درست بات کہیں۔ بیشک وہ لوگ جو ظلم کرتے ہوئے یتیموں کا مال کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں بالکل آگ بھرتے ہیں اور عنقریب یہ لوگ بھڑکتی ہوئی آگ میں جائیں گے۔ اللہ تمہیں تمہاری اولاد کے بارے میں حکم دیتا ہے، بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے برابر ہے پھر اگر صرف لڑکیاں ہوں اگرچہ دو سے اوپر تو ان کے لئے ترکے کا دو تہائی حصہ ہوگا اور اگر ایک لڑکی ہو تو اس کے لئے آدھا حصہ ہے اور اگر میت کی اولاد ہو تو میت کے ماں باپ میں سے ہر ایک کے لئے ترکے سے چھٹا حصہ ہوگا پھر اگر میت کی اولاد نہ ہو اور ماں باپ چھوڑے تو ماں کے لئے تہائی حصہ ہے پھر اگر اس (میت) کے کئی بہن بھائی ہوں تو ماں کا چھٹا حصہ ہوگا، (یہ سب احکام) اس وصیت (کو پورا کرنے) کے بعد (ہوں گے) جو وہ (فوت ہونے والا) کر گیا اور قرض (کی ادائیگی) کے بعد (ہوں گے۔) تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تمہیں معلوم نہیں کہ ان میں کون تمہیں زیادہ نفع دے گا، (یہ) اللہ کی طرف سے مقرر کردہ حصہ ہے۔ بیشک اللہ بڑے علم والا، حکمت والا ہے۔ اور تمہاری بیویاں جو (مال) چھوڑ جائیں اگر ان کی اولاد نہ ہو تو اس میں سے تمہارے لئے آدھا حصہ ہے، پھر اگر ان کی اولاد ہو تو ان کے ترکہ میں سے تمہارے لئے چوتھائی حصہ ہے۔ (یہ حصے) اس وصیت کے بعد (ہوں گے) جو انہوں نے کی ہو اور قرض (کی ادائیگی) کے بعد (ہوں گے) اور اگر تمہارے اولاد نہ ہو تو تمہارے ترکہ میں سے عورتوں کے لئے چوتھائی حصہ ہے، پھر اگر تمہارے اولاد ہو تو ان کا تمہارے ترکہ میں سے آٹھواں حصہ ہے (یہ حصے) اس وصیت کے بعد (ہوں گے) جو وصیت تم کر جاؤ اور قرض (کی ادائیگی) کے بعد (ہوں گے۔) اور اگر کسی ایسے مرد یا عورت کا ترکہ تقسیم کیا جانا ہو جس نے ماں باپ اور اولاد (میں سے) کوئی نہ چھوڑا اور (صرف) ماں کی طرف سے اس کا ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو ان میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ ہوگا پھر اگر وہ (ماں کی طرف والے) بہن بھائی ایک سے زیادہ ہوں تو سب تہائی میں شریک ہوں گے (یہ دونوں صورتیں بھی) میت کی اس وصیت اور قرض (کی ادائیگی) کے بعد ہوں گی جس (وصیت) میں اس نے (ورثاء کو) نقصان نہ پہنچایا ہو۔ یہ اللہ کی طرف سے حکم ہے اور اللہ بڑے علم والا، بڑے حلم والا ہے۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرے تو اللہ اسے جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی (تمام) حدوں سے گزر جائے تو اللہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں (وہ) ہمیشہ رہے گا اور اس کے لئے رسوا کن عذاب ہے۔

## نکات:

1۔ دینِ اسلام میں وراثت ایک اہم جزو ہے۔ قرآن و سنت میں اس کے احکام نہایت واضح طریقے سے بیان کئے گئے ہیں۔ وراثت کے مسائل اہم معاشرتی، اخلاقی اور حقوق کے اعتبار سے دیکھنا بھی نہایت ضروری قرار دیا گیا ہے۔ یہاں وراثت کے کچھ اہم احکام ذکر کرنا نہایت ناگزیر ہے:

2۔ قرآن و سنت میں وراثت کے بنیادی حق کو نہایت اہمیت کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ قرآن مجید (سورۃ النساء) میں اللہ کی طرف سے وراثت کے بنیادی احکام بیان کئے گئے ہیں اور ورثاء کو ان کے حقوق ادا کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

3۔ وراثت کا نصاب قرآن میں مخصوص طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ عموماً وراثت کے نصاب کا تعین وارثین کی تعداد پر منحصر ہوتا ہے جو کہ قرآن و سنت میں بیان کردہ شرعی قوانین کے مطابق ہوتا ہے۔

4۔ وراثت کے حصول کے بعد، ورثہ کی تقسیم کو شرعی احکامات کی روشنی میں تقسیم کرنا لازمی امر ہے۔ قرآن و سنت میں تقسیم کا طریقہ کار اور قوانین کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

5۔ قرآن و سنت میں وراثت کی تقسیم میں عدل اور انصاف کا پورا خیال رکھا گیا ہے۔ قرآن و سنت میں بیان کردہ احکامات کی روشنی میں وراثت کو تقسیم کرنے سے کوئی ظلم یا ناانصافی باقی نہیں رہتی۔

6۔ قرآن و سنت میں وراثت کی تقسیم کی ترتیب کا بھی تعین کیا گیا ہے۔ مختلف رشتہ داروں کے وراثت میں حصے کے تعین کو بھی نہایت باریک بینی سے بیان کیا گیا ہے۔

7۔ قرآن و سنت میں وراثت کی تقسیم میں غائب وراثت کا بھی خصوصی طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ اگر کوئی وارث معذور ہو یا غائب ہو تو اس کی وراثت کا تعین انصاف کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

8۔ وراثت کے بعد شرعی احکامات کے مطابق صدقات اور وصیت کردہ وراثت کی بھی اجازت دی گئی ہے۔

9۔ قرآن و سنت میں وراثت کے اصولی احکام شریعت کے مطابق ہیں اور ان کا ادا کرنا تمام مسلمانوں کیلئے اہم فریضہ ہے۔ ان اصولوں کو انصاف اور اخلاق کے ساتھ بروئے کار لانا اور ورثاء کے حقوق کو اچھی طرح ادا کرنا وراثت کی اہمیت کو مزید دوبالا کرتا ہے۔ (بابِ سوئم، فصلِ اوّل "حقِ وراثت" میں اسلام وراثت کے حقوق اور احکام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔)

**آیاتِ قرآنیہ سے حاصل ہونے والے نکات کے متعلق رسول رحمت ﷺ کی حدیثِ مبارکہ میں یوں بیان کیا گیا:**

حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ نبی مکرم ﷺ نے فرمایا:

اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَلِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ۔[1]

"فرائض، اہلِ فرائض کو لاحق کردو۔ اس کے بعد جو ترکہ باقی بچے وہ میت کے سب سے قریب مرد کو دے دو۔"

---

1۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، س ن، الصحیح المسلم، کتاب الفرائض، باب الحقوا الفرائض باھلھا فما بقی فلأولی رجل ذکر، 1233:3، رقم: 1615، بیروت، لبنان، دار احیاء التراث

### مبحث دوم: احکامات

### معاشرہ سے فحاشی اور بے حیائی ختم کرنے کے ابتدائی احکام

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَالّٰتِیۡ یَاۡتِیۡنَ الۡفَاحِشَۃَ مِنۡ نِّسَآئِکُمۡ فَاسۡتَشۡہِدُوۡا عَلَیۡہِنَّ اَرۡبَعَۃً مِّنۡکُمۡ ۚ
فَاِنۡ شَہِدُوۡا فَاَمۡسِکُوۡہُنَّ فِی الۡبُیُوۡتِ حَتّٰی یَتَوَفّٰہُنَّ الۡمَوۡتُ اَوۡ یَجۡعَلَ اللّٰہُ
لَہُنَّ سَبِیۡلًا(15)[1]

ترجمہ: اور تمہاری عورتوں میں جو بدکاری کریں ان پر خاص اپنے میں کے چار مردوں کی گواہی لو پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو ان عورتوں کو گھر میں بند رکھو یہاں تک کہ انہیں موت اٹھالے یا اللہ ان کی کچھ راہ نکالے۔

### معاشرہ سے فحاشی اور بے حیائی کے خاتمے کیلئے نکات:

1۔ سورۃ النساء میں بیان کئے گئے احکامات ایک مضبوط معاشرے کو سالم، پاک، بے حیائی اور برائی سے بچانے اور امن کا گہوارہ بنانے کے لئے اہم اصول وضوابط فراہم کرتے ہیں۔ اس سورۃ میں مختلف اُمور کے متعلق نہایت واضح احکامات ذکر کئے گئے ہیں جو معاشرے کو بے حیائی اور برائی سے بچانے کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔

2۔ سورۃ النساء میں واضح طور پر زنا کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ اس آیت کے تحت، زنا کو روکنے کیلئے متعلقہ رشتوں میں شرم وحیاء کی پاسداری کی جاتی ہے اور نکاح کو پسندیدہ طریقہ قرار دیا گیا ہے۔

3۔ قرآن وسنت میں شرم وحیا اختیار کرنے کی عادت کو نہایت احسن الفاظ میں بیان کیا گیا ہے، اور عورتوں کو اپنی زیب وزینت کو ظاہر نہ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے تاکہ بے حیائی سے بچا جاسکے۔

4۔ ایک عورت سے شادی کرنے کو احسن طریقہ بیان کیا گیا ہے اس لیے کہ اس سے برائی اور بے حیائی سے بچا جاسکتا ہے۔

5۔ مسلمانوں کو تشدد اور برائی سے بچنے کیلئے نہایت واضح احکامات بتائے گئے ہیں۔

6۔ بے حیائی کے برابر شہرت کا نفاذ کرنے سے روکا گیا ہے تاکہ معاشرے میں بے حیائی کو پروان چڑھنے سے روکا جاسکے۔

7۔ سورۃ النساء کی روشنی میں معاشرے کو بے حیائی اور برائی سے بچانے کی راہ میں مختلف تدابیر اور پابندیاں ذکر کی گئی ہیں تاکہ ایک باوقار اور اخلاقی اقدار پر مشتمل معاشرہ تشکیل دیا جاسکے۔ ان احکامات کو بروئے کار لانے سے معاشرہ پاک اور نیک نیتی پر مبنی معاشرہ بنایا جاسکتا ہے جو بے حیائی اور برائی کی روک تھام میں معاونت فراہم کرتا ہے۔

### کن عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے اور کن سے ناجائز؟

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

---

1۔ سورہ النساء: 15 تا 4:18

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَ لَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَ عَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْــًٔا وَّ يَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا (19)[1]

ترجمہ: اے ایمان والو تمہیں حلال نہیں کہ عورتوں کے وارث بن جاؤ زبردستی اور عورتوں کو روکو نہیں اس نیت سے کہ جو مہر ان کو دیا تھا اس میں سے کچھ لے لو مگر اس صورت میں کہ صریح بے حیائی کا کام کریں اور ان سے اچھا برتاؤ کرو پھر اگر وہ تمہیں پسند نہ آئیں تو قریب ہے کہ کوئی چیز تمہیں ناپسند ہو اور اللہ اس میں بہت بھلائی رکھے۔

## محرماتِ رضاعت

جو رشتے نسب کے سبب حرمت والے قرار پاتے ہیں وہ رضاعت (دودھ پینے) کی وجہ سے بھی حرمت بن جاتے ہیں۔

رضاعت والے رشتے جیسے ماں، بیٹی، بہن، پھوپھی، خالہ، بھتیجی اور بھانجی سے بھی نکاح ممکن نہیں بشرطیکہ دودھ چھڑانے کی مدت (اڑھائی سال) سے پہلے دودھ پلایا گیا ہو۔

## حرمتِ مصاہرت

☆ بیوی کی ماں (ساس)

☆ بیوی کی پہلے شوہر سے بیٹی، لیکن ضروری ہے کہ بیوی سے صحبت کر چکا ہو۔

☆ بیٹے کی بیوی (بہو) (یعنی اگر بیٹا اپنی بیوی کو طلاق دے دے یا مر جائے تو باپ بیٹے کی بیوی سے شادی نہیں کر سکتا)۔

☆ دو بہنوں کو ایک ساتھ نکاح میں رکھنا۔ (اسی طرح خالہ اور اسکی بھانجی، پھوپھی اور اسکی بھتیجی کو ایک ساتھ نکاح میں رکھنا منع ہے)۔

☆ اس کے علاوہ کسی دوسرے شخص کے نکاح میں موجود عام عورت سے بھی نکاح حرام ہے۔

درج بالا محرمات میں سے کچھ حرمتیں دائمی ہیں اور کچھ عارضی' جیسے بیوی کے انتقال یا طلاق کے بعد بیوی کی بہن (سالی)، اسکی خالہ، اسکی بھانجی، اسکی پھوپھی یا اسکی بھتیجی سے نکاح کیا جا سکتا ہے۔ چاچی اور ممانی اگر درج بالا محرمات میں سے کسی محرم رشتے میں نہیں ہیں تو محرم نہیں ہیں، ماموں یا چچا کے انتقال یا ان کے طلاق دینے کے بعد ممانی اور چاچی کے ساتھ نکاح کیا جا سکتا ہے۔

مذکورہ بالا آیاتِ قرآنیہ سے حاصل ہونے والے نکات کے متعلق رسول مکرم ﷺ کی حدیثِ مبارکہ میں یوں ذکر کیا گیا:

حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا:

"يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ"[2]

"رضاعت سے وہ (رشتے) حرام ہو جاتے ہیں جو ولادت سے حرام ہوتے ہیں

---

1۔ سورہ النساء: 4:19تا25

2۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، صحیح المسلم، کتاب الرضاعۃ، باب یحرم من الرضاعۃ ما یحرم من الولادۃ، رقم الحدیث: 3569، ص 613، ریاض، دار السلام

حضرت ابوہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"لا یجمع بین المرأة وعمتها، ولا بین المرأة و خالتها"[1]

آپ ﷺ نے منع فرمایا کہ کوئی شخص کسی عورت اور اس کی پھوپھی کو اور کسی عورت اور اس کی خالہ کو (اپنے نکاح میں ایک ساتھ) جمع کرے۔

## اعمالِ صالحہ اور توبہ کی تلقین

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿يُرِيدُ اللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ﴾[2]

ترجمہ: خدا چاہتا ہے کہ (اپنی آیتیں) تم سے کھول کھول کر بیان فرمائے اور تم کو اگلے لوگوں کے طریقے بتائے اور تم پر مہربانی کرے اور خدا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے

**سورۃ النساء کی مذکورہ بالا آیت نمبر 26 تا آیت نمبر 31 کے مطالعہ کے دوران محقق کو درج ذیل نکات حاصل ہوئے، جن میں اعمالِ صالحہ اور توبہ کی تلقین نمایاں ہیں:**

توبہ اور صالحہ اعمال کا ذکر قرآن مجید کی کئی سورتوں میں آیا ہے، لیکن سورۃ النساء میں خصوصی طور پر مذکورہ بالا موضوع ذکر کیا گیا ہے۔ اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں اعمال کرنے اور توبہ کرنے کی اہمیت کی تلقین کی گئی ہے۔

## اعمالِ صالحہ کی اہمیت

اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء کی ابتدائی آیتوں میں ایک اہم پیغام دیا ہے جو صالحہ اعمال کی اہمیت پر زور دیتا ہے:

''مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا''[3]

یعنی ''جو شخص برائی کا عمل کرے، وہ اس سے سزا پائے گا اور وہ کسی کو اللہ کے سوا حمایتی اور مددگار نہیں پائے گا۔''

اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اعمال کتنا مرتبہ و مقام رکھتے ہیں اور نیک اعمال کرنے والوں کو ان کے اعمال کی جزا دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔

## توبہ کی اہمیت

اسی طرح مزید ایک آیت میں توبہ کی اہمیت کو یوں بیان کیا گیا ہے:

---

1۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب النکاح، باب تحریم الجمع بین المرأة و عمتها أو خالتها فی النکاح، رقم الحدیث: 3439، ص 592، ریاض، دارالسلام

2۔ سورہ سورہ النساء: 31 تا 4:26

3۔ سورہ سورہ النساء: 4:85

إِنَّ للّٰہَ لَا یَغْفِرُ أَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدِ افْتَرٰٓی إِثْمًا عَظِیْمًا[1]

یعنی ''بیشک اللہ تعالیٰ اس شخص کی مغفرت نہیں فرماتا جو اس کے ساتھ شریک ٹھہرائے اور اس کے علاوہ بخش دیا ہے جو کوئی چاہے اور جو کوئی اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے پس تحقیق وہ ایک بڑے گناہ کا افتراء باندھتا ہے۔''

اس آیت مبارکہ سے پتہ چلتا ہے کہ شرک کے علاوہ تمام گناہوں کی معافی مل سکتی ہے، جبکہ شرک معاف نہیں کیا جائے گا۔ اس لیے کہ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔

## اعمال صالحہ اور توبہ کا تعلق

سورۃ النساء کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اعمال صالحہ اور توبہ کرنے والوں کو اپنی رحمت سے نوازتا ہے۔

''إِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ أَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ''[2]

''بیشک اللہ اس شخص کی مغفرت نہیں فرماتا جو اس کے ساتھ شریک ٹھہرائے اور اس کے علاوہ بخش دیا ہے جو کوئی چاہے۔''

اس آیت کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ شرک کے علاوہ ہر طرح کے گناہ کی بخش اور مغفرت ممکن ہے۔ توبہ کر کے اللہ کی رحمت کی طرف رجوع کرنے سے مغفرت حاصل ہوتی ہے۔

امام ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے سدی سے آیت کی یہ تفسیر نقل کی ہے:

أمّا أَكلِهم أَموالَهم بَينَهُم بِالبَاطِل، فَبالرِبا وَالقُمَارِ وَالنّجْسِ وَالظُّلمِ، اِلّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً، لِيَرْبِحَ فِي الدِّرَهَمِ أَلفًا اِن استَطَاعَ۔[3]

کہ ان کا باہم باطل طریقہ سے مال کھانے کا مطلب یہ ہے بدکاری کرنا، جوا کھیلنا، کمی کرنا اور ظلم کرنا مگر تجارت کی صورت میں اگر طاقت رکھتے ہو تو ایک درہم کو ہزار بڑھالو۔

حدیث مبارکہ میں یوں بیان کیا گیا ہے:

عَن عَبدِ اللهِ بنِ عَمْرو قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللهِ ﷺ الرَّاشِي وَالمُرْتَشِي۔[4]

حضرت عبداللہ بن عمرو بتاتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رشوت پیش کرنے والے اور رشوت وصول کرنے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

## عائلی اور معاشرتی احکام

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَ لَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا وَ لِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ وَ سْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ

1۔ سورہ سورہ النساء: 4:48

2۔ سورہ سورہ النساء: 4:48

3۔ طبری، ابن جریر، 2001ء، تفسیر طبری، زیر آیت 29، جلد 6، ص 626، ہجرہ القاھرۃ

4۔ البیہقی، ابی بکر احمد بن الحسین، امام، س ن، السنن الکبریٰ، مترجم: حافظ ثناء اللہ، ج 12، ص 329، مکتبہ رحمانیہ، لاہور

عَلِيْمًا(32) وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۗ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ
اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا (33) اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ
عَلَي النِّسَاۗءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰي بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ فَالصّٰلِحٰتُ
قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ
فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا
كَبِيْرًا (34) وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ
يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا (35) ۞ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا
تُشْرِكُوْا بِهٖ شَـيْـــًٔـا ۚ وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰي وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ
ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَـنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا (36) ۨالَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ
النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا
مُّهِيْنًا (37) وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَاۗءَ قَرِيْنًا(38) وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا(39) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ
مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا(40) [1]

ترجمہ: اور تمنا نہ کیا کرو اس شے کی جس کے ذریعے سے اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دے دی ہے مردوں کے لیے حصہ ہے اس میں سے جو وہ کمائیں گے اور عورتوں کے لیے حصہ ہے اس میں سے جو وہ کمائیں گی اور اللہ سے اس کا فضل طلب کرو یقیناً اللہ تعالیٰ ہر شے کا علم رکھتا ہے۔ اور اللہ ہی کی بندگی کرو اور کسی چیز کو بھی اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو اور قرابت داروں یتیموں اور محتاجوں کے ساتھ اور قرابت دار ہمسائے اور اجنبی ہمسائے کے ساتھ اور ہم نشین ساتھی اور مسافر کے ساتھ اور وہ لونڈی غلام جو تمہارے ملک یمین ہیں (ان کے ساتھ بھی نیک سلوک کرو) اللہ بالکل پسند نہیں کرتا ان لوگوں کو جو شیخی خورے اور اکڑنے والے ہوں۔ جو خود بھی بخل کرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو بھی بخل کا مشورہ دیتے ہیں اور وہ چھپاتے ہیں اس کو جو اللہ نے انہیں اپنے فضل میں سے دیا ہے اور ایسے ناشکروں کے لیے ہم نے بڑا اہانت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور وہ لوگ (بھی اللہ کو ناپسند ہیں) جو اپنے مال خرچ کرتے ہیں لوگوں کو دکھانے کے لیے اور وہ حقیقت میں ایمان نہیں رکھتے نہ اللہ پر نہ یوم آخر پر (ایسے لوگ گویا شیطان کے ساتھی ہیں) اور جس کا ساتھی شیطان ہو جائے تو وہ بہت ہی برا ساتھی ہے۔ ان لوگوں پر کیا آفت آجاتی اگر یہ اللہ اور یوم آخر پر (صدقِ دل سے) ایمان لے آتے اور خرچ کرتے (کھلے دل کے ساتھ) اس میں سے جو اللہ نے انہیں دیا ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے اچھی طرح واقف ہے۔ یقیناً

1۔ سورہ سورہ النساء:40تا4:32

اللہ کسی پر ذرّے کے ہم وزن بھی ظلم نہیں کرے گا اگر ایک نیکی ہو گی تو اس کو کئی گنا بڑھائے گا اور خاص اپنے خزانۂ فضل سے مزید بہت بڑا اجر دے گا۔

### عائلی اور معاشرتی احکام کے متعلق نکات:

1۔اس سورۃ میں عائلی اور معاشرتی احکام کو نہایت تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔اس سورۃ میں عورتوں کے حقوق اور فرائض، تعلیم کی اہمیت، شادی کے احکام، خواتین کے حصص کی تقسیم، عورتوں کی حفاظت، انصاف اور احکامِ معاشرت ذکر کئے گئے ہیں۔

2۔اس سورۃ میں عورتوں کے حقوق اور فرائض کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے، جیسا کہ اپنے مال کی حفاظت کرنا اور اپنے خاندان کے لیے خرچ کرنا وغیرہ۔

3۔ سورۃ النساء میں شادی کے احکام ذکر کئے گئے ہیں۔ معاشرتی نظام کے تحت نکاح کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے مزید یہ کہ تعدد ازواج اور اس کے متعلق شرائط ذکر کی گئی ہیں۔

4۔ سورۃ النساء میں میراث کے احکام بھی ذکر کئے گئے ہیں، جو خواتین کو مال کی حصص کی تقسیم کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

5۔ سورۃ النساء میں عورتوں کی حفاظت اور ان کے احترام کے متعلق فضائل بیان کیے گئے ہیں، اور ان کے ساتھ نیک سلوک کرنے کی طرف راغب کیا گیا ہے۔

6۔ سورۃ النساء میں انصاف کے اصول اور معاشرت کے احکام کی تشریح بھی کی گئی ہے اور انصاف پر قائم معاشرے کی بنیاد رکھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

7۔اس سورۃ کا مضمون اسلامی تعلیمات اور اجتماعی اقدار کو سمجھنے اور عام زندگی میں عمل پیرا ہونے کی دعوت دیتا ہے۔ سورۃ میں بیان کئے گئے اصول وضوابط پر عمل پیرا ہونے سے عدل وانصاف سے بھرپور معاشرہ تشکیل دیا جاسکتا ہے۔ جس کے نتیجے میں معاشرتی امن وسکون کو قائم کیا جاسکتا ہے۔

### سورۃ النساء کے مضامین کا خلاصہ

1۔ رشتہ داروں سے حسن سلوک، یتیموں کے حقوق کی ادائیگی اور تعددِ ازدواج کی اجازت۔(سورۃ النساء: آیت نمبر 1تا6)

2۔ وراثت کے احکام (سورۃ النساء: آیت نمبر 7تا14)

3۔ معاشرہ سے فحاشی اور بے حیائی ختم کرنے کے ابتدائی احکام (سورۃ النساء: آیت نمبر 15تا18)

4۔ کن عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے اور کن سے ناجائز۔(سورۃ النساء: آیت نمبر 19تا25)

5۔اعمالِ صالحہ اور توبہ کی تلقین، مسلمان کا مال ناحق کھانے اور مسلمانوں کو قتل کرنے کی ممانعت۔ (سورۃ النساء: آیت نمبر 26تا31)

6۔عائلی اور معاشرتی احکام، والدین اور رشتہ داروں سے حسن سلوک کا بیان اور بخل کی مذمت۔(سورۃ النساء: آیت نمبر 32تا40)

7۔ایمان اور اعمالِ صالحہ کی نصیحت، یہودیوں کی سازشوں کا انکار اور مسلمانوں کو متنبہ کرنا۔ (سورۃ النساء: آیت نمبر 41تا59)

8۔ منافقین کو سرزنش، جہاد کی تلقین، دار الحرب میں گھرے ہوئے مسلمانوں کے احکام، مسلمانوں کو منافقوں سے متنبہ کرنا۔(النساء: 60تا126)

9۔ یتیموں سے متعلق احکام کی تفصیل، منافقوں کی ریشہ دوانیوں سے بچنے کی مسلمانوں کو نصیحت۔(سورۃالنساء:آیت نمبر127تا176)

اس سورت میں اور اسی طرح قرآن مجید کی باقی سورتوں میں صرف فقہی اور شرعی احکام نہیں ہیں بلکہ شرعی احکام کے ساتھ دعوت وتذکیر کا سلسلہ بھی ہے۔[1]

## حاصلِ مطالعہ

فصلِ ہذا میں بیان کردہ حقائق کی روشنی میں محقق کو سورۃالنساء کے مضامین درج ذیل نکات کی صورت میں حاصل ہوئے:

1۔ سورۃالنساء میں یتیموں کی حفاظت، ان کے مال کی حفاظت اور ان کے حقوق کی پابندی کے متعلق ذکر کیا گیا ہے تاکہ وہ معاشرے میں عزت واحترام کے ساتھ رہ سکیں۔

2۔ سورۃالنساء میں خواتین کے حقوق اور ان کی حفاظت کا ذکر کیا گیا ہے۔خواتین کے حقوق کی پابندی اور ان کی حفاظت کرنے کا بیان کیا گیا ہے۔

3۔اس سورۃ میں ایمان کی پختگی اور اخوتِ ایمانی کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔ مسلمانوں کو اپنے مومن بھائیوں اور بہنوں کی حفاظت کرنے اور ان کی مدد کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔

4۔ سورۃالنساء میں منافقوں کی ریشہ دوانیوں سے بچنے اور ان کی پہچان کو بیان کیا گیا ہے۔ان کے طریقے اور منافقوں کی دغابازیوں سے بچنے کی راہنمائی کی گئی ہے۔

5۔ سورۃالنساء میں توبہ کرنے کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔اگر کوئی شخص اپنے گناہوں کا اعتراف کر کے تائب ہوتا ہے تو رب رحمن اسے معاف دیتا ہے۔

6۔اس سورۃ میں اسلام کے متعلق بنیادی احکامات کو بیان کیا گیا ہے۔ایمان کے بنیادی احکامات کو ماننے اور اُن پر عمل پیرا ہونے کی طرف دعوت دی گئی ہے۔

7۔ سورۃالنساء میں انسانوں کو ایمان کی پختگی، حقوق کی پابندی، اخوتِ ایمانی کی پاسداری، توبہ کی اہمیت اور دینی بنیادی معاملات کی ضرورت کی راہنمائی کرتی ہے۔ یہ سورۃ انسانوں کو نیک عملوں اور ایمان کی بنیاد پر زندگی گزارنے کی تاکید کرتی ہے تاکہ ان کی زندگی بہتر اور انسانی طریقے سے گزر سکے۔

1۔ سعیدی، غلام رسول، علامہ، جنوری2009ء، تبیان القرآن، ج2، ص543، فرید بک سٹال، لاہور

## بابِ اوّل: تعارف، سورۃ النساء
## فصلِ دوئم: حقوقِ نسواں کی اہمیت، احادیث کی روشنی میں

### مبحث اول: تعارف

فصلِ ہذا میں عورتوں کے حقوق کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے یہ واضح کیا جارہا ہے کہ عورت کو اللہ تعالیٰ نے بہت بلند مقام عطا فرمایا ہے، مختلف کرداروں کے اعتبار سے عورت کو ہمیشہ عزت واحترام کی نظر دیکھا جانا چاہیے جب کہ صورتِ حال اس سے یکسر مختلف ہے۔ فصلِ ہذا میں حقوقِ نسواں کی اہمیت کو بصورتِ احسن واضح کرنے کے لیے موضوعِ مذکورہ بالا کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جو کہ یہ ہیں:

1۔اسلام سے قبل اور موجودہ معاشرے میں عورت کا مقام

2۔اسلام کی نظر میں عورت کا مقام

ان دو اعتبارات سے عورت کے مقام کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس سے قبل ہمارے ذہنوں میں یہ بات راسخ ہے کہ اسلام سے قبل تو عورتوں کی عزت و تکریم کا لحاظ نہیں رکھا جاتا تھا جبکہ اسلام نے عورتوں کو ہر اعتبار سے عزت و احترام سے نوازا ہے۔ جبکہ موجودہ معاشرے میں عورتوں کے ساتھ وہی سلوک اور روایات قائم ہیں جو کہ قبل از اسلام عورتوں کے ساتھ روا رکھی جاتی تھیں۔ ہم بحیثیت مسلمان عورتوں کے ساتھ عزت واحترام والا سلوک روا رکھنے کے قائل تو ہیں مگر بحیثیت مجموعی عملی طور پر ان باتوں پر عمل پیرا ہونے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں عورت کو ہر اعتبار سے وہ مقام حاصل نہ ہو پایا جس کے متعلق اسلامی تعلیمات نے ہمیں آگاہ کیا تھا۔

فصلِ ہذا میں حقوقِ نسواں کی اہمیت کو جہاں اسلام سے قبل اور اسلام کے بعد کے تناظر میں دیکھا جانا مقصود ہے، وہیں پر بطورِ خاص یہ بات بھی پیش نظر رکھی گئی ہے کہ موجودہ معاشرتی اعتبار سے، زمینی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے بھی حقوقِ نسواں کو دیکھا اور پرکھا جائے تاکہ ہم بحیثیت مسلمان، عورتوں کے حقوق کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ادا کرنے کے قابل ہو سکیں۔

### قبل از اسلام عورت کا مقام

آمد اسلام سے قبل عورت نہ صرف مظلوم تھی بلکہ معاشرے میں عزت و وقار کے حق سے بالکل خالی تھی۔ اس سے بڑھ کر اسے برائیوں کی جڑ سمجھا جاتا تھا۔اہل حجاز کے اس بدترین رویے کے بارے میں قرآن حکیم میں ہے کہ:

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ[1]

ترجمہ: ''اور وہ اللہ کے معاملے وہ کچھ بناتے جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں''

یعنی اہل مکہ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ نعوذ باللہ اللہ کی بیٹیاں ہیں۔قرآن میں ہے کہ:

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَہٗ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ[2]

ترجمہ: ''اور وہ اللہ کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے، وہ پاک ہے جبکہ وہ اپنے لیے جو چاہیں''

عرب کے لوگ خود تو بیٹوں کو پسند کرتے جبکہ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں سمجھتے تھے[1]

---

1۔النحل 16:62

2۔النحل 16:57

## موجودہ معاشرے میں عورت کا مقام

جیسا کہ اسلام سے قبل عورتوں کے مقام کو بیان کیا گیا، اسی طرح اگر موجودہ معاشرے کے حالات کا بغور جائزہ لیا جائے تو مختلف مذاہب کے لوگ آج بھی عورتوں کے ساتھ وہی سلوک روا رکھتے ہیں جو کہ قبل از اسلام تھا۔ ذیل میں اُس کے چند نمونے پیشِ خدمت ہیں:

## عورت کو بھینٹ چڑھانا

ہندوستان کے اکثر صوبوں میں دستور تھا کہ عورتوں کو مندر کی پاسبانی کے لئے وقف کر دیا جاتا تھا۔ وہ بظاہر پاک دامن اور مقدس تھیں لیکن درپردہ پجاریوں، مہاتماؤں اور یاتریوں کا ان کے ساتھ اچھا سلوک نہیں تھا۔ مندر میں دیوتاؤں کے سامنے عورت کی قربانی کی جاتی تھی۔ جب کوئی شخص قرض دار ہو جاتا تھا تو قرض کی ادائیگی میں اپنی بیوی کو دے دیا کرتا تھا۔ اور جب رقم ادا ہو جاتی تھی تو عورت کو واپس لے آتا تھا۔ راجے مہاراجے جوئے میں اپنی بیویوں کو ہار جاتے تھے۔ ہندوستان کے صوبوں میوات، راجپوت اور مارواڑ میں عورتوں کی حالت اتنی بری تھی کہ تذکرہ کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ مارواڑ کے ایک خاندان میں چار بھائیوں کی ایک ہی بیوی تھی۔ [2]

ہندوؤں کے ایک بڑے بزرگ کا قول ہے کہ آگ کے شرارے اور زہریلا سانپ یقیناً انسان کے دشمن ہیں لیکن عورت ان سب سے بڑھ کر دشمن ہے۔ ایک سمجھدار آدمی ہولناک سیلاب سے بچ سکتا ہے اور زہریلے سانپ کے کاٹے کا علاج کرا سکتا ہے لیکن عورت کی چالاکی اور عیاری سے بچنا محال ہے۔ عورت اس قابل نہیں کہ اس پر بھروسہ کیا جائے اور اس کو رازدار بنایا جائے۔ ہندوستان میں بیوہ عورت دوسری شادی نہیں کر سکتی تھی۔ بچپن میں ہی لڑکیوں کی شادی کر دی جاتی تھی۔ رخصتی سے قبل اگر شوہر مر جاتا تو لڑکی ساری عمر بیوہ بن کر زندگی گزارنے پر مجبور تھی۔ بیوہ ہونا بد نصیبی کی علامت قرار دے دی گئی تھی۔ بستر پر اور چارپائی پر سونے کی اجازت نہیں تھی۔ کھانا بغیر نمک مرچ کا صرف "پانی کا شوربہ" ہوتا تھا۔ زیور اور رنگین کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا ممنوع تھا۔ عہد وسطیٰ میں بیوہ کے بالوں کو مونڈھ دیا جاتا تھا اور مرتے دم تک وہ سر پر استرا پھروانے پر مجبور تھی۔ [3]

---

1۔ ابنِ کثیر، حافظ، عمادالدین، امام، 1428ھ، تفسیرِ ابنِ کثیر، ج3، ص566، مکتبہ دارالسلام، لاہور

2۔ سمیع اللہ، ریاض الازہری، قبل از اسلام عرب سماج میں عورت کا مقام اور نکاح، ایک تحقیقی مطالعہ، الوفاق، دسمبر ۲۰۲۱، جلد ۴، شمارہ ۲

3۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، س ن، 101 اولیاءاللہ خواتین، ص34,35، کراچی، خواجہ شمس الدین عظیمی ریسرچ سوسائٹی

## مبحث دوم: اسلام میں عورت کے ازدواجی حقوق

آپ ﷺ کی عطا کردہ تعلیمات کی روشنی میں عورت کے درج ذیل نمایاں حقوق سامنے آتے ہیں:

### حق نکاح

قبل از اسلام عورت کو مرد کی جائیداد سمجھا جاتا تھا اور ان کے پاس نکاح کا حق نہ تھا۔ اسلام نے عورت کو شادی و نکاح کا نہ صرف حق دیا بلکہ اس کو اس کی رضامندی میں آزادی بھی دی:

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ..إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ[1]

ترجمہ: "اور جب تم طلاق دو عورتوں کو اور وہ اپنے مقررہ وقت تک پہنچ جائیں تو باہم رضامندی سے انہیں نکاح کرنے سے مت روکو۔"

وَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى[2]

ترجمہ: "اور اگر تم کو ڈر ہو یتیم لڑکیوں کے بارے میں کہ انصاف نہ کر سکو گے تو پھر ایسی عورتوں سے شادی کرو جو تمھارے لئے پسندیدہ اور حلال ہوں دو، تین اور چار۔

### اسلام میں عورت کا خیارِ بلوغ کا حق

نابالغ بچوں کا بلوغت سے پہلے ولی کی مرضی کے کیے ہوئے نکاح کو بالغ ہونے پر ختم کرنا 'خیارِ بلوغ' کہلاتا ہے۔ دین اسلام نے باقی خواتین کی طرح نابالغوں کو خیارِ بلوغ کا حق عطا کیا جو اسلام کے نزدیک ذاتی حق کی حیثیت رکھتا ہے۔

خیارِ بلوغ کے حق کی بناء پر حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی ایک حدیث مبارکہ ہے کہ

عَن عَبدِاللّٰهِ بنِ عُمَرَ، قَالَ: تُوُفِّي عُثمَانُ بنُ مَظْعُون، وَتَرَكَ ابْنَةً لَه مِن خُويلَة بِنتَ حَكِيمِ بنِ أُميَةَ بنِ حَارِثَةَ بنِ الأَوقَصَ، قَالَ: وَ أَوصَى إِلَى أَخِيْهِ قُدَامَةَ بْنِ مَظعُون، قَالَ عَبدُاللّٰهِ: وَهُمَا خَالَاى، قَالَ: فَخَطَبْتُ إِلَى قُدَامَةَ بنِ مَظْعُونَ ابنَةَ عُثمَانَ بنِ مَظعُونَ، فَزَوّجَنِيهَا، وَدَخَلَ المُغِيرَةَ بنَ شُعْبَةَ. يَعنِى إِلَى أُمِّهَا. فَأَرْغَبَهَا فِي المَالَ، فَحطتْ إِلَيْهِ، وَحَطتِ الجَارِيَةَ إِلَى هَوى أُمِّهَا، فَأَبَتَا، حَتّى اِرتَفَعَ أَمْرَهُمَا إِلَى رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَ قُدامَةَ بنِ مَظعُونَ: يَا رَسُولُ اللّٰهِ! اِبنَةَ أَخِي، أَوصَى بِهَا إِلَيّ، فَزَوَّجتُهَا ابْن عَمَّتِهَا عَبدَاللّٰهِ بنَ عُمَرَ، فَلَمْ أَقْصِر بِهَا فِي الصَّلاحِ وَلاَ فِي الكِفَائَةَ، وَلَكِنَّهَا اِمْرَأَة، وَإِنّمَا حَطت إِلَىَ هَوَى أُمِّهَا. قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: هِيَ يَتِيْمَةٌ، وَلاَ تُنْكحُ إِلاّ بِإِذْنِهَا. قَالَ: فَانْتَزَعتُ وَاللّٰهِ مِنّي بَعدُ أَنْ مَلَكتهَا، فَزَوَّجُوهَا المُغِيرَةَ.[3]

ترجمہ: "عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ عثمان بن مظعون فوت ہوئے اور پسماندگان میں خویلہ بنت حکیم بن امیہ بن حارثہ بن اوقص کی ایک بیٹی تھی اور اپنے بھائی قدامہ بن مظعون کو وصیت کی۔ راوی عبداللہ کہتے ہیں: یہ دونوں میرے خالو زاد تھے۔ میں نے قدامہ بن مظعون کو عثمان بن مظعون کی بیٹی سے

---

1۔ البقرہ 2:232

2۔ سورہ النساء 4:3

3۔ ابن حنبل، احمد بن محمد، ابو عبداللہ، س ن، مسند احمد، ج 3، ص 409، مکتبہ رحمانیہ، لاہور، لعل سٹار پرنٹرز

نکاح کا پیغام بھیجا تو اس نے میرا نکاح اس سے کرا دیا اس کے بعد مغیرہ بن شعبہ اس لڑکی کی ماں کے پاس آیا اور اسے مالی لالچ دیا۔ وہ عورت مال کی طرف جبکہ بیٹی بھی ماں کی خواہش کی طرف راغب ہوئی پھر انہوں نے نے منع کر دیا یہاں تک کہ ان کا مسئلہ رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پیش ہوا۔ قدامہ بن مظعون نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ میرے بھائی کی اولاد ہے اور میرے بھائی نے مجھے اس حوالے سے وصیت کی تھی تو میں نے اس کی شادی اس کے ماموں زاد عبداللہ بن عمر سے کر دی۔ میں نے اس کی بہتری میں کوئی کسر نہ چھوڑی لیکن یہ عورت اپنی ماں کی خواہش نرم ہو گئی اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ یتیم ہے، لہٰذا اس کا نکاح اس کی مرضی کے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ راوی کہتے ہیں: پھر میرا اسکا ولی بننا ہی ختم ہو گیا اور اس نے مغیرہ سے نکاح کر لیا۔"

## اسلام میں عورت کا مہر کا حق:

عورت کے حق میں سے ہے کہ اسے نکاح کے بدلے مہر دیا جائے

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا[1]

ترجمہ: "اور ادا کرو عورتوں کو ان کے حق مہر خوشی خوشی، تو اگر اس میں سے وہ کچھ چھوڑ دیں تمہارے لیے اپنی خوشی سے تو خوب کھاؤ"

اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام نے اپنے پیروکاروں کو ایک وقت میں 4 نکاح کا حق دیا، حالانکہ ضرورتِ نکاح ایک شادی سے پوری ہو جاتی ہے، ایک سے زائد نکاح کو معاشرے میں عورتوں کے زیادہ ہونے، یتیم و نادار ہونے اور گھر والیوں کے درمیان انصاف کو لازمی رکھا اگر ایسا نہ ہو تو صرف ایک۔

## اسلام میں حقوقِ زوجیت:

حضرت عثمان اپنی زندگی کا زیادہ تر حصہ عبادت میں گزارتے تھے۔ ان کے اس معاملے میں نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا:

يَا عُثْمَانُ! اِنَّ الرُّهْبَانِيَةَ لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْنَا، أَفَمَالِكَ فِيَّ أُسْوَةٍ؟[2]

"عثمان ہمیں رہبانیت کا حکم نہیں ہوا ہے۔ کیا تمہارے لیے میرا طرزِ زندگی کافی نہیں؟"

آپ ﷺ نے اس بارے میں صحابہ سے خاص طور پر فرمایا:

وَاللهِ! اِنِّي لَأَخْشَاكُمْ وَاَتْقَاكُم لَه لَكِنِّي أَصُومُ وَأُفْطِرُ وَأُصَلِّي وَأَرْقُدُ، وَاَتَزَوَّجَ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي[3]

ترجمہ: "اللہ کی قسم، میں تمہارے مقابلے میں اللہ سے زیادہ ڈرنے والا، پرہیزگار ہوں۔ لیکن میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور چھوڑتا بھی ہوں۔ نماز بھی پڑھتا ہوں، سوتا بھی ہوں اور شادی بھی کرتا ہوں۔ پس جو میری سنت سے اعراض کرے گا، وہ میرے طریقے پر نہیں۔"

اس کے مقابلے میں عورت کو بھی یہ حکم دیا کہ وہ شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہ رکھے۔ ارشاد فرمایا:

---

1۔ سورہ النساء، 4: 4

2۔ ابن حنبل، احمد بن محمد، ابو عبداللہ، 1995ء، مسند احمد، الجزء الثالث والاربعون، ص 70,71، بیروت، مؤسسۃ الرسالۃ

3۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، جون 2013ء، نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری، علامہ غلام رسول سعیدی، کتاب النکاح، ج 9، ص 335، لاہور، فرید بک سٹال

لَا تَصُومُ المَرأَةَ وَبَعْلُهَا شَاہِدٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ[1]

ترجمہ: ''عورت اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر (نفلی) روزہ نہ رکھے۔''

حضور نبی اکرم ﷺ نے بیوی کے حق کی اہمیت کو اپنی سنت مبارکہ سے واضح فرمایا۔ آپ کا طریقہ مبارک یہ تھا کہ کسی سفر یا غزوہ پر تشریف لے جاتے تو بیویوں میں قرعہ ڈالتے اور جس کے نام قرعہ نکل آتا، اُسے ساتھ لے جاتے۔[2]

## اسلام میں کفالت کا حق:

عورت کی تمام ضروریات مسلمان شوہر کے ذمہ ہیں۔ اُس کا کھانا پینا، رہائش، پہناوا اور زیب وزینت وغیرہ:

الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَبِمَا أَنفَقُواْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ[3]

ترجمہ: ''مرد عورتوں پر نگران ہیں بسبب اس کے کہ اللہ نے ایک دوسرے پر ان کو فضیلت دی اور بسبب ان کے مال خرچنے کے۔''

وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ[4]

ترجمہ: ''متقی لوگوں پر یہ حق ہے کہ وہ طلاق شدہ خواتین کے مناسب اخراجات دیں۔''

1۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے احادیث مبارکہ میں عورت کے اس حق کی پاسداری کی تلقین فرمائی:

فاتقوا الله فی النساء فإنکم اخذتموہن بامان الله واستحللتم فروجہن بکلمة الله، ولکم علیہن ان لا یوطئن فرشکم احدا تکرہونه، فان فعلن ذلک فاضربوہن ضربا غیر مبرح، ولہن علیکم رزقہن و کسوتہن بالمعروف[5]

ترجمہ: ''خواتین کے معاملے میں اللہ سے ڈرتے رہو اس وجہ سے کہ وہ تمھارے پاس اللہ کی امانتیں ہیں اور اللہ کے فیصلے نے ان کو حلال کیا ہے۔ اور وہ تمھارے سوا کسی کی قربت اختیار نہ کریں اگر اس معاملے میں تمھاری نافرمانی کریں تو بغیر چوٹ والی پٹائی کرو جبکہ ان کا مناسب کھانا پینا اور لباس تمھارے ذمہ ہے۔

2۔ حکیم بن معاویہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں:

أن رجلا سأل النبی ﷺ: ما حق المرأة علی الزوج؟ قال: أن یطعمہا إذا طعم، و أن یکسوہا إذا اکتسی، ولا یضرب الوجه، ولا یقبح، ولا یہجر إلا فی البیت[6]

ترجمہ: "ایک آدمی نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا: بیوی کے شوہر کے ذمہ کی حقوق ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب دیا: جب وہ بذات خود کچھ کھائے تو اسے بھی کھلائے، جو اپنا لباس لے اس اس کا بھی لے، اس کے چہرے کو نہ بگاڑے، اسے طعنے نہ دے اور گھر میں ہی اسے اکیلا چھوڑے"

3۔ حضرت ابو سفیان رضی اللہ تعالی عنہ کی بیوی ہندہ کے اپنے خاوند کی کنجوسی کی شکایت کرنے پر آپ ﷺ نے فرمایا:

خذی ما یکفیک و ولدک بالمعروف[1]

---

1۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ، امام، 1433ھ، کتاب النکاح، باب صوم المرأة باذن زوجہا تطوعا، 7، ص83، دار التاصیل، بیروت

2۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ، امام، 1433ھ، کتاب النکاح، باب القرعة بین سورہ النساء اذا اراد سفر، ج7، ص91، دار التاصیل، بیروت

3۔ سورہ النساء 4:34

4۔ البقرہ 2:241

5۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الحج، باب حجة النبی ﷺ، ص515، مکتبہ دار السلام، الریاض

6۔ ابن ماجہ، ابو عبد اللہ محمد بن یزید القزوینی، امام، 1435ھ، سنن ابن ماجہ، کتاب النکاح، باب حق المرأة علی الزوج، ج2، ص278,279، دار التاصیل، بیروت

ترجمہ: اتنا مال نکال سکتی ہو جو آپ کے بچوں کے ساتھ تجھے کافی ہو۔

اگر گھر کے اخراجات لازم (واجب) نہ ہوتے تو آپ ﷺ اسے ابو سفیان کی رضامندی کے بغیر مال لینے کی اجازت نہ فرماتے۔

## اسلام میں عورت کے لیے حسنِ سلوک کا حق

شادی شدہ زندگی میں ایک دوسرے جس طرح حق ہیں اسی طرح ذمہ داریاں ہیں۔ اس حوالے سے شوہر کو حکم ہے کہ

وَعَاشِرُوْہُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ[2]

ترجمہ: ''اور ان سے حس سلوک سے پیش آؤ۔''

اسلام نے نکاح کو ایک معاہدہ قرار دے کر اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَأَخَذْنَ مِنكُم مِّيثَاقًا غَلِيظًا[3]

ترجمہ: ''اور تمہاری عورتیں تم سے مضبوط عہد لے چکی ہیں''

اس ''مضبوط عہد'' کی تفسیر خود حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے آخری خطبے میں اس طرح فرمائی:

اتقوا الله فی النساء فانکم اخذتموہن بامانة الله[4]

ترجمہ: ''خواتین کے معاملے میں اللہ سے ڈرتے رہو، کیونکہ وہ تمھارے پاس اللہ تعالیٰ امانت ہیں۔''

گویا شادی کو ایک امانت فرمایا اور جیسے ہر ایک معاہدے اور معاملے میں فریقین کے کچھ حق ہیں تو ذمہ داریاں بھی ہیں۔ اپنے گھر والوں حسن سلوک کی مزید تاکید اس حدیث سے ملتی ہے:

خیرکم خیرکم لأہله[5]

ترجمہ: ''جو اپنے گھر والوں کے لئے اچھا ہے وہی بہترین ہے۔''

## اسلام میں عورت کے لیے تشدد سے تحفظ کا حق

خاوند پر بیوی کا یہ حق ہے کہ وہ بیوی پر ظلم اور زیادتی نہ کرے:

وَلاَ تُمْسِكُوہُنَّ ضِرَارًا لَّتَعْتَدُواْ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَہُ وَلاَ تَتَّخِذُواْ آيَاتِ اللّہِ ہُزُوًا[6]

ترجمہ: ''اور ان خواتین کو تکلیف اور زیادتی کی وجہ سے مت روکو۔ جس نے ایسا کیا اس نے اپنے اوپر ظلم کیا اور اللہ کے فیصلوں کو مذاق نہ اڑاؤ۔''

اس آیت میں یہ واضح ہوتا ہے کہ اپنی بیوی کو خوامخواہ تکلیف کی نیت سے طلاق ورجوع کے کھیل میں مت الجھاؤ، حسن سلوک کرو یا آزاد کر دو۔ جیسے تم ان سے جسمانی وذہنی سکون چاہتے ہو اسی طرح ان کو بھی دو۔

---

1۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ، امام، 1433ھ، کتاب النفقات، باب اذا لم ینفق الرجل، ج7، ص182، دار التاصیل، بیروت

2۔ سورہ النساء 4:19

3۔ سورہ النساء 4:21

4۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب المناسک، باب صفحہ حجۃ النبی ﷺ، ج4، ص26، دار التاصیل، بیروت

5۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابی عیسیٰ، الامام الحافظ، 1996ء، الجامع الکبیر للترمذی، ابواب المناقب، باب فی فضل ازواج النبی ﷺ، ج6، ص188، دار الغرب الاسلامی، بیروت

6۔ البقرہ 2:231

## اسلام میں بچوں کی پرورش کا حق

اس مسئلے میں تمام آئمہ کا اتفاق ہے کہ بچہ کی پرورش کی ذمہ داری ماں کی ہے۔ البتہ پرورش کے اس اَمر میں اختلاف ہے کہ کس عمر تک۔

ماں کو بچے کی نگہداشت اور پرورش کا حق حاصل ہونے کے بارے میں قران مجید میں کوئی آیت ظاہری نص کے اعتبار سے وارد نہیں مگر اقتضاالنص کی حیثیت سے فقہاء نے رضاعت والی آیت "والوالدات یرضعن اولادھن حولین کاملین لمن أراد أن یتم الرضاعۃ" سے ثابت کیا ہے کہ صغر سنی میں بچے کی پرورش کا حق ماں کو حاصل ہے۔

اس آیت کے ساتھ ساتھ درج ذیل احادیث سے بھی استنباط کیا جاتا ہے:

حضرت عبداللہ بن عمرو سے حدیث ہے کہ ایک عورت رسولِ اکرم ﷺ کے پاس آئی اور عرض کیا:

یا رسول اللہ! ان ابنی ہذا، کان بطنی له وعاء، و ثديي له سقاء، و حجری له حواء، و إن أباه طلقنی و أراد أن ینتزعه منی فقال: أنت أحق به ما لم تنکحی[1]

ترجمہ: "اے اللہ کے رسول! یہ میرا بیٹا ہے جس کے لئے میرا پیٹ ظرف تھا اور میری چھاتی مشکیزہ اور میری گود اس کے لئے پناہ گاہ تھی۔ اس کا والد مجھے طلاق دے چکا اور اب وہ اسے مجھ سے ہتھیانہ چاہتا ہے۔" (اس پر رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا) "تو اپنے بچہ کی زیادہ مستحق ہے جب تک کہ تو (دوسرا) نکاح نہ کر لے۔"

## اسلام میں خلع کا حق

اگر عورت اپنی ازدواجی زندگی سے مطمئن نہ ہو تو الگ ہو ہو سکتی ہے۔ آیت قرآن ہے:

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللهِ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ[2]

ترجمہ: "تو اگر ان کو ڈر ہو کہ خوشگوار زندگی قائم نہ رکھ سکیں گے تو علیحدگی میں کوئی گناہ نہیں"۔

جبکہ حدیث میں کہ:

عن ابن عباس: أن امرأة ثابت بن قيس أتت النبی ﷺ فقالت: يا رسول الله. ثابت بن قيس، ما اعتب عليه فی خلق ولا دين، ولكنی اکره الكفر فی الاسلام. فقال رسول الله ﷺ: أتردين عليه حديقته؟ قالت: نعم. قال رسول الله ﷺ: اقبل الحديقة و طلقها تطليقة[3]

ترجمہ: "حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ثابت بن قیس کی اہلیہ حضور اکرم ﷺ کے پاس آئیں: اے اللہ کے رسول! میں ان کے اخلاق اور دین سے ناخوش نہیں لیکن میں میں احسان فراموشی نہیں کرنا چاہتی۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: تمھیں ان کا باغ واپس کرنا ہو گا؟ اُنہوں نے کہا: جی ٹھیک۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ان کا باغ واپس کرو اور ان سے تعلق ختم کرو۔"

---

1۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الطلاق، باب من احق بالولد، ج4، ص237، دارالتاصیل، بیروت

2۔ البقرہ 2:229

3۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 1433ھ، کتاب الطلاق، باب الخلع، ج7، ص128، دارالتاصیل، بیروت

## اسلام میں قانونی شخصیت (legal person)ہونے کا حق

اسلام نے عورت کو قانونی شخص ہونے کا مقام احکام کے اجراء کے ساتھ ہی عطا کر دیا، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللهُ وَرَسُوْلُهٗ ...فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُّبِينًا[1]

ترجمہ: ''اور کسی مرد و عورت کے لئے کوئی اختیار نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول ﷺ فیصلہ کر دیں۔

اس آیہ مبارکہ میں قانونِ الٰہی کی اطاعت و معصیت کے باب میں عورت اور مرد کا برابر ذکر کر کے یہ حقیقت واضح کر دی گئی ہے کہ عورت اور مرد کے قانونی تشخص میں کوئی تفریق روا نہیں رکھی جا سکتی۔ قرآن حکیم کی کئی دیگر آیات بھی عورت کے قانونی شخص ( legal person)ہونے کی بنیاد فراہم کرتی ہیں:

اسلام کی طرف سے عورت کے قانونی شخص ہونے کا اعتراف ہی اس کے قانونی، سیاسی اور معاشی حقوق کے استحقاق کی بنیاد بنا۔

## اسلام میں گواہی کا حق

گواہی کی تعریف یہ ہے کوئی شخص جو دیکھے یا سنے اُسے صحیح صحیح بیان کر دے۔ گواہی کا حق مرد کی طرح عورت کو بھی دیا گیا ارشادِ باری ہے:

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَإِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ[2]

ترجمہ: ''اور گواہی کو مت چھپاؤ، جو اسے چھپائے گا اس کا دل گناہ گار ہے۔''

اسی طرح ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

خير الشهود من أدى شهادته قبل أن يسألها[3]

ترجمہ: ''بہترین گواہ وہ ہیں جو پوچھنے سے پہلے گواہی دے دیں۔'' اسی طرح ایک اور آیت ہے:

## وہ مسائل جن میں صرف عورت ہی کی گواہی معتبر ہے

وہ مسئلے جن سے مرد نہ آشنا ہیں ان میں عورت ہی کی گواہی قبول کی جائے گی چاہے گواہی والی ایک ہی عورت کیوں نہ ہو:

## ولادت اور بچے کے رونے پر گواہی

اگر بچہ کی ولادت اور بچے کے رونے کے مسئلے میں کوئی نزاع واقع ہو جائے تو یہاں صرف عورت کی گواہی معتبر ہو گی مرد کی نہیں۔ اس لئے کہ یہ ان اُمور میں سے ہے جن پر اکثر اوقات مرد مطلع نہیں ہو سکتے۔ اس معاملے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے دائی کی تنہا گواہی جائز قرار دی ہے۔

---

1۔ الأحزاب 33:36

2۔ البقرہ 2:283

3۔ ابن ماجہ، ابو عبداللہ محمد بن یزید القزوینی، امام، س ن، سنن ابنِ ماجہ، کتاب الاحکام، باب الرجل عندہ الشھادۃ، ص 792، قاہرہ، مطبعۃ دار احیاء الکتب العربیۃ

## رضاعت

اسی طرح اگر رضاعت کے معاملے پر اختلاف ہو جائے اور معاملہ قاضی تک پہنچ جائے تو عورت کو یہ حق ہے کہ وہ گواہی دے کیونکہ یہ وہ مسئلہ ہے جو عورت کے ساتھ خاص ہے۔[1]

1۔اسلام میں عورتوں کے حقوق: ڈاکٹر طاہر القادری، صفحہ 109، منہاج القرآن پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور، جولائی 2019۔

### خلاصہ بحث

فصلِ ہذا میں قرآن کریم اور احادیث مصطفیﷺ کی راہنمائی میں کوشش کی گئی ہے کہ عورت اپنے مقام کو پہچان لے۔ اس کوشش کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خواتین کے حالات، کیفیات اور حقوق کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ کہنا خود فریبی کے علاوہ کچھ نہیں ہے کہ عورتوں کی صلاحیت مردوں سے کم ہے یا عورتیں قرآنی اور روحانی علوم نہیں سیکھ سکتیں۔

زمانہ جاہلیت کے برعکس، اسلام نے عورت کو وہ تمام حقوق عطا کئے جو معاشرے میں مردوں کو حاصل تھے اور اسلامی طرز فکر نے نشاندہی کی کہ ''عورت کی گود ہی دراصل تربیت گاہ ہے۔''

خواتین کی ذمہ داری ہے کہ وہ خالق کائنات اور اس کے محبوبﷺ کے دیئے ہوئے حقوق سے واقف ہونے کے لئے قرآن کریم ترجمہ کے ساتھ پڑھیں اور اللہ کی آیتوں میں تفکر اور غور کریں۔ بچیوں اور بیٹیوں کو یہ بتانا اور سکھانا ضروری امر ہے کہ ہمارے نجات دہندہ، ہمارے شفیع، ہمارے محسن اور ہمارے محترم نبیﷺ نے عورت کو غلامی سے آزادی دلائی ہے۔ علم سے آراستہ کیا ہے۔ معاشرے میں ہمارے حقوق متعین کئے ہیں۔

## بابِ دوئم: عورت اور اُس کی ازدواجی زندگی، سورۃ النساء کی روشنی میں

## فصلِ اوّل: حق نکاح

### مبحث اول: تعارف

نکاح ایک مقدس اور باہمی عہد ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دو افراد (مرد اور عورت) کو مل کر اپنی زندگی کو مشترکہ طور پر گزارنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اسلامی تعلیمات اور انسانی حقوق کی روشنی میں، عورتوں کو نکاح کرنے کا حق دیا گیا ہے اور اس میں ان کی مرضی اور رضا مندی بہر صورت لازمی اور شامل ہوتی ہے۔

قرآن مجید اور احادیثِ مبارکہ میں عورتوں کو ان کے حقوق اور ان کی اہمیت کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔ احادیث صحیحہ کے مطابق نکاح کو عظیم اور مقدس قرار دیا گیا ہے اور عورتوں کو ان کی مرضی کے مطابق نکاح کا حق ہے۔ عورتوں کو نکاح کرنے کا حق انسانی حقوق کی روشنی میں بھی مؤید ہے۔ انسانی حقوق کے اصولوں کے تحت ہر شخص آزاد ہے اور وہ اپنی زندگی جیسے چاہے گزارے کا حق ہے اور اس حق کو مختلف جہات کے اعتبار سے رائج کیا گیا ہے۔ عورتوں کو نکاح کرنے کا حق انسانی حقوق کے تمام اصولوں کے مطابق ہے جو ہر انسان کو ایک اچھی زندگی گزارنے کا حق دیتا ہے۔

عورتوں کو نکاح کرنے کا حق معاشرتی ترقی اور مختلف معاشرتی مسائل کا حل ہوتا ہے۔ نکاح ایک اہم انسانی تعلق ہوتا ہے جو معاشرتی گروہوں کو مضبوط بناتا ہے اور اس سے انفرادی، خاندانی اور سماجی بنیادیں مضبوط ہوتی ہیں۔ عورتوں کو نکاح کرنے کا حق انہیں اسلامی اور معاشرتی حیثیت سے بھی ملتا ہے جو ان کو مجموعی طور پر معاشرتی چیلنجز کا مقابلہ کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔[1]

الغرض عورتوں کو نکاح کرنے کا حق ایک اہم انسانی اور اسلامی حق ہے جو انہیں اپنے زندگی کو مرضی کے مطابق گزارنے کا حق فراہم کرتا ہے۔ یہ حق انسانی حقوق اور انسانی تعلیمات کے مطابق ہے اور معاشرتی ترقی میں ایک بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں دیکھا جائے تو تاریخ انسانی میں مختلف قسم کے نکاح رائج تھے، یعنی نکاح کی مختلف قسمیں تھیں، جن کو کلام الٰہی و فرمودات نبوی ﷺ کی ہدایات میں ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔ نکاح اور اس کے متعلقات کے متعلق کافی سارے نکات کو باب اول، فصل دوئم ''حقوقِ نسواں کی اہمیت احادیث کی روشنی میں'' میں بیان کر دیا گیا ہے، اس موضوع پر مزید وضاحت فصل ہذا میں کی جا رہی ہے۔

### قبل از اسلام شادی کے چند طریقے

نکاح جو کہ خاندانی زندگی کی اکائی ہے، عربیوں کے نزدیک کوئی اس کا نظام و قوانین نہ تھے جس میں خواتین کے عصمت و احترام ہو۔ اہل عرب میں شادی کے درج ذیل طریقے رائج تھے:

#### (1) زواج البعولۃ

یہ والے نکاح عربیوں کے ہاں عام تھے۔ جس میں خواتین شوہر کے لئے عام جائیداد کی طرح تھی اور اس کا کوئی حق نہ تھا۔

1۔ اسلام میں عورتوں کے حقوق: ڈاکٹر طاہر القادری، صفحہ 53، منہاج القرآن پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور، جولائی 2019۔

### (2)زواج البدل

بیوی کا ادلی بدلی کرنا، شوہر اپنی مرضی میں جب چاہتے بیویوں کا تبادلہ کرتے جس میں ان کی کسی قسم کی کوئی رضامندی شامل نہ تھی۔

### (3)نکاح متعہ

مرد و عورت اپنی مرضی سے بغیر کسی نکاح و گواہ کے جب چاہتے شادی و طلاق کی مدت طے کر کے زندگی ساتھ گزارتے پھر الگ ہو جاتے۔

### (4)نکاح الخدن

دوستی یا رضامندی کا نکاح، مرد خاتون کو بغیر نکاح و گواہ اپنے پاس رکھتا پھر دونوں کی رضامندی سے بغیر طلاق کے تعلق ختم کر لیتے اگر اولاد ہوتی تو بذمہ عورت۔

### (5)نکاح الضغینہ

کسی لڑائی یا جنگ کے بعد مال اور قیدی ہاتھ لگتے اور جاہلیت میں فاتح کے لیے مفتوح کی عورتیں، مال وغیرہ سب مباح تھا یہ عورتیں فاتح کی ملکیت ہو جاتیں اور وہ چاہتا تو انہیں بیچ دیتا چاہتا تو یونہی چھوڑ دیتا اور چاہتا تو ان سے مباشرت کرتا یا پھر تحفہ میں دے دیتا۔ اس میں کوئی نکاح و گواہ نہ تھا۔

### (6)نکاح شغار

اس میں مرد اپنے خاندان سے کسی لڑکی کا نکاح بغیر مہر کے اس شرط پر دوسرے سے کر دیتا کہ دوسرا بھی اپنے خاندان سے کسی لڑکی کا نکاح اس سے کرائے گا۔

### (7)نکاح الاستبضاع

اس نکاح میں خوبصورت اولاد کے حصول کے لئے اپنی بیوی کو دوسرے مرد کے پاس بھیجا جاتا جب حمل واضح ہو جاتا تو بیوی واپس اپنے شوہر کے پاس آجاتی۔

### (8)نکاح الرہط

اجتماعی شادی۔ دس افراد پر مشتمل شوہر ایک ہی عورت سے جسمانی تعلقات رکھتے پھر اولاد ہونے پر ان میں کسی ایک مرد کی طرف وہ عورت منسوب کرتی جبکہ انکار نہ کر سکتا۔

### (9)نکاح البغایا

طوائف عورتوں کی طرح دس سے زائد مرد ایک ہی عورت سے تعلق قائم کرتے مگر بچہ ہونے کی صورت میں اسکی نسبت کرنا عورت کی بجائے مرد کرتا تھا۔

مذکورہ شادی کے طریقوں سے پتہ چلا کہ عورت اسلام سے پہلے جائیداد کی طرح تھی جسے خریدنا اور بیچنا معمول تھا۔[1]

---

1۔البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح بخاری، کتاب النکاح، باب من قال: لا نکاح إلا بولی، ج7، ص41، دار التاصیل، بیروت

حضرت عائشہ صدیقہؓ نکاح کی ان صورتوں کو بیان کر کے فرماتی ہیں کہ ان تمام ناجائز صورتوں کو رسول خداﷺ نے ختم فرما دیا۔ جنابﷺ کی آمد سے ظلمت کی تاریکیاں چھٹ گئیں۔ مظلوموں کو سر اٹھانے کا موقع ملا۔ افراط و تفریط ختم ہوئی۔ حقدار کو اس کا جائز حق ملا۔ جور و ستم کی چکیوں میں پسنے والی عورت کو اسلام نے اپنے دامن عافیت و حمایت میں سمیٹا۔ عورت کے حقوق میں کوئی کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی۔ بے حیائی و فحاشی اور عورت پر ظلم کے تمام راستے آہستہ آہستہ ختم کئے گئے۔ نسوانی حقوق کے سلسلے میں قرآن نے پہلا مشورہ یہ دیا۔ [1]

## مرد اور عورت، ایک ہی چشمہ کی دو نہریں:

قرآن میں ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً [2]

ترجمہ: ''اے انسانو! اپنے رب سے خوف کھاؤ جس نے تم سب کو ایک جسم سے تخلیق کیا اور اس جاندار سے اس کا جوڑا پیدا کیا۔ اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں تخلیق پائیں۔''

مفہوم یہ ہے کہ مرد اور عورت ایک ہی چشمہ کی دو نہریں ہیں۔ اسلام سے قبل عورتوں کی حیثیت یہ تھی کہ مرد سے اپنی میراث سمجھتا تھا۔ عورت کی رضامندی یا مشورے کا کوئی تصور نہیں تھا۔ مرد جہاں چاہے عورت کو فروخت کر دیتے تھے۔ اسلام نے عورت کے مردوں کی میراث ہونے کے تصور کو ختم کر دیا۔ قرآن میں واضح طور پر ارشاد ہے کہ قیامت کے دن مرد اور عورت یکساں ہونگے۔ جزا یا سزا سب کو ان کے اعمال کے مطابق ملے گی۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَ لُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ج اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا [3]

ترجمہ: '' اور اللہ سے ڈرو جس کے نام پر ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتوں (کو توڑنے سے بچو۔) بیشک اللہ تم پر نگہبان ہے۔''

اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَا اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ [4]

ترجمہ: ''مرد عورتوں پر نگران ہیں بسبب اس کے کہ اللہ نے ایک دوسرے پر ان کو فضیلت دی اور بسبب ان کے مال خرچنے کے۔''

## مردوں کو عورتوں پر برتری کی ایک وجہ

اسلام نے مرد کو جو برتری دی ہے وہ صرف اس لئے ہے کہ مرد کو خاندان کا سربراہ و کفیل بنایا گیا ہے۔ وہ بھی اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو جسمانی طور پر عورتوں سے زیادہ طاقت دی ہے۔ لیکن بہت سے حالات میں عورت وہ کچھ کرتی ہے جو مرد نہیں سکتا۔ مثلاً نو مہینے بچے کو پیٹ میں غذا فراہم کرنا۔ پیدائش کے بعد سوا دو سال تک دودھ پلانا۔ بزرگ خواتین و حضرات تسلیم کرتے ہیں کہ ایک بچے کا کام چار بڑے آدمیوں کے برابر ہوتا ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصَالُهٗ فِىْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِىْ وَلِوَالِدَيْكَ اِلَىَّ الْمَصِيْرُ [5]

---

1۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، 2003ء، ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین، ص 48,49، الکتاب پبلشر، کراچی

2۔ سورہ النساء: 4:1

3۔ سورہ النساء: 4:1

4۔ سورہ النساء: 4:34

5۔ لقمان: 31:14

ترجمہ: ”اور ہم نے بنی نوع کو والدین کے حوالے سے وصیت کی کہ اس کی والدہ نے اسے کو پیٹ میں رکھا۔ ضعف پر ضعف جھیلا اور دو برس بعد دودھ چھڑایا۔ یہ کہ میرا اور اپنے والدین کا شکر گزار بن۔ پلٹنا میری طرف ہے۔“

## غور و فکر سے اُمور کی انجام دہی

اسلام نے عورت کو حق دیا کہ وہ انفرادی طور پر کاروبار اور معاشرتی روابط قائم کر سکتی ہے۔ جائداد رکھ سکتی ہے۔ غرض ہر وہ کام کر سکتی ہے جو مرد کر سکتا ہے۔ صحابیاتؓ اور دیگر معروف مسلمان خواتین کے واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے ملازمت، کاروبار، زراعت، تبلیغ، طب، فوج اور دیگر تمام شعبوں میں آزادانہ کام کیا ہے۔ دور جاہلیت میں عورت کو کمزور، لاغر، بیوقوف اور ناقص العقل کہا جاتا تھا اور شادی کے معاملے میں والدین یا ولی کی رضامندی ضروری سمجھی جاتی تھی۔ اسلام نے جہاں ماں باپ کی وراثت اور زندگی کے دیگر شعبوں میں عورت کے حقوق متعین کئے ہیں وہاں شادی جیسے اہم مسئلے پر بھی اس کی رائے اور رضامندی کو نظر انداز نہیں کیا۔ اگر ایک عاقل اور بالغ لڑکی برضا و رغبت شادی کے لئے رضامند نہ ہو تو شادی نہیں ہوسکتی۔

عن أبی هريرة قال قال رسول الله ﷺ اليتيمة تستأمر فی نفسها، فان صمتت فهو اذنها وان أبت فلا جواز عليها[1]

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کنواری یتیم عورت سے نکاح کے معاملے میں اجازت حاصل کی جائے اگر دریافت کرنے پر وہ خاموش رہے تو اسی کو اس کی اجازت سمجھا جائے اور اگر انکار کرے تو اس پر جبر نہیں کرنا چاہئے۔

عن ابن عباس أن جارية بكرا أتت النبی ﷺ فذكرت ان أباها زوجها وهی كارهة فخيرها النبی ﷺ[2]

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ ایک کنواری لڑکی نے نبی کریم ﷺ کی دربار میں حاضر ہو کر کہنے لگی کہ اس کے والد نے اس کا نکاح کر دیا ہے وہ اس نکاح سے ناخوش ہے۔ آپ ﷺ نے اسے نکاح ختم کرنے کا اختیار دے دیا۔

عن خنساء بنت خذام الأنصارية أن أباها زوجها وهی ثيب فكرهت ذلک، فأتت رسول الله ﷺ فرد نكاحه[3]

ترجمہ: حضرت خنساء بنتِ خذامؓ کہتی ہیں کہ وہ بیوہ تھیں ان کے والد نے ان کا نکاح کر دیا وہ اس نکاح سے ناخوش تھیں۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ کے پاس آکر اس کے متعلق پوچھا۔ آپ ﷺ نے وہ نکاح رد کر دیا۔

عن ابن عباس أن زوج بريرة كان عبدا يقال له مغيث، كأنی أنظر اليه يطوف خلفها يبكی ودموعه تسيل على لحيته فقال النبی ﷺ لعباس: يا عباس، ألا تعجب من حب مغيث

---

1۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابی عیسیٰ، الامام الحافظ، 1996ء، الجامع الکبیر للترمذی، کتاب ا لنکاح، باب ماجاء فی اکراہ الیتیمۃ علی التزویج، ج2، ص402، دار الغرب الاسلامی، بیروت

2۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب ا لنکاح، باب فی البکر یزوجھاأبوھاولایستأمرھا، ج4، ص134، دار التاصیل، بیروت

3۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابوعبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح البخاری، کتاب ا لنکاح، باب اذازوج ابنتہ وھی کارھۃفنکاحہ مردود، ج7، ص48، دار التاصیل، بیروت

بريرة، ومن بغض بريرة مغيثا، فقال النبى ﷺ: لو راجعته قالت: يارسول الله، تأمرنى؟ قال: انما أنا أشفع قالت: لا حاجة لى فيه[1]

ترجمہ: حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ بریرہؓ کا شوہر ایک نحیف سیاہ فام غلام تھا۔ وہ مدینہ کی گلیوں میں روتا ہوا بریرہؓ کے پیچھے پیچھے پھرتا تھا، آنسوؤں سے اس کی داڑھی بھیگ جاتی۔ رسول مکرم ﷺ نے ایک روز فرمایا: ''عباسؓ! کیا تمہیں اس پر تعجب اور حیرت نہیں ہے کہ مغیث، بریرہ کو چاہتا ہے اور بریرہ ناپسند کرتی ؟'' پھر آپ ﷺ نے بریرہ سے فرمایا: ''بریرہ! کاش تو رجوع کر لیتی ''یعنی مغیث سے دوبارہ نکاح کر لیتی۔ بریرہؓ نے کہا: ''یارسول مکرم ﷺ! کیا آپ ﷺ مجھے حکم دیتے ہیں؟'' آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''میں حکم نہیں دیتا سفارشی ہوں۔'' بریرہؓ نے عرض کیا: ''میں اس کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔''

## جھگڑے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے؟

زمانہ جاہلیت میں مرد کھڑے کھڑے تین دفعہ طلاق کے الفاظ کہہ کر اپنی بیوی کو علیحدہ کر دیتا تھا۔ اسلام نے اس طریقے کو ختم کر کے ایک لائحہ عمل بنایا کہ میاں بیوی کے درمیان جھگڑے کی صورت میں دونوں کے خاندانوں میں سے ایک ایک ثالث مقرر کیا جائے۔ اور وہ ان میں صلح کرانے کی کوشش کریں۔ اگر کامیاب نہ ہوں تو پھر تین وقفوں سے طلاقیں دی جائیں۔ اسلام نے طلاق کی اجازت شدید ضرورت میں دی ہے۔

(1)عن ابن عمر عن النبى ﷺ قال أبغض الحلال الى الله الطلاق[2]

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ سے حدیث ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے پاس حلال چیزوں میں زیادہ ناپسندیدہ چیز طلاق ہے۔''

(2)عَن مَحمُودِ بنِ لبيد قَالَ أُخْبِرَ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَن رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ ثَلاثَ تَطْلِيقَاتٍ جَمِيعاً فَقَامَ غَضْبَاناً ثُمَّ قَالَ ايلعَبُ بِكِتابِ اللهِ وَانَا بَينَ اَظهَرَكُمْ[3]

ترجمہ: حضرت محمود بن لبیدؓ بیان کرتے ہیں کہ محبوب خدا ﷺ کو بتایا گیا کہ ایک شوہر نے اپنی گھر والی کو 3 طلاق ایک ساتھ دی۔ آپ ﷺ غصے کی حالت کھڑے ہوئے اور فرمایا: ''کیا کلام اللہ سے مذاق کرتے ہو؟ جبکہ میں تمہارے پاس ہوں۔''

## حقِ نکاح

اسلام نے جاہلیت کے تمام ظلم و جبر کے راستے بند کر کے عورت کو نکاح کا حق دیا اس کے لئے بہترین حدود و قیود قائم کیں۔

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَّنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ[4]

---

1۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح بخاری، کتاب الطلاق، باب شفاعۃ النبی ﷺ فی زوج بریرۃ، ج7، ص132، دار التاصیل، بیروت

2۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الطلاق، باب فی کراھیۃ الطلاق، ج4، ص178، دار التاصیل، بیروت

3۔ النسائی، احمد بن سعید، امام، 1985ء، سنن النسائی، کتاب الطلاق، باب الثلاث المجموعۃ ومافیہ من التغلیظ، ج2، ص469، لاہور، اسلامی اکادمی

4۔ سورۃ البقرہ 2:232

ترجمہ: ''اور جب تم بیویوں کو طلاق دے بیٹھو اور وہ اپنا مقررہ وقت گزار چکیں تو اپنی رضامندی سے نکاح کرنے پر منع نہ کرو۔''

**مذکورہ بالاآیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے تفہیم القرآن میں یوں بیان کیا گیا ہے:**

یعنی اگر کسی خاتون کو اس کے شوہر نے طلاق دی ہو اور زمانۂ عدت کے اندر اس سے رجوع نہ کیا ہو، پھر عدت گزر جانے کے بعد وہ دونوں آپس میں دوبارہ نکاح کرنے پر راضی ہوں، تو عورت کے رشتے داروں کو اس میں مانع نہ ہونا چاہیے۔ نیز اس کا یہ مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جو شخص اپنی بیوی کو طلاق دے چکا ہو اور عورت عدت کے بعد اس سے آزاد ہو کر کہیں دُوسری جگہ اپنا نکاح کرنا چاہتی ہو تو اُس سابق شوہر کو ایسی کمینہ حرکت نہ کرنی چاہیے کہ اس کے نکاح میں مانع ہو اور یہ کوشش کرتا پھرے کہ جس بیوی کو اس نے چھوڑا ہے، اُسے سے کوئی شادی نہ کرے۔[1]

---

1۔ مودودی، ابوالاعلیٰ، سیّد، تفہیم القرآن، ج1، ص178، لاہور، ادارہ ترجمان القرآن

## مبحث دوم: نکاح وطلاق کے مسائل

### حاملہ کی عدت

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَّعَشْرًا فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْ أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ[1]

ترجمہ: اور تم میں سے بیوہ خواتین 4ماہ 10دن کے انتظار کے بعد وہ اپنی مرضی سے جو چاہیں فیصلہ کریں اس پر کوئی گناہ نہیں۔

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے تفسیر ضیاء القرآن میں یُوں بیان کیا گیا ہے:**

یہاں ان خواتین کی عدت کا بیان ہے جن کے شوہر اس دنیا سے رخصت ہو جائیں اور وہ حمل کے ساتھ نہ ہوں۔ حاملہ کی عدت وضعِ حمل ہے یعنی جس وقت وہ بچہ جنے گی اس کی عدت ختم ہو جائے گی۔...اس کا صرف یہ مطلب نہیں کہ وہ اس مدت میں نکاح نہ کرے بلکہ احادیثِ صحیحہ کے مطابق کئی دوسری چیزوں سے بھی پرہیز لازمی ہے۔ یعنی عدت کے اندر وہ رنگین اور ریشمی کپڑوں سے مزین نہ ہو۔ خوشبو اور مہندی کا استعمال نہ کرے اور دیگر آرائش سے بچے۔ اپنے متوفی خاوند کے ہی گھر ٹھہرے۔ مجبوری کی صورت میں دن کو گھر سے نکلے اور رات کو واپس اسی گھر میں آئے۔ نیز نئے نکاح کے لیے بھی بات چیت نہ کرے۔[2]

### حق مہر کی ادائیگی

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْئًا مَّرِيْئًا[3]

ترجمہ: ''اور ادا کرو عورتوں کو ان کے حق مہر خوشی خوشی، تو اگر اس میں سے وہ کچھ چھوڑ دیں تمہارے لیے اپنی خوشی سے تو خوب کھاؤ''

### نکاح اور معاشی حالت

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَأَنْكِحُوا الْأَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ[4]

ترجمہ: ''اور آپ نکاح کروا ن غیر شادی شدہ مردوں، عورتوں، غلاموں اور باندیوں کا، اگر وہ فقیر ہونگے تو اللہ بے نیاز کردے گا انکو اپنے فضل سے۔''

**مذکورہ بالا قرآن کی آیتِ کی تفسیر بیان میں حضرت فضل شاہ تفسیرِ فاضلی میں یوں رقم دراز ہیں:**

---

1۔ البقرہ 2:234

2۔ الازہری، محمد کرم شاہ، پیر، 1995ء، تفسیر ضیاء القرآن، ج 1، ص 162,163 ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور

3۔ سورہ النساء 4:4

4۔ النور 24:32

نکاح کا منشاء بلوغت کے بعد طبعی پاکیزہ زندگی اور بقاء نسل ہے۔ جس جوڑے میں سے کوئی ایک فوت ہو جائے اور دوسرا جوان ہو تو اسے نکاح کر لینا چاہئے۔ جو لوگ اپنی خاندانی روایات میں اپنا امتیاز ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور بیوہ عورتوں کا نکاح نہیں کرتے حالانکہ وہ بوڑھی نہیں ہوتیں، وہ خلافِ حق کرتے ہیں۔ نکاح یقیناً ان کی ضرورت ہوتا ہے، جب اللہ نے اس کی اجازت دی ہے تو کسی مومن کی یہ مجال کیسے ہو سکتی ہے کہ وہ اس پر پابندی لگائے۔ جو غلام صالح ہو اس کو نکاح میں مدد دینا بڑی نیکی ہے۔ جو باندی صالحہ ہو اس کو نکاح میں مدد دینا بڑی نیکی ہے۔ غیر صالح باندی غلاموں کو نکاح کی سہولت دینے سے بے حیائی بڑھتی ہے۔ صالح غریب اگر نادار ہیں تو اللہ انہیں اپنے فضل سے بے نیاز کر دے گا۔ پاکیزگی کو بڑھانے والی صورت اللہ کو پسند ہوتی ہے۔

**حاصل:** بیوہ عورتوں کو نکاح کی تاکید کرنی چاہئے اگر وہ بقاء نسل کے مقام سے گزر نہ چکی ہوں۔ بیوی کے فوت ہو جانے کی صورت میں مرد بھی نکاح کرے اگر وہ بوڑھا نہ ہو چکا ہو۔ غلاموں اور باندیوں کو نکاح کی اجازت صرف ان کے حال کے حوالے سے ہو گی۔ غیر صالح غلام اور غیر صالح لونڈی کو نکاح کی اجازت نہیں دی جاتی۔ جو نادار ہوں گے، اللہ انہیں اپنے فضل سے رزق دے گا۔[1]

## ایک سے زائد نکاح، مشروط ہیں!

اسلام اپنے پیروکاروں کو ایک سے زیادہ شادی کی اجازت ضرور دیتا ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ اس کو اس بات پر پابند بھی کرتا ہے اسے اپنی بیویوں کے درمیان عدل قائم رکھنا ہو گا۔

جیسا کہ قرآن میں ہے کہ:

وَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً[2]

ترجمہ: ’’اور اگر تم کو ڈر ہو یتیم لڑکیوں کے بارے میں کہ انصاف نہ کر سکو گے تو پھر ایسی عورتوں سے شادی کرو جو تمھارے لئے پسندیدہ اور حلال ہوں دو، تین اور چار ورنہ ایک۔‘‘

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تشریح بیان کرتے ہوئے خواجہ شمس الدین عظیمی اپنی کتاب ایک سو ایک اولیاءاللہ خواتین میں یوں لکھتے ہیں:**

قرآن میں جہاں ایک سے زائد شادیوں کی اجازت دی گئی ہے۔ درحقیقت یہ شرط ’’یتیم لڑکیوں‘‘ کے ساتھ رکھی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جن بچیوں کے والدین زندہ سلامت ہوں ان کے لئے ان کی شادی کرنا کوئی مشکل نہیں ہوتا لیکن جن بچیوں کے والدین موجود نہ ہوں یا جو عورتیں بیوہ ہو گئی ہوں ان کی شادیوں میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ اس لئے اسلام نے بے سہارا عورتوں کو معاشرے میں مقام دلانے کے لئے ایک سے زیادہ شادیاں کرنے کی اجازت دی ہے۔ بعض اوقات کئی دوسرے واقعات بھی پیش آسکتے ہیں مثلاً جنگ میں مردوں کی زیادہ تعداد شہید ہو جائے اور معاشرے میں عورتوں کی تعداد زیادہ ہو جائے تو انہیں بھی سہارے کی ضرورت ہوتی ہے۔ غرض اسلام نے عورت کو تحفظ دینے کے لئے ہر مرد کو دوسری شادی کا حق نہیں دیا۔ لیکن جن کو حق دیا ہے ان کے لئے شرط ہے کہ مرد ایک سے زائد بیویوں کا نان نفقہ باآسانی پورا کرے اور اللہ تعالیٰ نے مرد کو بیویوں کے درمیان انصاف کرنے پر پابند کیا ہے۔[3]

1۔ حضرت فضل شاہ، تفسیرِ فاضلی، ج4، ص359,360، 1412ھ فاضلی فاؤنڈیشن، لاہور

2۔ سورہ النساء 4:3

3۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، 2003ء، ایک سو ایک اولیاءاللہ خواتین، ص53,54، الکتاب پبلشر، کراچی

## جن کے ساتھ نکاح کرنے کی اجازت نہیں

قبل از اسلام اہل عرب بلا تفریق تمام عورتوں سے نکاح حلال مانتے تھے۔ اپنی والدہ کے بیوہ ہونے پر ماں سے نکاح کر لیتے۔ جصاص نے 'احکام القرآن(2: 148)' میں سوتیلی ماں سے نکاح کے متعلق لکھا ہے:

وَقَد كَانَ نِكَاحُ إمرَاَةِ الأبِ مُستَفِيضًا شَائِعاً فِي الجَاهِلِيَةِ.

ترجمہ: ''اور باپ کی بیوہ سے شادی کر لینا جاہلیت میں عام معمول تھا۔''

اسلام نے عورتوں کے حقوق نمایاں کرتے ہوئے بعض رشتوں سے نکاح حرام قرار دیا اور اس کی پوری فہرست گنوادی۔ ارشادِ ربانی ہے:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالاَتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللاَّتِيْ أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللاَّتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ اللاَّتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَإِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلاَئِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ أَصْلاَبِكُمْ وَأَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلاَّ مَا قَدْ سَلَفَ[1]

ترجمہ: ''حرام ہیں تم لئے تمہاری مائیں، بیٹیاں، بہنیں، پھوپھیاں، خالائیں، بھتیجیاں، بھانجیاں، تمہاری رضاعی مائیں، رضاعی بہنیں، ساس، سگی بہوئیں اور تمہاری صحبت شدہ خواتین کی بیٹیاں اور دورِ جاہلیت کے علاوہ یہ کہ تم دونوں سگی بہنوں کو ایک ساتھ رکھو مگر وہ لڑکیاں جن کی ماؤوں کے پاس تم نہیں گئے۔''

### مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے حضرت فضل شاہ تفسیرِ فاضلی میں یوں لکھتے ہیں:

نسبی تعلق کی وجہ سے ماں، بیٹی، بہن، پھوپھی، خالہ، بھتیجی اور بھانجی حرام ٹھہرائی گئی ہیں۔ ان سے نکاح ناجائز ہے اور ہر عورت جس کی طرف باپ یا ماں کی بدولت نسبت رجوع کرتی ہو حرام ہے۔ اس میں دادیاں، نانیاں قریب کی ہوں یا دور کی سب آگئیں۔ ایسے ہی بیٹیوں میں پوتیاں، نواسیاں سب داخل ہیں۔ یہ سگی ہوں یا سوتیلی، سب حرام ہیں۔ جو سبب سے حرام ہوئیں وہ محرمات رضاعی ہیں۔ اس میں رضاعی ماں اور رضاعی بہن داخل ہیں۔ ساتوں رشتے جو نسبت میں بیان ہوئے، رضاعت میں بھی حرام ہیں۔

علاقہ نکاح کی وجہ سے جن سے نکاح حرام ہے ان کی اقسام دو ہیں۔ پہلی جن سے ہمیشہ کے لئے نکاح ناجائز ہے، جیسے زوجہ کی ماں اور زوجہ کی بیٹی، اگر زوجہ مدخولہ ہو۔ لیکن اگر دخول سے قبل زوجہ سے علیحدگی ہو گئی ہو، طلاق کی صورت سے یا موت سے، تو اس کی بیٹی سے نکاح جائز ہے۔ اور نسلی بیٹوں کی عورتیں، پوتوں کی عورتیں اور نواسوں کی عورتیں بھی ہمیشہ کے لئے حرام ہیں۔ دوسری قسم وہ ہے جن کے لئے ممانعت دائمی نہ ہو، بلکہ جب تک ایک عورت نکاح میں ہو اس کی قرابت داروں سے نکاح کی ممانعت ہو گی۔ جب فوت ہو جائے یا اسے طلاق ہو جائے، تو وہ محرمات میں شامل نہ رہیں گی، جیسے بیوی کی بہن، پھوپھی، خالہ، بھتیجی اور بھانجی۔ البتہ متبنیٰ کی بیوی محرمات میں داخل نہیں ہے۔ اس حکم کے نزول سے قبل جو رشتے ہو چکے اور اب انہیں قطع نہیں کیا جا سکتا، ان کو درست مانا جائے گا۔ جن کو حال پر قطع کیا جا سکتا ہو، ان کو حکم کے مطابق بنایا جائے گا۔ جہاں بھی حکم کو دل و جان سے مانا جائے گا، اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے۔[2]

1۔ سورہ النساء 4:23

2۔ تفسیرِ فاضلی، حضرت فضل شاہ، ج1، ص286,287، 1412ھ، فاضلی فاؤنڈیشن، لاہور

## میاں بیوی ایک دوسرے کے لیے بحیثیت لباس

اللہ نے اس پوری کائنات کو دورخوں میں تشکیل کیا ہے اور ان دونوں رخوں پر ظاہر و باطن کے ساتھ مذکر اور مونث رخ بھی بنائے ہیں اور مذکر اور مونث رخوں کے ملاپ سے محبت، یگانگت اور باہمی الفت کے ذریعہ نسل کشی کا سلسلہ قائم ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ[1]

ترجمہ:''شوہر اور زوج دونوں ایک دوسرے کالباس ہیں۔''

ماں باپ دونوں کے اعتماد اور محبت و شفقت سے اولاد کی بہترین تربیت ہو جاتی ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑی برائی زن و شوہر میں جدائی ڈالنا ہے لیکن میاں بیوی کے مزاج میں کوشش کرنے کے باوجود ہم آہنگی نہ ہو تو بامر مجبوری دونوں علیحدگی اختیار کر سکتے ہیں۔علیحدہ ہونے کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو قانون بنایا ہے وہ رہنمائی کرتا ہے کہ آخر وقت تک کوشش کرتا ہے کہ گھر بنا رہے، ٹوٹے نہیں، علیحدگی یا طلاق دراصل دو خاندانوں میں افتراق ہے، اللہ کے اس ناپسندیدہ عمل سے بچوں پر بہت برے اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ بے سہارہ ہو جاتے ہیں ان کے اندر احساس محرومی پیدا ہو جاتا ہے معاشرہ میں آگے بڑھنے اور قومی دھارے میں شریک ہونے کا حوصلہ پست ہو جاتا ہے۔[2]

## مُطلقہ کی عدت

قرآن حکیم میں طلاق کے سلسلہ میں بڑی وضاحت سے قانون بیان ہوا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ[3]

ترجمہ:''اور انتظار کریں گی طلاق یافتہ خواتین تین مرتبہ حیض تک اور یہ حلال نہیں کہ اللہ کی اس تخلیق کو چھپائیں جو ان کے پیٹ میں ہے اگر وہ اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہیں۔''

حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں:

جن عورتوں کو ایک یا دو طلاقیں دی گئی ہیں وہ عدت تک یعنی تین حیض تک ٹھہریں اس عرصہ میں کہیں اور نکاح نہیں کر سکتیں اگر حمل سے ہوں تو صاف بیان کر دیں چھپانا کسی طرح بھی جائز نہیں اگر خدا اور رسول پر ایمان لائی ہیں تو بالکل نہ چھپائیں عدت کے اندر یعنی تین حیضوں یا حمل کے اندر ان کے خاوندوں کو طلاق واپس لینے کا پورا حق حاصل ہے اگر اصلاح اور محبت کا ارادہ رکھتے ہیں اور اگر نقصان دینا مقصود ہے کہ طلاق واپس لے کر عورت کو ضرر پہنچایا جائے تو یہ فعل حرام ہے، طلاق واپس لینا دو ہی طلاقوں میں ہے ابتدائے اسلام میں یہ تھا کہ طلاق دینے والا اگر ہزار طلاقیں بھی دے تب بھی واپس کر سکتا تھا جب یہ آیت اتری تو ایک یا دو طلاق واپس ہو سکتی ہے (یا رجوع کر سکتا ہے) تیسری کے بعد واپس نہیں ہو سکتی۔[4]

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تشریح و تفصیل بیان کرتے ہوئے خواجہ شمس الدین عظیمی اپنی کتاب ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین میں یوں لکھتے ہیں:**

---

1۔البقرۃ 2:187

2۔نواب شاہجہاں بیگم، تہذیب النسواں و تربیت الانسان، ص:112، نعمانی کتب خانہ، لاہور

3۔البقرۃ 2:228

4۔السیوطی، جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر، امام، نومبر 2006ء، تفسیر دُرّ منثور، ج 1، ص 716,717، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور

قرآن کریم میں ارشاد ہے:

''وَالْمُطَلَّقٰتُ''یعنی ''طلاق یافتہ خواتین''اس آیت کی تفسیر میں شاہ عبدالقادر دہلویؒ، اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلویؒ، مولانا اشرف تھانویؒ،اور مولانا ابوالاعلی مودودیؒ کی تفسیر سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ مندرجہ بالاآیت مبارکہ میں مطلقہ ایسی خواتین کو کہا گیاہے جس کو ایک یا دو طلاق دی جاچکی ہو۔ شرعی لحاظ سے پہلے طلاق کو رجعی، دوسری کو بائن(اس میں بھی زوجین کو رجوع کا حق حاصل ہوتا ہے)اور تیسری مغلظ کہلاتی ہے جس کے بعد زوجین میں تعلق ختم ہوجاتاہے۔

مندرجہ بالاآیت کے حوالے سے قرآن کریم کے طریقہ تخاطب کے مطابق طلاق دینے والے کیلئے لازم قرار دیا گیاہے کہ وہ پہلے طلاق رجعی دے پھر طلاق بائن،اس کے بعد بھی اختلاف ختم نہ ہو تو طلاق مغلظ دی جائے۔اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ یہ ترتیب سورۃ بقرہ میں بیان ہوئی ہے۔

## طلاق دینے کے بعد بھی عورت کی عزت واحترام کاخیال رکھنا

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَلاَ تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ وَلاَ تَتَّخِذُوْا آيَاتِ اللهِ هُزُوًا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتَابِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ وَاتَّقُوا اللهَ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ[1]

ترجمہ:''اور جب طلاق دے دو تم عورتوں کو توان کا مقررہ وقت پورا ہو جائے یا بھلے طریقہ سے ان کو روک لو یا بھلے طریقہ سے ان کو رخصت کردو محض ستانے کی خاطر انہیں نہ روکے رکھو، یہ زیادتی ہوگی جو ایسا کرے گا وہ درحقیقت خود پر ہی ظلم کرے گا،اللہ کی آیات کا کھیل نہ بناؤ، بھول نہ جاؤ کے اللہ نے کسی نعمت عظمیٰ سے تمہیں سرفراز کیاہے۔ وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ جو کتاب اور حکمت اس نے تم پر نازل کی ہے اس کا احترام ملحوظ رکھو، تقویٰ اختیار کرو،خوب جان لو کہ اللہ کو ہر شے کا علم ہے۔''

یہاں بھی وہی ترتیب ہے یعنی طلاق اصل میں وہی ہے جو مرحلہ وار دی جائے،ان مراحل کے درمیان عدت کا وقفہ ہے جس میں فریقین کو سوچنے کا موقع مل جاتاہے تاکہ بہتر فیصلہ کر سکیں۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اَلطَّلاَقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ[2]

ترجمہ:''طلاق دو دفعہ ہے تو اچھی طرح عورت کو پاس رکھو یا احسن انداز سے اسے رخصت کردو۔''

قرآن کریم میں تیسری اور حتمی طلاق کا بیان اس طرح ہے:

فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلاَ تَحِلُّ لَهٗ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَّتَرَاجَعَا إِنْ ظَنَّا أَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللهِ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ[3]

---

1۔البقرۃ 2:231

2۔البقرۃ 2:229

3۔البقرۃ 2:230

ترجمہ: ''پھر (تیسری دفعہ) طلاق دی گئی تو پھر وہ بیوی اس پر حرام ہے ہاں اگر وہ خاتون کسی اور نکاح کر کر لے اور وہ پھر اسے طلاق ہو جائے تب اگر پہلا شوہر اور عورت یہ خیال کریں کہ حدود الٰہی پر قائم رہیں گے تو ایک دوسرے کی طرف رجوع کر لینے میں کوئی مضائقہ نہیں یہ اللہ کی مقرر کردہ حدیں ہیں جنہیں وہ لوگوں کی ہدایات کے لیے واضح کر رہا ہے جو علم والے ہیں۔''

## طلاق دینے کے طریقوں کا خلاصہ

طلاق واقع ہونے کے لیے اللہ کی طرف سے جو ہدایات دی گئی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے:

1۔ طلاق تین وقفوں کے درمیان دی جائے، قران کریم میں کسی بھی جگہ بیان نہیں ہوا کہ ایک نشست میں دی جانے والی طلاقوں کو تین طلاقوں میں تسلیم کیا جائے، ایک نشست کی تین یا تین سے زیادہ طلاقیں ایک شمار کی جائیں گی، قرآن کریم تشریح کرتا ہے کہ اگر میاں بیوی میں صلح کی کوئی صورت نہ نکل رہی ہو تو طلاق رجعی دے کر دونوں ایک ہی گھر میں الگ ہو جائیں اس علیحدگی کو قرآن میں ''عدت'' کہا گیا ہے۔

2۔ عدت ایک ایسی حکمت عملی ہے جو میاں بیوی کو سوچنے سمجھنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ قرآن کریم کی مندرجہ بالا آیتیں انسانی شعور کو ایک طرف متوجہ کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ زوجین کو ٹھنڈے دل سے اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں اور ایک دوسرے کے برتاؤ پر غور کرنے کا موقع فرہم کرتے ہیں۔

3۔ سورۃ الطلاق کی پہلی آیت سے یہ مفہوم اخذ ہوتا ہے کہ طلاق رجعی کے بعد فریقین میں مفاہمت ہو یا علیحدگی دونوں صورتوں میں دو گواہ بنا لیے جائیں یہ حکم بتاتا ہے کہ نکاح کی طرح طلاق کے معاملہ میں بھی گواہی ضروری ہے۔ تنہائی میں کہہ دینا یا کاغذ پر لکھ دینے سے طلاق واقع نہیں ہو گی۔

4۔ سورۃ بقرہ کی آیت 230 کا مفہوم یہ ہے کہ طلاق رجعی کے بعد ایک وقفہ (عدت کے بعد دونوں بھلے طریقہ سے رہنے لگیں یا پھر علیحدگی اختیار کر لیں۔ مردوں کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ اس معاملے میں عورتوں ستائیں اور زیادتی کریں جو شخص بھی ایسا کرتا ہے، طلاق کی قرآنی حکمت اور ترتیب کو بالائے طاق رکھ دیتا ہے اسے اللہ تعالیٰ آیات کا کھیل تماشہ بنا دینے سے تشبیہ دیتے ہیں اور ایسے لوگوں کو خوفناک عذاب کی خبر دیتے ہیں۔

5۔ جن خواتین کو طلاق مغلظ (تیسری طلاق) دے دی جائے وہ اس شوہر کے نکاح سے نکل گئی اب اس کا کوئی اختیار اور تعلق خاتون سے باقی نہ رہا۔ اب وہ خاتون کسی دوسرے سے نکاح کر کے گھر بسائیں، بالفرض محال اگر دوسرے شوہر کا انتقال ہو جائے یا وہ بھی بیان کردہ قرآن کی ترتیب کے مطابق طلاق دے دے تو خاتون اپنے پہلے شوہر سے شادی کر سکتی ہے ورنہ نہیں۔ اس سخت حکم کی توجیہہ یہ ہے کہ دونوں میاں بیوی اپنے ذہنوں میں یہ باور کر لیں کہ طلاق مغلظ واقع ہونے کے بعد موافقت کا دروازہ بند ہو جائے گا اس لیے پہلے اچھی طرح غور کر لیں۔

## تین طلاقوں میں پوشیدہ حکمت

حضرت کبیر ابن جریر فرماتے ہیں کہ دور جاہلیت میں مرد جتنی بار چاہتا تھا اپنی بیوی کو طلاق دے دیتا تھا اس کے اوپر کوئی قدغن نہ تھی اور ہر دفعہ عدت ختم ہونے سے پہلے رجوع کرتا۔ اس آیت کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے عورت کو تحفظ عطا فرمایا ہے کہ تین دفعہ طلاق دینے کے بعد وہ دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر کے گھر بسائے تاکہ عورت کی عزت نفس مجروح نہ ہو۔ تقریباً تمام مسالک کے علمائے کرام اس بات پر متفق ہیں کہ سیدنا حضور ﷺ کے دور اقدس میں ایک ہی نشست میں دی گئی تین یا اس سے زائد طلاقوں کو ایک ہی تصور کیا جاتا ہے، سنن ابی داؤد اور مسند احمد کی مشہور حدیث ہے جسے تمام مسلک مستند قرار دیتے ہیں۔

عن ابن عباس قال طلق عبد يزيد أبو ركانة واخوته أم ركانة ونكح امرأة من مزينة فجاء ت النبی ﷺ فقالت ما يغنى عنى الا كما تغنى هذه الشعرة لشعرة أخذتها من رأسها ففرق بينى و بينه فأخذت النبی ﷺ حمية فدعا بركانة واخوته ثم قال لجلسائه أترون فلانا يسبه منه كذا و كذا من عبد يزيد وفلانا منه كذا و كذا؟ قالوا نعم قال النبی ﷺ لعبد يزيد طلقها ففعل قال راجع امرأتک أم ركانة واخوته فقال انى طلقتها ثلاثا يا رسول الله قال قد علمت راجعها وتلا يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ[1]

ترجمہ: حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ دور نبوی میں ابو رکانہؓ نے اپنی بیوی اُمّ رکانہ کو طلاق دے کر قبیلہ مزینہ کی ایک عورت سے نکاح کر لیا پس حضور ﷺ نے ابو رکانہؓ سے کہا کہ تم اپنی گھر والی اُمّ رکانہ سے رجوع کر لو اس پر وہ کہنے لگے کہ یا رسول مکرم ﷺ میں تو اسے تین طلاقیں دے چکا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''قد علمت راجعها'' ''مجھے معلوم ہے تم رجوع کر لو'' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔ ترجمہ: ''اے نبی جب تم اپنی بیوی کو طلاق بیٹھو تو انکی عدت میں (یعنی توقف سے) دو۔''

أن أبا الصهباء قال لابن عباس أتعلم أنما كانت الثلاث تجعل واحدة على عهد النبی ﷺ وأبی بكر و ثلاثا من امارة عمر فقال ابن عباس نعم[2]

ترجمہ: ابن عباس سے سوال کیا گیا کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ دور نبوی میں ایک نشست کی 3 طلاق کو ایک سمجھا جاتا تھا؟ حضرت ابن عباس نے جواب دیا کہ حضور نبی ﷺ کے زمانے میں حضرت عہد صدیقی میں اور عہد فاروقی کے 3 سال تک یہی دستور رہا۔

امام محمد بن مقاتل فقہ حنفی کے پیشواؤں میں سے ہیں، مازری نے ان کے حوالہ سے کتاب معلم میں بیان کیا ہے ''امام ابو حنیفہ اور حضرت امام احمد کا قول بھی یہی ہے۔'' ان کی یہ عبارت تمجید کے حاشیۂ بیضاوی پر اس طرح تحریر ہے۔

ترجمہ: ''دو یا تین طلاقیں ایک ساتھ دینا بدعت ہے، خلاف شرع ہے، حرام ہے، ممنوع ہے باوجود اس کے بھی جب کوئی ایسا کرے کہ دو یا تین طلاقیں ایک ساتھ دے دے اور کہہ دے کہ طلاق طلاق طلاق تو بھی ایک ہی طلاق رجعی واقع ہو گی۔''

---

1۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الطلاق، بقیۃ باب مانسخ المراجعۃ بعد الثلاث تطلیقات، ج 4، ص 188، دار التاصیل، بیروت

2۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الطلاق، باب طلاق الثلاث، ص 631، مکتبہ دار السلام الریاض،

## اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ پر علمی بحث

اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ کی تفسیر میں قاضی ثناءاللہ پانی پتی لکھتے ہیں:

''اس آیت میں اثنتان کا لفظ نہیں بلکہ مرتان کا لفظ ہے اس سے تفریق تو لفظ سے معلوم ہوئی اور عدد اشارہ سے اور الطلاق پر الف لام جنس کے لیے ہے تو اس سے خارج کوئی چیز نہیں، پس اس سے صاف عیاں ہے کہ جو دو طلاقیں جو ایک ساتھ جمع کر دی جائیں وہ غیر معتبر ہیں جب دو کا شرعاً اعتبار نہیں تو تین جو ایک ساتھ دی جائیں ظاہر ہے کہ وہ بھی شرعاً معتبر نہیں ہیں کیونکہ تین بھی دو میں شامل ہیں بلکہ اس کے بھی ہیں۔''[1]

یہ بات پوری طرح واضح ہونی چاہئے کہ جب ایک نشست میں طلاق نہیں دی جاسکتی تو کس طرح طلاق واقع ہوگی؟

اللہ تعالیٰ اس قانون کے بارے میں فرماتے ہیں:

وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا[2]

ترجمہ: ''اور انتظار کریں گی طلاق یافتہ خواتین تین مرتبہ حیض تک اور یہ حلال نہیں کہ اللہ کی اس تخلیق کو چھپائیں جو ان کے پیٹ میں ہے اگر وہ اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہیں۔''

## طلاق کے معاملات پر علماء کا اتفاق

حضرت ابن عباسؓ، مولانا اشرف علی تھانویؒ، پیر کرم شاہ الازہریؒ، مولانا ابوالا علی مودودیؒ، مولانا احمد رضا خان بریلویؒ اور مشہور علمائے کرام اس بات پر متفق ہیں کہ مندرجہ بالا آیت میں طلاق سے مراد وہ طلاق ہے جس میں رجوع کی گنجائش ہے اس طرح آیت مذکورہ اور علمائے کرام کی تفاسیر سے یہ ثابت ہوا کہ ایک طلاق کے بعد عدت تین حیض اندازہ تین ماہ ہے یعنی اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک طلاق دیتا ہے تو عورت اسی گھر میں رہتے ہوئے تین ماہ تک عدت کے دن پورے کرے گی ان تین ماہ کے دوران اگر دونوں میں موافقت نا ہو تو خاندان والوں کو بلایا جائے وہ دونوں فریقین کو سمجھائیں گیا گر پھر بھی مفاہمت نا ہو تو مرد ایک طلاق اور دے گا اور عورت تین ماہ کی عدت دوبارہ شوہر کے گھر میں رہتے ہوئے پوری کرے گی، جب یہ عرصہ بھی گزر جائے گا تو خاندان والے دوبارہ جمع ہوں گے۔

اگر مفاہمت ہو جائے تو تجدید نکاح کریں گے بصورت دیگر شوہر گواہوں کے سامنے تیسری طلاق دے گا اور عورت اس سے علیحدہ ہو کر عدت پوری کرے گی، اس طرح طلاق کا پورا دورانیہ تقریباً نو ماہ بنتا ہے جن میں چھ ماہ وہ ہیں جن میں زوجین رجوع کر سکتے ہیں۔ پورے دورانیہ کا نفسیاتی تجزیہ کریں کہ طلاق کی کتنی کڑی شرائط لگائی گئی ہیں مثلاً طلاق صرف حالت طہر میں دی جائے، حالت حیض میں نہیں، ایک ہی نشست میں ایک بار طلاق دے کر تین ماہ تک انتظار کیا جائے اس دوران رجوع کرنا چاہیں تو کوئی پابندی نہیں۔[3]

## طلاق اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے

طلاق کی ان تمام شرائط سے یہ حقیقت آشکار ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ طلاق کو ناپسند کرتے ہیں۔ سیدنا حضور ﷺ نے فرمایا:

---

1۔ پانی پتی، ثناءاللہ، قاضی، 1999ء، تفسیر مظہری، ج1، ص346، دارالاشاعت، کراچی

2۔ البقرۃ 2:228

3۔ اسلام میں عورت کا مقام، بدیع الدین شاہ راشدی، صفحہ: 69، منگل 06 جنوری 2009ء، ناشر: فاران فاؤنڈیشن، لاہور

أبغض الحلال الى الله الطلاق[1]

ترجمہ: ''حلال چیزوں میں اللہ تعالیٰ کو سب سے ناپسند چیز طلاق ہے۔''

طلاق کا خیال عموماً غصہ کی حالت میں آتا ہے اور غصہ میں مبتلا شخص کو اتنا وقت ضرور دینا چاہئے کہ وہ عقل و شعور کے ساتھ فیصلہ کر سکے۔ اسلام دین فطرت ہے اسلام نے فریقین کو یہ موقع دیا ہے کہ عدت کی صورت میں ایک ساتھ رہیں اس عمل سے اسّی (80) فیصد امکان ہے کہ دونوں فریقین طلاق کے فیصلہ پر نظر ثانی کریں، غصہ ختم ہونے پر فریقین کو معصوم بچے بھی یاد آتے رہتے ہیں، خانماں بر باد گھرانے کا تصور بھی آتا ہے، اپنی کمزوریوں اور کوتاہیوں کا آدمی موازنہ بھی کرتا ہے اور دو خاندانوں کی تباہی کا خیال بھی دامن گیر ہوتا ہے۔ دوست احباب اور خاندان کے بڑے بزرگ بھی سمجھاتے ہیں جس کے نتیجے میں آدمی صحیح فیصلہ کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے اور یوں بچے کسمپرسی کے حال سے نجات حاصل کر لیتے ہیں۔ قرآن کریم میں عدت پر بہت زور دیا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ طلاق بتدریج دی جائے۔

يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُواالْعِدَّةَ[2]

ترجمہ: ''اے پیغمبر! عورتوں کو ان کی عدت کے حساب سے طلاق دو اور ان کی عدت کو گنا کرو۔''

## وقفے وقفے سے طلاق دینے میں پوشیدہ حکمتیں

عدت کے زمانے کا شمار کرنا مطلق حکم یعنی تینوں طلاقوں کے درمیان وقفہ ضروری ہے۔ قرآن کریم کے بیان کردہ طریقہ سے زوجین میں ہونا ہی مشکل ہے کیونکہ چند ہی روز میں ان کا غصہ ختم ہو گا تو وہ خود ہی اس مذموم جذبہ کے برے اثرات سے آگاہ ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے محبت سے کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے میاں بیوی کو ہم لباس قرار دیا ہے، اللہ تعالیٰ معصوم بچوں سے پیار کرتے ہیں، اللہ نے ان کی حفاظت کے لئے فرشتے مقرر کئے ہیں، ماں کے سینے کو دودھ سے بھر دیتے ہیں، باپ کے دل کو شفقت سے معمور کرتے ہیں، اللہ اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ گھر برباد ہو۔ یہ بات الگ ہے کہ جب کسی بھی طرح نبھانہ ہو اور موافقت کی صورت نہ نکلے تو الگ ہونا مجبوری ہے اللہ تعالیٰ ستار العیوب ہیں، غفار الذنوب ہیں، اپنے بندوں کے عیب چھپاتے ہیں، گناہوں کو معاف کرتے ہیں۔ میاں بیوی کو سوچنے سمجھنے کا وقت ملے گا تو وہ ایک دوسرے کو معاف کر دیں گے جس کا قصور ہو گا وہ معافی مانگ لے گا اور نونہالوں کے چمن پر خزاں نہیں آئے گی۔

### حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی اپنی کتاب ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین میں لکھتے ہیں:

میں نے ایک مرتبہ مرشد کریم حضور قلندر بابا اولیاءؒ (محمد عظیم برخیا) سے پوچھا: ''اللہ کے نزدیک سب سے برا فعل کون سا ہے؟'' میرا خیال تھا کہ فرمائیں گے قتل سب سے برا فعل ہے لیکن توقع کے بر خلاف انہوں نے فرمایا ''طلاق'' نوع انسانی کے فعال میں سب سے برا فعال یہ ہے کہ عورتوں اور بچوں کو بے سہارا کر دیا جائے جب کہ حوا کو آدم کے لئے اور آدم کو حوا کے لئے تخلیق کیا گیا ہے تاکہ زمین اللہ کی مخلوق سے آباد رہے۔

اسلامی ممالک میں ایک نشست میں تین طلاقوں کا رواج ختم ہوتا جا رہا ہے اسلامی ملک مصر کی حکومت نے 1929ء میں سرکاری طور پر ایک قانون شق 25 جاری کر دیا جس کے الفاظ یہ ہیں:

---

1۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، دار التاصیل، بیروت

2۔ الطلاق 65:1

"لفظی یا اشارہ کے ذریعے متعدد دفعہ دی گئی طلاقوں کو ایک ہی شمار کیا جائے گا۔"[1]

## حق مہر

اسلام سے قبل عرب میں یہ رواج تھا کہ اکثر لوگ جب اپنی بیویوں کو علیحدہ کرتے تھے تو نہ عورت کو حق مہر دیتے تھے اور نہ ہی خوش اسلوبی سے رخصت کرتے تھے۔ عورت بے یار و مددگار ہو جاتی تھی۔ کوئی اس کا پرسان حال نہ ہوتا تھا۔ اسی لئے معاشرے میں بے حیائی عام ہو گئی تھی۔ اسلام نے جہاں عورت کو دیگر بے شمار حقوق سے نوازا وہاں اس کے ایک حق، حق مہر کے لئے بھی باضابطہ قانون بنایا۔ اس قانون کی رو سے حق مہر کا بنیادی مقصد بیوی کو تحفظ دینا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے مہر کی مقدار کے حوالے سے قنطار کا لفظ استعمال کیا ہے۔ جس کے لغوی معنی "سونے کے ڈھیر" کے ہیں جسے ہر قیمت پر ادا کرنا فرض ہے۔ اس میں کسی حیلے کی گنجائش نہیں۔ مہر کی رقم کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اگر مہر موجل (Payable on demand) مانگنے پر شوہر، لڑکی کو ادا نہیں کرتا تو ایسی صورت میں لڑکی نہ صرف حقوق زوجیت ادا کرنے سے انکار کر سکتی ہے بلکہ شوہر سے علیحدہ بھی رہ سکتی ہے۔ طلوع اسلام سے پہلے لوگ دوسرے مال کی طرح اپنے مرحوم رشتے داروں کی بیویوں کے وارث بن جاتے تھے۔ اگر چاہتے تو بے مہر انہیں اپنی زوجیت میں رکھتے یا کسی اور کے ساتھ شادی کر دیتے اور مہر لے لیتے تھے یا عورت کو قید کر دیتے تھے۔[2]

ایک دفعہ حضرت عمر فاروقؓ نے بر سر منبر خطبہ دیا کہ "بیویوں کا حق مہر زیادہ نہیں رکھو۔" ایک خاتون کہنے لگی کہ "اے عمر! اللہ ہمیں زیادہ عنایت کرتا ہے اور آپ روک رہے ہو۔" امیر المومنین نے جواباً کہا: "اے عمر! تم سے ہر فرد بہت سمجھدار ہے۔ جو چاہو مقرر کرو۔"

اسی موضوع پر حدیث مبارکہ میں یوں ذکر کیا گیا ہے:

عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ جَحْشٍ وَكَانَ أَتَى النَّجَاشِيَّ، وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ إِسْحَاقَ وَكَانَ رَحَلَ إِلَى النَّجَاشِيِّ فَمَاتَ، وَأَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ أُمَّ حَبِيبَةَ، وَإِنَّهَا بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ، زَوَّجَهَا إِيَّاهُ النَّجَاشِيُّ، وَمَهَرَهَا أَرْبَعَةَ آلَافٍ، ثُمَّ جَهَّزَهَا مِنْ عِنْدِهِ، وَبَعَثَ بِهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ شُرَحْبِيلَ بْنِ حَسَنَةَ، وَجِهَازُهَا كُلُّهُ مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ، وَلَمْ يُرْسِلْ إِلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ، وَكَانَ مُهُورُ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ[3]

ترجمہ: حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ وہ عبید اللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں، ایک مرتبہ عبید اللہ نجاشی کے یہاں گئے اور وہیں فوت ہو گئے، نبی ﷺ نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کر لیا، اس وقت وہ ملک حبش میں ہی تھیں، نجاشی نے نبی ﷺ کا وکیل بن کر ان سے نبی ﷺ کا نکاح کرا دیا اور انہیں چار ہزار درہم مہر کے دیئے اور انہیں اپنے یہاں سے رخصت کر دیا اور حضرت شرجیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں روانہ کر دیا، یہ سب تیاریاں نجاشی کے یہاں ہوئی تھیں، نبی ﷺ نے ان کے پاس کچھ نہیں بھیجا تھا، نبی ﷺ کی ازواج مطہرات کے مہر چار سو درہم رہے ہیں۔

1۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، 2003ء، ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین، ص336، الکتاب پبلشر، کراچی

2۔ ابو سعد احسان الحق، اسلام عورت اور یورپ، منگل 28 فروری 2017ء ناشر : دارالاندلس، لاہور

3۔ ابن حنبل، احمد بن محمد، ابو عبداللہ، 1997ء، مسند احمد، الجزء الخامس والأربعون، حدیث نمبر 27408، ص398، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت

## مہر کی رقم کتنی ہونی چاہئے

حدیث مبارکہ میں یوں بیان کیا گیا ہے:

عن أبی سلمة بن عبد الرحمن انه قال سألت عائشة زوج النبی ﷺ کم کان صداق رسول الله ﷺ؟ قالت کان صداقه لأزواجه ثنتی عشرة أوقیة و نشا قالت أتدری ما النش؟قال قلت لا قالت نصف أوقیة فتلک خمس مائة درهم، فهذا صداق رسول الله ﷺ لازواجه[1]

ترجمہ: "حضرت ابو سلمہؓ سے روایت ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ سے سوال کیا نبی کریم ﷺ کی حق مہر کی مقدار کتنی تھی فرمایا، آپ کا مہر اپنی بیویوں کے متعلق بارہ اوقیہ اور نش تھا۔ بولیں کیا تم معلوم ہے کہ نش کتنا ہے؟ میں نے انکار کیا، فرمایا آدھا اوقیہ یہ پانچ سو درہم ہوتے ہیں۔ رسول مکرم ﷺ کا اپنی ازواج کے لیے یہ حق مہر تھا۔

سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہؓ کا مہر پانچ سو درہم یا اس قیمت کے اونٹ تھے۔ حضرت جویریہؓ کا مہر چار سو درہم حضرت ام حبیبہؓ کا چار سو درہم اور حضرت سودہؓ کا مہر چار سو درہم تھے۔ اس دور میں ایک اونٹ کی قیمت چار سو درہم تھی اور اونٹ محض دودھ اور گوشت کا ذریعہ نہیں تھا بلکہ بار برداری کے لئے صحرائی جہاز کی حیثیت رکھتا تھا۔

**حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی اپنی کتاب ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین میں امہات المؤمنین کے مہر کی تفصیل کچھ یوں لکھتے ہیں:**

ھدایہ۔ جلد اول۔ "کتاب الزکوٰۃ المال" میں لکھا ہے کہ دور نبوی ﷺ میں دینار دس درہم کے برابر تھا۔ حضرت خدیجہؓ، حضرت عائشہؓ اور حضرت میمونہؓ کا مہر پانچ سو درہم یعنی پچاس دینار تھا۔

پچاس دینار، پانچ سو پچھتر (575) گرام سونے کے برابر ہیں۔ پانچ سو درہم کا مطلب آدھا کلو اور پچھتر گرام سونا ہے۔

حضرت خدیجہؓ کا مہر موجودہ دور کی مالیت کے مطابق آدھا کلو پچھتر گرام سونا تھا جو پاکستانی زرمبادلہ میں تین لاکھ پینتالیس ہزار (345,000) روپے ہے۔

حضرت عائشہؓ کا مہر بھی آدھا کلو پچھتر گرام سونا تھا جس کی مالیت تین لاکھ پینتالیس ہزار روپے بنتی ہے۔

حضرت میمونہؓ کا مہر بھی تین لاکھ پینتالیس ہزار روپے تھا۔

اللہ کے محبوب نبی مکرم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی لخت جگر، حضرت بی بی فاطمہؓ کا مہر چھ سو درہم تھا۔ جس کا وزن آدھا کلو آدھا پاؤ ایک چھٹانک پندرہ گرام سونا بنتا ہے۔ اتنے وزن سونے کی مالیت، پاکستانی کرنسی میں، چار لاکھ اکیس ہزار پانچ سو (4,21,500) روپے ہے۔[2]

**مذکورہ بالا سطور میں رسول مطہر ﷺ کی ازواجِ مطہرات اور جناب ﷺ کی صاحبزادیوں کے مہر کی تفصیل کو ذکر کیا گیا ہے،** بعینہٖ علامہ غلام رسول سعیدی نے تفسیر تبیان جلد دوئم صفحہ 569 اور 570 (مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور) پر پیغمبر خدا ﷺ کی ازواج اور آپ کی صاحب زادیوں کے مہر کے متعلق قرآن واحادیث مبارکہ کے حوالہ جات کے ذریعے تفصیلاً ذکر کیا ہے۔

---

1۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب النکاح، باب الصداق، ص 599، مکتبہ دار السلام، الریاض

2۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، 2003ء، ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین، ص 56، الکتاب پبلشر، کراچی

### خلاصہ بحث

فصلِ ہذا میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے خواتین کو دیئے جانے والے حقوق میں سے حقِ نکاح اور اس سے متعلقہ اُمور کا نہایت گہرائی کے ساتھ جائزہ پیش کیا گیا۔ جس میں خواتین کو نکاح کا حق حاصل ہونا، مہر کی مقدار کا تعین، طلاق کے مسائل، کن صورتوں میں طلاق دی جاسکتی ہے وغیرہ۔ فصلِ ہذا میں پیش کئے گئے علمی و تحقیقی حقائق کی روشنی میں یہ بات سمجھ آتی ہے کہ ہمارے معاشرے میں موجود علمی حلقوں کی طرف سے تعلیمات کے نظام کو دوبارہ غور و فکر کر کے مسائل و معاملات کے متعلق اپنی آراء کو درست سمت کی طرف گامزن کرنے کی ضرورت ہے۔ مذکورہ بالا مسائل کے متعلق محقق نے نہایت خلوصِ نیت کے ساتھ اپنی تحقیق کو پیش کیا ہے۔ خواتین کے حقوق میں سے حقِ نکاح ایک نہایت اہم مسئلہ ہے، اگر اسی مسئلے کے متعلق اپنے علمی معاملات کو قرآن و حدیث میں بیان کی گئی رہنمائی کی روشنی میں درست کیا جائے تو مرد اور عورت کے درمیان پائے جانے والے متعدد شکوک وشبہات ٹھیک ہو سکتے ہیں۔

# بابِ دوئم: عورت اور اُس کی ازدواجی زندگی، سورۃ النساء کی روشنی میں

## فصلِ دوئم: حق نان ونفقہ

### مبحث اول: تعارف

بیوی کے حقوق میں سے عظیم حق یہ ہے کہ خاوند اس پر خرچ کرے اور اس کا نان ونفقہ برداشت کرنا بندے کے لیے اللہ تعالیٰ کے قرب اور اطاعت کا بہت بڑا ذریعہ ہے نفقہ ان اشیاء پر مشتمل ہے کھانا پینا، لباس، رہائش، اور بیوی اپنے بدن اپنی بہتر رونق قائم رکھنے کے لیے جس چیز کی محتاج ہو۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ مرد ہی عورتوں پر خرچ کرنے والے ہیں ان کا خرچہ مردوں کے ہی ذمہ ہے اور اسی وجہ سے انہیں گھر میں سربراہی اور عورتوں پر فضیلت ہے۔ فصلِ ہذا میں بیوی کے نان ونفقہ کے متعلق قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کیا جارہا ہے۔

### نفقہ کی تعریف

نفقہ کے لغوی معنی خرچ کے ہیں۔[1]

اس سے مراد وہ شے ہے جو گھر کا سربراہ اپنے گھر والوں پر خرچ کرتا ہے۔ اصطلاحی معنی میں اس سے مراد بیوی کے روزمرہ کے اخراجات ہیں جن میں خوراک لباس اور سکونت شامل ہیں۔

### نفقہ زوجیت کی اقسام

نفقہ زوجیت کی تین قسمیں ہیں جن میں عام طور پر رہائش کھانا پینا اور لباس شامل ہیں جو مرد کی استطاعت معاش کے مطابق لازم ہے۔

### شوہر پر بیوی کا نفقہ واجب ہونے کی شرائط

شوہر پر بیوی کا نفقہ واجب ہونے کی شرائط اور ادائیگی کے متعلق ڈاکٹر طاہر القادری یوں لکھتے ہیں:

**''شوہر پر بیوی کا نفقہ واجب ہونے کی شرائط درج ذیل ہیں:**

1۔ نکاح صحیح ہو کیونکہ شوہر پر بیوی کے نفقہ کے واجب ہونے کی ایک شرط نکاح 'صحیح' ہے۔ نکاح فاسد ہونے کی صورت میں بیوی نفقہ کی مستحق نہ ہوگی۔

2۔ بیوی قابل مباشرت ہو یعنی بیوی کے نفقہ کے لیے اصلاً اس کی عمر کا اعتبار نہیں کیا جائے گا بلکہ یہ دیکھا جائے گا کہ وہ مباشرت کی مشقت کو برداشت کر سکتی ہے یا نہیں۔ اگر برداشت کر سکتی ہے تو نفقہ واجب ہوگا خواہ شوہر نابالغ ہو اور اس سے صحبت پر قادر نہ ہو۔

3۔ بیوی خود سپردگی پر آمادہ ہو یعنی خود کو خاوند کے اختیار میں دے دے۔ لیکن اگر شوہر اپنی بیوی کو خود اپنے ساتھ نہ رکھے اور بیوی کی طرف سے ساتھ رہنے میں کوئی رکاوٹ بھی نہ ہو اور وہ والدین کے ہاں رہے، تو اس صورت میں بھی شوہر پر بیوی کا نفقہ واجب ہے۔

4۔ اگر مہرِ معجل ادا نہ کیا گیا ہو یا مہرِ مؤجل ہو یعنی جس کی ادائیگی کی معیاد مقرر ہو اور وہ معیاد پوری ہونے کے باوجود مہر ادا نہ کیا گیا ہو اور اس کے سبب عورت شوہر کے ساتھ رہنے سے انکار کرے تو اس کا یہ

---

1۔ معلوف، لوئیس، 2009ء، المنجد، ص 915، مکتبہ قدّوسیہ، اُردو بازار لاہور

انکار جائز ہو گا۔اس سے اس کے حقِ نفقہ پر کوئی اثر نہ پڑے گا کیونکہ اس کا ذمہ دار مرد خود ہے۔خواہ اس نے عورت سے صحبت کی ہو یا نہ کی ہو، شوہر کو بیوی کا نفقہ دینا ہو گا۔

5۔اِسی طرح اگر عورت شوہر کی بے رحمی یا زیادتی کی وجہ سے اس کے گھر آنے یا اس کے ساتھ رہنے سے انکار کرے تو اس کے حقِ نفقہ پر کوئی اثر نہ پڑے گا۔

## کس پر خرچ کیا جائے؟

...یعنی ان تمام پر خرچ کرو جیسا کہ حدیث میں بھی آیا ہے:

أمک و أباک، أختک وأخاک، ثم أدناک أدناک

ترجمہ: ''اپنی ماں، اپنے باپ، اپنی بہن، اپنے بھائی، پھر درجہ بدرجہ قریبی رشتے داروں پر (خرچ کرو)۔''[1]

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے پیر کرم شاہ الازہری تفسیر ضیاء القرآن میں یوں لکھتے ہیں:**

... حکم دیا جاتا ہے کہ خرچے کی ابتدا اپنے گھر والوں میں سے سب سے پہلے والدین ہیں۔ان کی خدمت اور دیکھ بھال بنیادی فرض ہے۔پھر عزیز و رشتہ دار، بچے، بہنیں، بھائیوں، چچاؤوں، پھپھیوں، ماموں اور خالائیں وغیرہ سبھی سے جود و سخا اہم ہے۔

پھر قوم کے یتامی، محتاجوں، مہاجروں کی۔یہ کتنا فطری طریقہ ہے مدد اور باہمی تعاون کا۔ ایسا نہیں کہ اپنیہ کیسے مناسب ہو سکتا ہے کہ اپنے ماتحت تو بھوکے ہوں اور غیروں پر آپ کی جود و سخا کی بارش ہو۔[2]

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے علامہ شبیر احمد عثمانی اپنی تفسیر میں یوں لکھتے ہیں:**

## انفاقِ مال کے مصارف

بعض اصحاب جو مالدار تھے ان لوگوں نے آپ ﷺ سے دریافت کیا تھا کہ مال میں سے کیا خرچ کریں اور کس پر خرچ کریں اس پر یہ حکم ہوا کہ قلیل خواہ کثیر جو کچھ خدا کے لئے خرچ کرو وہ والدین اور اقارب اور یتیم اور محتاج اور مسافروں کے لئے ہے یعنی حصولِ ثواب کے لئے خرچ کرنا چاہو تو جتنا چاہو کرو اس کی کوئی تعیین و تحدید نہیں البتہ یہ ضرور ہے کہ جو مواقع ہم نے بتلائے ان میں صرف کرو۔[3]

## فوز و فلاح کے حصول کے عملی اقدامات

جس نے مان لیا ہے کہ اس کا مال اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ ہے، اس پر لازم ہے کہ وہ اسے معطیٔ مطلق کی رضا کے مطابق استعمال کرے۔ اللہ کا فرمان ہے کہ میری رضا چاہنے والے میرے عطا کردہ پاک مال کو اپنے قرابت دار پر خرچ کریں، مسکین پر خرچ کریں اور مسافر پر خرچ کریں۔قرابت دار جو نادار ہو وہ حق دار ہوتا ہے۔اس کو اس قدر آسانی مہیا کرنی چاہیئے کہ اس کی وقتی ضرورت عزت کے ساتھ پوری ہو جائے۔ مسکین کو اس طرح مال دینا چاہیئے کہ اس کا رُکا ہوا کام چل پڑے اور مسافر کو اس قدر مدد دینی چاہیئے کہ وہ منزل پر پہنچ جائے۔جو لوگ اللہ کی رضا چاہتے ہوئے اللہ کے عطا کردہ پاک مال کو خرچ کریں گے وہ یقیناً فلاح پائیں گے۔ان کی نیت اللہ کی رضا کا حصول ہو گا، حصولِ مقصد کا طریقہ اُسوئہ حسنہ پر بطریقِ احسن عمل ہو گا اور وہ اللہ سے اپنے حُسنِ عمل کی جزا کی بجائے اللہ کا فضل مانگتے ہیں۔

---

1۔ابنِ کثیر، حافظ، عماد الدین، امام، 1428ھ، تفسیر ابن کثیر، ج 1، ص 455، مکتبہ دار السلام، لاہور

2۔الازہری، محمد کرم شاہ، پیر، 1995ء، تفسیر ضیاء القرآن، ج 1، ص 146، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور

3۔عثمانی، شبیر احمد، علامہ، فروری 2007ء، تفسیر عثمانی، ج 1، ص 179، دار الاشاعت، کراچی

**حاصل:** قرابت دار، مسکین اور مسافر کا ہمارے مال میں حق ہوتا ہے۔ ان حق داروں کو ان کا حق پہنچانا لازم ہے۔ اللہ کی رضا مطلوب ہو تو عمل اس کے مطابق ہونا چاہیئے۔ فلاح انہیں نصیب ہوتی ہے، جو حق داروں کو حق دے کر اُن کی عزت افزائی بھی کرتے ہیں۔[1]

## عورتوں کا نفقہ واجب ہونے کے اسباب

خواتین کو معاشرتی ذمہ داریوں سے عہدہ براہونے کے لیے انہیں مردوں کی ذمہ داری قرار دیا گیا ہے مثلاً نابالغ لڑکی کی پرورش اس کے والدین کے ذمہ، نکاح کے بعد عورت اپنے خاوند کی ذمہ داری ہے۔ اس لحاظ سے عورتوں کا نفقہ واجب ہونے کے اسباب درج ذیل ہیں:

### 1۔ زوجیت

پہلا سبب زوجیت ہے، زوجیت کے معاملہ میں نفقہ کی ذمہ داری کو عورت کو ساتھ رکھنے یا خاوند کے ساتھ رہنے سے مشروط کیا گیا ہے اور اس صورت میں شوہر بیوی کے نان ونفقہ کا ذمہ دار ہوگا، لیکن اگر عورت اپنے خاوند کے ساتھ نہ رہے تو زوجیت بے معنی ہو جاتی ہے۔

### 2۔ قرابت داری

دوسرا سبب قرابت داری اور رشتہ داری کے معاملات ہیں جن میں والدین پر بچوں کی ذمہ داری بطور اولاد اور تحفظ نسب کے لیے واجب ہے، جب کہ جوان اولاد پر ان کے والدین کی بطور فرض خدمت واجب ہے اور صاحب استطاعت لوگوں پر دیگر مفلس اور نادار افراد اور رشتہ داروں کی مدد بطور احسان اور صدقہ معاشرتی تعلقات کے لیے واجب ہوتی ہے۔

### 3۔ ملکیت

تیسرا سبب ملکیت ہے۔ اور یہ سبب آج کے جدید دور میں ناپید ہے۔

مندرجہ بالا تین اسباب سے پتہ چلتا ہے کہ عورتوں کے نان ونفقہ کی ذمہ داری زوجیت میں اس کے شوہر پر کم سنی سے جوانی تک اس کے والدین پر بے سہارا عورتوں کی ذمہ داری ان کے والدین، رشتہ داروں برادری اور حکومت پر ہے۔

## مقدارِ نفقہ کا تعین

مقدار نفقہ کے تعین میں شوہر اور زوجہ دونوں کے مرتبے اور حیثیت کو مد نظر رکھا جائے گا۔ اگر زوجین دونوں غنی ہیں یا دونوں محتاج ہیں تو ان کے تقرر نفقہ کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں یعنی اگر غنی ہیں تو امیرانہ نفقہ مقرر کیا جائے گا اور اگر محتاج ہیں تو اس حیثیت کے مطابق ہوگا۔ لیکن اگر ان میں سے ایک خوش حال اور دوسرا فریق تنگ دست ہے تو اس صورت میں بیوی کا نفقہ میاں بیوی کی مالی کیفیت کے مطابق مقرر ہوگا یعنی اوسط درجے کا نفقہ متعین ہوگا اگر خاوند خوش حال ہے اور بیوی غریب ہے تو بیوی کا نفقہ اس کی حیثیت سے زیادہ اور خاوند کی حیثیت سے کم ہوگا۔ اس میں کوئی دشواری نہیں ہے۔ اگر بیوی مال دار ہے اور خاوند تنگ دست ہونے کی بنا پر اپنی حیثیت سے زیادہ نفقہ دینے سے عاجز ہے تو ایسی کیفیت میں خاوند کو درمیانے درجہ کا نفقہ دینا لازم ہے۔[2]

---

1۔ تفسیرِ فاضلی، حضرت فضل شاہ، ج5، ص234، 1412ھ، فاضلی فاؤنڈیشن، لاہور

2۔ مسلمان عورت، فرید وجدی، سانگلہ ہل، المکتبہ الاثریہ، ننکانہ صاحب

## نفقہ جنس یانقدی کی شکل میں ؟!

نفقہ جنس یانقدی دونوں صورتوں میں دینا جائز ہے۔اس کا تعین ضرورت اور حالات کے مطابق ہو گا۔اگر عورت چاہے کہ اناج لباس اور برتن وغیرہ کی شکل میں نفقہ مقرر کیا جائے تو اسی پر عمل کیا جائے گا۔اگر بیوی کی بھلائی رقم دینے کی صورت میں ہو تو اس شہر میں اشیاء کے نرخ یعنی قیمتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے رقم کی صورت میں نفقہ مقرر کیا جائے گا۔ پھر یہ بھی مد نظر رکھنا ضروری ہے کہ زوجین کی عادت اور عام رواج کیا ہے اور کس قسم کی اشیاء بیوی کو مطلوب ہیں۔[1]

ایک مخصوص رقم نفقہ کے لیے مقرر کر دینا کہ اس میں اضافہ کی گنجائش نہ ہو، قطعاً درست نہیں ہے کیونکہ ہر زمانے کے تقاضے مختلف ہوتے ہیں؛ پھر یہ کہ نفقہ روزانہ ماہانہ سالانہ جس طرح بھی استعمال کرنا ہو ضرورت کے مطابق ادا کیا جائے گا۔اگر شوہر تنخواہ دار ہے جسے ماہانہ اعزازیہ ملتا ہے تو وہ بیوی کو بھی ماہانہ خرچ دے گا۔اگر خاوند کو ہفتہ وار اجرت ملتی ہے تو نفقہ بھی ہفتہ وار دے گا۔اگر خاوند زراعت پیشہ ہے جسے سالانہ پیداوار حاصل ہوتی ہے تو بیوی کو بھی سالانہ نفقہ ملے گا۔

## نفقہ ساقط ہونے کی صورتیں

درج ذیل صورتوں میں نفقہ کا اطلاق نہیں ہو گا:

1۔مرتد عورت۔

2۔خاوند کی اولاد یا سسر سے جنسی تعلق رکھنے کی صورت میں حرمت مصاہرت عائد ہو جائے۔

3۔شوہر کے مر جانے کی وجہ سے عدت گزارنے والی بیوہ عورت۔

4۔وہ لڑکی جس کے ساتھ شبہ میں مباشرت ہوئی ہو۔

5۔نابالغ بچی۔

6۔مریض عورت جو خلوت صحیحہ سے پہلے بیمار ہو گئی ہو۔سوائے وہ جو خاوند کے گھر میں بیمار ہوئی۔

7۔حاجیہ قصد حج کرنے والی۔

## نفقہ کا تعلق نکاح سے ہے یا رخصتی سے ؟

عورت کے نان و نفقہ کا تعلق رخصتی سے ہے، نکاح سے نہیں کیونکہ نان و نفقہ کی ادائیگی مرد کے ساتھ قیام کرنے اور اچھے سلوک کے ساتھ منسلک ہے۔اس لیے عورت کے نان و نفقہ کا تعلق رخصتی اور شوہر کے ساتھ رہنے سے ہے۔

## طلاق کی عدت کی صورت میں بیوی کا نفقہ

طلاق خواہ رجعی ہو یا بائن دوران عدت اس عورت کا نفقہ مرد پر واجب ہو گا جب تک کہ عدت ختم نہ ہو جائے کیونکہ عورت طلاقِ رجعی کی صورت میں مرد کے نکاح میں رہتی ہے، مرد جب چاہے اس سے رجوع کر سکتا ہے۔ وہ اس کے نکاح سے مکمل طور پر آزاد نہیں ہوئی،

---

1۔اسلام میں عورت کا درجہ اور اس کے حقوق و فرائض، عزیز اللہ ندوی جمعہ 20 جنوری 2023ء

اس لیے مرد پر نفقہ واجب ہوتا ہے۔ نیز طلاقِ ثلاثہ کی صورت میں اگرچہ زوجہ اس مرد کے نکاح سے خارج ہو جاتی ہے لیکن دورانِ عدت کسی دوسرے مرد سے نکاح نہیں کر سکتی، اس بناء پر نفقہ کا وجوب باقی رہتا ہے۔[1]

## شوہر کی وفات کی عدت میں عورت کا نفقہ

شوہر کی وفات کی عدت میں عورت نفقہ کی حق دار نہیں ہے لیکن اگر بیوہ حاملہ ہے تو وضعِ حمل تک نفقہ واجب ہوگا۔

حضرت ابوہریرہ سے حدیث ہے حضور نبی مطہر ﷺ نے بیوہ کی کفالت کے سلسلہ میں فرمایا:

اَلسَّاعِيْ عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ،وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَكَالْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ، وَكَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ[2]

ترجمہ: بیوہ اور مسکین کے لئے بھاگ دوڑ کرنے والا اس مجاہد کی طرح ہے جو اللہ کی راہ میں ہو۔

(راوی کا خیال ہے کہ) حضور ﷺ نے فرمایا: وہ اُس قیام کرنے والے کی طرح ہے جو تھکتا نہیں اور اُس روزہ دار کی طرح ہے جو مستقل روزے رکھتا ہے۔

## نفقہ کی ادائیگی میں کنجوسی کرنا

بیوی کا نفقہ شوہر کے ذمہ لازم ہے۔ اس کا بنیادی اصول یہ ہے کہ نفقہ شوہر کی استطاعت کے مطابق ہونا چاہیے ورنہ جیسا مرد کھائے ویسا ہی اپنی بیوی اور بچوں کو کھلائے۔ حضرت حکیم بن معاویہ اپنے والد سے حدیث بتاتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ بیوی کا شوہر پر حق کیا ہے؟ جواباً ﷺ نے فرمایا:

اَنْ يُطْعِمَهَا إِذَا طَعِمَ، وَاَنْ يَكْسُوَهَا إِذَا اكْتَسٰى، وَلَا يَضْرِبِ الْوَجْهَ، وَلَا يُقَبِّحْ، وَلَا يَهْجُرْ إِلَّا فِي الْبَيْتِ[3]

ترجمہ: بیوی کو کھلائے جب خود کھائے، اسے پہنائے جب خود پہنے اور نہ چہرے پر ضرب لگائے اور نہ برا کہے اور اپنے گھر کے علاوہ اکیلا نہ چھوڑے۔

حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی بیوی ہند بنت عتبہ کی طرف سے اپنے خاوند کی کنجوسی کی شکایت کرنے پر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

خُذِيْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوْفِ[4]

ترجمہ: تو اتنا لے سکتی ہے جو تجھے اور تیرے بچوں کے لیے باعزت طور پر کافی ہو۔

معلوم ہوا کہ بیوی پر خرچ کرنے میں تنگی و کنجوسی نہیں کرنی چاہیے بلکہ اِستطاعت کے مطابق بہتر اَسباب پیدا کرنے چاہئیں۔ شوہر اگر بیوی کو نفقہ دینے سے انکار کرے تو اسے خاندانی اثر و رسوخ کے ذریعے اس فرض کی ادائیگی پر مجبور کیا جائے گا۔ پھر بھی نہ مانے تو عدالت کے

1۔ عورت اور اسلام، جلال الدین قاسمی، اتوار 12 جنوری 2014ء، ناشر: جمعیت اہل حدیث حیدر آباد انڈیا

2۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الزہد والرقائق، باب فضل الاحسان إلی الأرملة والمسکین والیتیم، ص 1290، مکتبہ دار السلام، الریاض

3۔ ابنِ ماجہ، ابوعبداللہ محمد بن یزید القزوینی، امام، 1435ھ، سنن ابنِ ماجہ، کتاب النکاح، باب حق المرأۃ علی الزوج، ص 279، بیروت، دار التاصیل

4۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابوعبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح بخاری، کتاب النفقات، باب اذا لم ینفق الرجل، فللمرأۃ أن تاخذ بغیر علمہ مایکفیھا وولدھا بالمعروف، ج 7، ص 182، دار التاصیل، بیروت

ذریعے اس کا نفقہ مقرر کر کے دلوایا جائے گا۔ بیوی کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر شوہر بیوی سے ایک ماہ یا اس سے زیادہ عرصہ کے لیے دور رہے تو وہ خاوند کی غیر موجودگی کی پوری مدت کے لیے کسی کو ضامن بنانے کا مطالبہ کرے۔

اگر زوجین ضامن بنانے پر راضی ہو جائیں۔ معینہ عرصہ تک وہ ضامن نفقہ کا ذمہ دار ہوگا بشرطیکہ مقدارِ نفقہ جس کا وہ شخص ضامن ہوگا کا تعین کر دیا جائے۔ اسلام میں بیوی کے اخراجات کا ذمہ چونکہ مرد پر ہے اس لیے ضروری ہے کہ جہاد، تبلیغ یا کسی بھی دینی یا دنیوی امور کی انجام دہی کی خاطر گھر سے دور جانے سے قبل بیوی کے نان و نفقہ کا مکمل انتظام و انصرام کر کے جائے۔ شوہر پر لازم ہے کہ وہ اپنی بیوی کو خرچ دے خواہ اس کے ساتھ رہے یا سفر پر چلا جائے۔[1]

## قرابت داروں کے معاشی حقوق

قرآن حکیم میں قرابت داروں کے معاشی حقوق پر بہت زور دیا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَکَ خَيْرَا ج ۨ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ج حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ[2]

ترجمہ: ”لکھا گیا ہے تم پر کہ جس وقت تم میں کوئی مرگ الموت کے قریب ہو اگر چھوڑنے والا ہے مال تو والدین، قریبی عزیز کے حق میں بھلے طریقے سے وصیت کرے، یہ پرہیزگاروں پر ضروری ہے“

حضرت انس سے روایت ہے کہ حضور مطہر ﷺ نے ابو طلحہ سے فرمایا:

اِجْعَلْهَا لِفُقَرَاءِ اَقَارِبِکَ[3]

ترجمہ: یہ (باغ) اپنے غریب رشتہ داروں کو دے دو۔

ایک روایت میں حضرت انس اپنے بارے میں حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ:

اس باغ کو اپنے محتاج قرابت داروں کو دو تو آپ نے وہ باغ حضرت حسان اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کو عنایت کر دیا جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نسبت ان کے زیادہ قریبی تھے۔[4]

حضرت عمرؓ نے لشکروں کے امیروں کے نام یہ حکم نافذ کیا۔ بیوی نافرمان ہونے کے سبب نفقہ کے حق سے محروم ہو جاتی ہے یعنی وہ شوہر کی اجازت کے بغیر یا کسی جائز وجہ کے بغیر شوہر کے گھر سے نکل جائے یا گھر میں رہنے سے انکار کرے تو وہ نفقہ کی حق دار نہ رہے گی۔ اگر بیوی کو جان کا خوف ہے اور وہ اپنے شوہر سے علیحدہ دوسرے گھر میں رہتی ہے تو وہ نافرمان نہیں ہے، اس صورت میں شوہر پر اس کا نان و نفقہ واجب ہوگا۔ بیوی کی غیر اخلاقی حرکت کی بناء پر اگر شوہر نے طلاق دیے بغیر اس سے کنارہ کشی اختیار کر لی ہو تو پھر بھی شوہر کے ذمہ مہر اور نفقہ دینا لازم ہوگا کیونکہ خلوتِ صحیحہ کے بعد مہر ادا کرنا لازم ہو جاتا ہے۔ خاوند کی تنخواہ اس کی ملکیت ہے۔ خاوند کے ذمہ بیوی کا نان و نفقہ ہر حال میں واجب ہے خواہ بیوی مال دار ہو یا غریب۔ لہٰذا خاوند کو چاہیے کہ بیوی کو جس شے کی ضرورت ہو لا کر دے یا منگوا کر دے۔ اگر خاوند بیوی کی

---

1۔ جلال الدین انصر، عورت اسلامی معاشرہ میں، صفحہ: 55 جمعرات 04 اگست 2011: اسلامی پبلیکشنز، شاہ عالمی مارکیٹ، لاہور

2۔ البقرۃ 2:180

3۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح بخاری، کتاب الوصایا، باب اذا وقف أو أوصی لأقاربہ و من الأقارب، ص 15، دار التاصیل، بیروت

4۔ ایضاً

ضروریات پوری نہیں کرتا تو بیوی خاوند کی تنخواہ یا اس کے مال سے لے کر خرچ کر سکتی ہے۔ بیوی اگر اپنی رقم سے کاروبار کرے تو اس کا شوہر، اس کی دوسری بیوی اور اس کی اولاد اس میں حق دار نہیں ہیں بلکہ یہ اس بیوی کا حق ہے جو اپنی محنت سے کماتی ہے۔

### بیوی کا خرچ خاوند پر لازم ہے

والدین اگر مال کے مالک ہیں تو اپنے مال سے اپنے اوپر خرچ کریں گے خواہ وہ جوان ہوں یا بوڑھے۔ اس میں سب داخل ہیں سوائے بیوی کے کیونکہ بیوی کا خرچ خاوند پر لازم ہے اگرچہ وہ مال دار ہو۔ اگر والدین غریب ہوں یا ان میں ایک غریب ہو تو ان کا خرچ اولاد کے ذمے ہے، بیٹے کے ساتھ اس خرچ میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہو گا۔ جس طرح والدین کا خرچہ لازم ہے اسی طرح غریب دادا اور دادی کا خرچہ بھی لازم ہے۔ ہر ذی رحم کا خرچہ ان کی میراث کے مطابق واجب ہے جبکہ نابالغ ہوں اور غریب ہوں یا عورت اگرچہ بالغہ ہو لیکن غریب ہو، مرد اگر بالغ ہو لیکن مریض ہو یا نابینا ہو یا فقیر ہو۔[1]

بیوی کے حقوق میں سے عظیم حق یہ ہے کہ خاوند اس پر خرچ کرے اور اس کا نان ونفقہ برداشت کرنا بندے کے لیے اللہ تعالیٰ کے قرب اور اطاعت کا بہت بڑا ذریعہ ہے نفقہ ان اشیاء پر مشتمل ہے کھانا پینا، لباس، رہائش، اور بیوی اپنے بدن اپنی بہتر رونق قائم رکھنے کے لیے جس چیز کی محتاج ہو۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ مرد ہی عورتوں پر خرچ کرنے والے ہیں ان کا خرچہ مردوں کے ہی ذمہ ہے اور اسی وجہ سے انہیں گھر میں سربراہی اور عورتوں پر فضیلت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ:

اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَا أَنْفَقُوْا مِنْ أَمْوَالِهِمْ [2]

ترجمہ: ”مرد عورتوں پر نگران ہیں بسبب اس کے کہ اللہ نے ایک دوسرے پر ان کو فضیلت دی اور بسبب ان کے مال خرچنے کے۔“

### خرچہ کا وجوب

خرچہ کے وجوب پر قرآن وسنت اور اہل علم کا اجماع دلالت کرتا ہے۔ قرآن میں ہے کہ:

وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ لا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا[3]

ترجمہ: اور باپ پر اولاد کیلئے اچھے طریقے سے کھانا اور پہنانا ہے ہر فرد پر اسکی طاقت کے مطابق بوجھ ہو گا۔

ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے کچھ اس طرح فرمایا ہے:

وَإِنْ كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ[4]

ترجمہ: اور اگر وہ صاحبات حمل ہوں تو بچے کی پیدائش تک خرچ کرو۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے دن خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا:

---

1۔ امین احسن اصلاحی، اسلامی معاشرہ میں عورت کا مقام، صفحہ: 68، جمعرات 29 اگست 2013ء ناشر: فاران فاؤنڈیشن، لاہور

2۔ سورہ النساء 4:34

3۔ البقرۃ 2:233

4۔ الطلاق 65:6

فَاتَّقُوا اللهَ فِي النِّسَآئِ فَاِنَّکُمْ أَخَذْتُمُوْهُنَّ بِأَمَانِ اللهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَهُنَّ بِکَلِمَةِ اللهِ ...وَلَهُنَّ عَلَيْکُمْ رِزْقُهُنَّ وَکِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ[1]

ترجمہ: عورتوں کے متعلق اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو کیونکہ وہ تمہارے پاس امانت ہیں انکو اللہ کے حکم نے حلال کیا اور ان کا تم پر نان ونفقہ اور لباس (واجب) ہے اچھے طریقے کے ساتھ۔

حضرت عمرو بن حواصؓ بتاتے ہیں کہ حجۃ الوداع میں انہوں نے نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد سنا:

أَلَا وَاسْتَوصُوا بِالنِّساءِ خَيراً، فَاِنَّمَا هُنَّ عَوَانٌ عِندَكُم، لَيسَ تَملِكُونَ مِنهُنَّ شَيئاً غَيرَ ذَلِكَ اِلَّا أَنْ يَّاتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ، فَاِن فَعَلنَ فَاهجُرُوهُنَّ فِي المَضَاجِعِ وَاضرِبُوهُنَّ ضَرباً غَيرَ مُبرِّح، فَاِن أَطَعنَكُم فَلاَ تَبغُوا عَلَيهِنَّ سَبِيلاً، أَلاَ اِنَّ لَكُم عَلى نِسَاءِكُم حَقًّا، وَلِنِسَائِكُم عَلَيكُم حَقًّا، فَأَمَّا حَقُّكُم عَلى نِسَاءِكُم فَلا يُوطِئَنَّ فُرشَكُم مَن تَكرَهُونَ وَلا يَأذِنَّ فِي بُيُوتِكُم لِمَن تُكرِهُونَ أَلاَ وَحقِّهِنَّ عَلَيكُم أَنْ تحسِنُوا اِلَيهِنَّ فِي كِسوَتِهِنَّ وَطَعَامِهِنَّ.[2]

ترجمہ: ''عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو اور میری نصیحت قبول کرو وہ تو تمہارے پاس قیدی ہیں تم ان سے کسی چیز کے مالک نہیں لیکن اگر وہ کوئی فحش کام اور نافرمانی وغیرہ کریں تو تم انہیں بستروں سے الگ کردو اور انہیں دہراو (یعنی اگر وہ ٹھیک نہ ہوں تو بستروں سے الگ کرنے والے عمل کو دہرائو) لیکن شدت اور سختی نہ کرو اگر تو وہ تمہاری اطاعت کرلیں تو تم ان کیلئے کوئی فیصلہ نہ کرو۔ تم دونوں میاں بیوی کا ایک دوسرے پر حق ہے۔ جسے تم اچھا نہیں سمجھتے ہو وہ اسے تمہارے گھر میں داخل نہ ہونے دیں۔ خبردار! تم پر ان کے حق بھی ہیں کہ ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو اور انہیں کھانا پینا اور رہائش بھی اچھے طریقے سے دو۔''

اس حدیث میں عورت کے نان ونفقہ اور لباس کا وجوب پایا جاتا ہے اور وہ خاوند کی حسب استطاعت ہوگا۔ جب نبی کریم ﷺ نے خرچہ ولباس کو بیوی کا حق قرار دیا ہے۔ تو پھر خاوند حاضر ہو یا غائب ہر حال میں عورت کو یہ دینا ہوگا اور اگر اس کے پاس فی الوقت یہ موجود نہ ہو تو خاوند کے ذمہ واجب حقوق کی طرح یہ بھی قرض شمار ہوگا۔

1۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الحج، باب حجۃ النبی ﷺ، ص 515، مکتبہ دار السلام، الریاض

2۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابی عیسیٰ، الامام الحافظ، 1996ء، الجامع الکبیر للترمذی، ابواب الرضاع باب ماجاء فی حق المراۃ علی زوجھا، ج 2، ص 455، دار الغرب الاسلامی، بیروت

## مبحث دوم: نان و نفقہ کے مسائل واحکام

### اسلامی عبادات (تبلیغ واعتکاف) کے لیے جانے سے قبل گھریلو ضروریات کو پورا کرنا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے ایک غلام نے انہیں کہا کہ میں بیت المقدس میں ایک مہینہ قیام کرنا چاہتا ہوں تو عبداللہؓ اسے کہنے لگے کیا تونے اس مہینے کا اپنے گھر والوں کو خرچہ دے دیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ نہیں۔ تو وہ کہنے لگے اپنے گھر واپس جاؤ اور انھیں ایک ماہ کا راشن دے کر آؤ کیونکہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ :

كَفٰى بِالْمَرْئِ اِثْمًا أَنْ يُضَيِّعَ مَنْ يَقُوْتُ[1]

ترجمہ: آدمی کو یہی گناہ کافی ہے کہ وہ جس کی کفالت کرتا ہے اسے ضائع کر دے۔

صحیح مسلم کی روایت میں یہ لفظ ہیں:

كَفٰى بِالْمَرْئِ اِثْمًا أَنْ يَحْبِسَ عَمَّنْ يَمْلِكَ قُوْتَهُ[2]

ترجمہ: ''آدمی کے لیے یہی گناہ کافی ہے کہ جس کی خوراک کا ذمہ دار ہے اس سے (ہاتھ) روک لے۔''

حضرت ابوہریرہ کی حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

لِأَن يَّغدُو أَحَدَكُم فَيَحطِبَ عَلَى ظَهرِه، فَيَتَصَدَّق بِه وَيَستَغْنَى بِه مِن النَّاسِ خَيرٌ مِن أَن يَسأَلَ رَجُلاً، أَعطَاه أَو مَنَعَه ذَلِكَ، فَاِنَّ اليَدَ العُليَا أَفضَلُ مِن اليَدِ السُّفلَى، وَأَبَداً بِمَن تَعُولُ.[3]

ترجمہ: ''اللہ کی قسم! تم میں سے کوئی ایک جنگل سے لکڑیاں اپنی پشت پر اٹھا کر لائے اور بیچے اور اس کے ساتھ غنا حاصل کرے اور اس میں سے صدقہ وخیرات کرے اس سے بہتر ہے کہ وہ کسی کے سامنے دست سوال دراز کرے اور پھر وہ اسے دے یا نہ دے اور دینے والا ہاتھ لینے والے سے بہتر ہے، اور جو لوگ آپ کی کفالت میں ہیں ان سے شروع کرو۔''

مذکورہ بالا دلائل سے ثابت ہوتا ہے کہ آدمی پر اس کے گھر والوں کا خرچہ اور ان کی ضروریات پوری کرنا واجب ہے اور بہت ساری احادیث میں اس کی بطور خاص فضیلت بھی بیان کی گئی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ بیوی کو بھی یہ علم ہونا چاہیے کہ خاوند پر صرف اسی حساب سے خرچ واجب ہے جس قدر اس میں طاقت ہو۔

### خاوند حسبِ استطاعت خرچ کرے

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّا اٰتٰىهُ اللّٰهُ[4]

ترجمہ: ''صاحب ثروت تنگ دست پر اپنی حیثیت سے خرچ کرے اللہ کی دین سے''

---

1۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الزکاۃ، باب فی صلۃ الرحم، ج 3، ص 492، دار التاصیل، بیروت

2۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الزکاۃ باب فضل النفقۃ علی العیال والمملوک، ص 403، الریاض، مکتبہ دار السلام

3۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الزکاۃ، باب کراھۃ المسألۃ للناس، ص 419، مکتبہ دار السلام، الریاض

4۔ الطلاق 65:7

جس پر اس کا رزق تنگ کیا گیا ہو اسے چاہیے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اسے دے رکھا ہے اس میں سے دے۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔"

اس لیے بیوی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ مطالبات میں کثرت کرکے اپنے خاوند کے معاملات میں مشکلات اور دشواری پیدا کرے۔ کیونکہ ایسا کرنا حسن معاشرت نہیں۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جب آپ بیوی کے جائز مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے اس کے معقول مطالبات مان لیں اور بیوی کو بغیر احسان جتلائے اور بغیر تکلیف دیے یہ یاد دہانی کرائیں کہ آپ نے اس کے کتنے مطالبات پورے کیے ہیں جب طاقت تھی تو انہیں کتنی جلدی پورے کر دیا کرتا تھا اور بیوی کو اس پر راضی کریں کہ جب طاقت ہو گی تو پھر ایسا ہی ہو گا لیکن ابھی فوری طور پر مزید مطالبات سے رک جائے۔[1]

اسی طرح اس سے برے نرم لہجے میں بغیر کسی لڑائی اور غصہ کے گفتگو کریں اور اسے سمجھائیں کہ جو کچھ وہ مانگ رہی ہے وہ باقی خرچہ پر اثر انداز ہو گا مثلاً گھر کے کرایہ وغیرہ پر اگر وہ نہیں مانگے گی تو یہ سب خرچے آسان ہو جائیں گے۔ اس طرح کی بات کرکے ممکن ہے آپ اسے کچھ مطالبات میں کمی کرنے پر راضی کر سکیں۔ آپ کے علم میں ہونا چاہیے کہ مالی کمی اس وقت جاتی رہتی ہے۔ جب کوئی اچھی بات اور اچھے وعدے کر لیے جائیں، حسن خلق اور اچھا معاملہ اس تنگی کو جس میں آپ مبتلا ہیں ختم کر دے گا اس لیے آپ صبر و تحمل اور اچھے انداز سے معاملات کو چلائیں اور اس کے ساتھ ساتھ بیوی کو نصیحت کرتے رہیں۔[2]

## ناگزیر حالات میں علیحدگی اختیار کر لینا

اگر اس کے باوجود بھی زندگی میں تنگی ہو اور آپ دونوں کے درمیان حالت اس حد تک پہنچ جائے کہ آپ دونوں کسی صورت بھی اکھٹے نہ رہ سکتے ہوں تو پھر ایسی حالت میں طلاق مشروع ہے او یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایسی حالت میں طلاق ہی دونوں فریقوں کے لیے بہتر ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا[3]

ترجمہ: اور اگر وہ دونوں علیحدہ ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ اپنی وسعت سے ہر ایک کو غنی کر دے گا اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا اور جاننے والا ہے۔

### مذکورہ آیت کی تفسیر میں غلام رسول سعیدی تبیان القرآن میں یوں لکھتے ہیں:

جب خاوند اور بیوی کے مزاج ہم آہنگ نہ ہوں اور ان میں موافقت اور صلح مشکل ہو جائے تو پھر وہ الگ الگ ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ مرد کو عورت سے غنی کر دے گا، اس کو پہلی بیوی سے بہتر زوجہ عطا فرمائے گا اور عورت کو مرد سے غنی کر دے گا اس کو پہلے خاوند سے بہتر خاوند عطا فرمائے گا اور اللہ بہت فضل والا اور بڑے احسان والا ہے اور اس کے تمام تکوینی اور تشریعی کاموں میں بہت حکمتیں ہیں۔[4]

---

1۔ عورت عہد رسالت میں، عبدالحلیم ابو شقہ، صفحہ: 96، طباعت: پیر 05 اکتوبر 2020ء، ناشر : نشریات لاہور

2۔ ابوایوب سپرا، خواتین کی ملازمت اور اسلامی تعلیمات، ہفتہ 10 فروری 2018ء، ناشر : ایفا پبلیکیشنز نئی دہلی

3۔ سورہ النساء 4:130

4۔ سعیدی، غلام رسول، علامہ، 2009ء، تفسیر تبیان القرآن، ج2، ص820، فرید بک سٹال، لاہور

## زمانۂ عدت میں نان ونفقہ کا حکم

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

لاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً وَمَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدْرُهٗ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ[1]

ترجمہ: کوئی حرج نہیں تم پر اگر تم طلاق دے دوان عورتوں کو جن کو تم نے چھوا بھی نہیں اور نہیں مقرر کیا تم نے ان کا مہر اور خرچہ دو انہیں اس کی حیثیت کے مطابق چاہے وہ تنگ دست ہو کشادگی والا، یہ خرچ جائز طریقہ پر ہونا چاہئے یہ فرض ہے نیکوکاروں پر۔

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے پیر کرم شاہ الازہری تفسیر ضیاءالقرآن میں یوں تحریر کرتے ہیں:**

یہاں اس عورت کی طلاق کا حکم بیان ہوا ہے جس کے ساتھ نکاح تو ہو گیا لیکن مہر کی کوئی مقدار مقرر نہیں ہوئی اور مرد نے اس کے ساتھ صحبت اور خلوتِ صحیحہ بھی نہیں کی۔ بتایا کہ ایسی عورت کو طلاق دینے میں کوئی گناہ نہیں لیکن ایسی عورت کو خرچہ کے لیے کچھ دے دو تاکہ اس کی دل جوئی ہو جائے۔ فقہاء نے تین کپڑوں کا جوڑا مراد لیا ہے۔ یہ بھی بتادیا کہ خاوند اس میں تنگ دلی سے بھی کام نہ لے اور فضول خرچی بھی نہ کرے بلکہ اپنی حیثیت کے مطابق جو دینا چاہے دے۔ حقًّا سے یہ وضاحت کی کہ دینا ضرور ہے۔[2]

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّأَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْ أَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ[3]

اور جو لوگ فوت ہو جاتے ہیں تم میں سے اور چھوڑ جاتے ہیں بیویاں (انہیں چاہیے کہ) وصیت کر جایا کریں اپنی بیویوں کے لئے کہ انہیں خرچ دیا جائے ایک سال تک (اور) نہ نکالا جائے (انہیں گھر سے) پھر اگر وہ خود چلی جائیں تو کوئی گناہ نہیں تم پر جو کچھ وہ کریں اپنے معاملہ میں مناسب طور پر اور اللہ بہت زبردست بڑا دانا ہے۔

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے امام جلال الدین السیوطی تفسیر دُرِّ منثور میں یوں رقمطراز ہیں:**

حضرت مقاتل بن حیان سے روایت ہے کہ ایک شخص اہل طائف میں سے مدینہ طیبہ آیا۔ اس کی اولاد بھی تھی جن میں بچیاں اور بچے بھی تھے اور اس کے ساتھ اس کے والدین اور بیوی بھی تھی۔ وہ شخص مدینہ طیبہ میں فوت ہو گیا۔ اس کی میراث کا مسئلہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پوچھا گیا، آپ ﷺ نے والدین اور بچوں کو معروف طریقہ پر مال دیا اور عورت کو کچھ نہ دیا لیکن وارثوں کو حکم دیا گیا کہ وہ اس عورت پر ایک سال تک خاوند کے ترکہ سے خرچ کریں۔ پس اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔[4]

---

1۔ البقرۃ 2:236

2۔ الازہری، محمد کرم شاہ، پیر، 1995ء، تفسیر ضیاءالقرآن، ج 1، ص 164، ضیاءالقرآن پبلی کیشنز، لاہور

3۔ البقرۃ 2:240

4۔ السیوطی، جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر، امام، نومبر 2006ء، تفسیر دُرِّ منثور، ج 1، ص 799، لاہور، ضیاءالقرآن پبلی کیشنز

مذکورہ بارہ آیتِ مبارکہ حالانکہ منسوخ ہے، لیکن اس کے بیان کا مقصد صرف یہی ہے کہ چاہے منسوخ حکم ہو یا ناسخ۔ دونوں صورت میں عورت کا نان و نفقہ بہر حال لازمی دینا ہے۔ دوسری جگہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

أَسْكِنُوْہُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْہُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْہِنَّ وَإِنْ كُنَّ أُوْلَاتِ حَمْلٍ فَأَنْفِقُوْا عَلَيْہِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَہُنَّ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْہُنَّ أُجُوْرَہُنَّ وَأْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَہٗٓ أُخْرٰى[1]

ترجمہ: ''ان کو عدت کے دوران اپنے پاس رکھو۔ جیسا بھی گھر تمہیں میسر ہو اور انہیں پریشان کرنے کے لئے ان کو تنگ نہ کرو۔ اور وہ پیٹ میں بچہ لئے ہوئے ہیں تو اسکی پیدائش تک خرچ کرو اور اگر دودھ پلائیں تو اس کا اجر دو آپس کی رضامندی سے''

**مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے حضرت فضل شاہ تفسیر فاضلی میں یوں لکھتے ہیں:**

عدت کے زمانے میں عورتوں کو ساتھ رکھنے کا حکم ہے اور اس حکم پر بڑی احتیاط کے ساتھ عمل ہونا چاہئے، کہ کسی بھی صورت میں عورتوں کی عزتِ نفس مجروح نہ ہو۔ انہیں اپنی استطاعت کے مطابق جو سہولت دی جاسکتی ہے وہ دی جائے، اس کا انہیں بڑا پتہ ہوتا ہے کہ انہیں کیا کچھ دیا جاسکتا ہے۔ اگر انہیں سہولت سے نہ رکھا جائے گا، تو ان پر تنگی کا مقام آئے گا، اور یہ اللہ کو پسند نہیں ہے کہ استطاعت کے باوجود، حق داروں کو ان کا حق نہ دیا جائے۔ حاملہ عورتوں کو، وضع حمل تک خرچہ دینا ضروری ہے، یہ بھی استطاعت کے مطابق ہونا چاہئے۔ تمام مقامات پر، اللہ کے حکم کو ادب سے مانتے ہوئے خرچہ کیا جائے تو یہ امر الٰہی کو ماننے کا ثبوت ہوگا۔

اگر مصارف کو بطور سزا جانا جائے تو اللہ سے ڈرنے کے معنی کیا رہ جائیں گے۔ اگر وضع حمل کے بعد عورتیں بچوں کو دودھ پلانے کا کام کرنے کو تیار ہو جائیں، تو انہیں ان کی خدمات کا صلہ دیا جائے گا، اور امرِ الٰہی کی اطاعت کے حوالے سے، خدمات کا صلہ اور اس سے متعلقہ اُمور باہمی مشورے سے طے ہوں گے۔ جبر کسی طرف سے بھی نہ ہوگا، کہ دستور میں اس کی اجازت نہیں ہے۔ اگر فریقین کا کسی قرار داد پر اتفاق نہیں ہوتا، تو کسی دوسری عورت کو دودھ پلانے کے لئے کہا جاسکتا ہے، اللہ ایسی صورت بنادے گا کہ پریشانی نہیں ہوگی۔

**حاصل:** عدّت کے زمانے میں عورتوں کو وہیں رکھنا چاہئے جہاں خود رہتے ہوں، انہیں ضرر نہیں دینا چاہئے، انہیں تنگی نہیں دینی چاہئے ان کی عزّتِ نفس کو مجروح نہیں کرنا چاہئے۔ حاملہ عورتوں کو وضع حمل تک خرچہ دینا چاہئے۔ ان کے تمام مصارف، اللہ کی رضا کو ملحوظ رکھتے ہوئے برداشت کرنے چاہئیں۔ اگر وہ اپنے بچے کو دودھ پلانے کے لئے تیار ہوں تو دستور کے مطابق انہیں ان کا صلہ دینا چاہئے، جبر کسی طرف سے بھی نہیں ہونا چاہئے۔ اگر وہ دودھ پلانے پر رضامند نہ ہوں، تو کسی دوسری دودھ پلانے والی کو تلاش کرنا چاہئے۔[2]

## دو بیویوں کا شوہر

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

اِذَا كَانَ عِندَ الرَّجُلِ امرَأَتَانِ، فَلَم يَعدِل بَينَهُمَا، جَاءَ يَومُ القَيَامَةِ وَشِقّهُ سَاقِطٌ[3]

---

1۔ الطلاق 65:6

2۔ تفسیرِ فاضلی، حضرت فضل شاہ، ج7، ص219، 1412ھ فاضلی فاؤنڈیشن، لاہور

3۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابی عیسیٰ، الامام الحافظ، 1996ء، الجامع الکبیر للترمذی، ج2، ص434، دار الغرب الاسلامی، بیروت

ترجمہ: ''جس شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ انہیں انصاف نہ دے سکے اور کسی ایک بیوی کی طرف جھکاؤ ہو تو حشر کے دن اس کا نصف دھڑ فالج زدہ ہو گا۔''

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ عتبہ کی بیٹی ہندہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا:

أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ:" جَائَتْ هِنْدٌ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مِسِّيكٌ، فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ أَنْ أُطْعِمَ مِنَ الَّذِي لَهُ عِيَالَنَا؟ قَالَ: لَا، إِلَّا بِالْمَعْرُوفِ[1]

ترجمہ: یا رسول اللہ ﷺ! میرا شوہر ابو سفیان بخیل آدمی ہے مجھے اتنا کم خرچ دیتا ہے کہ وہ میرے لئے اور میرے بچوں کے لئے کافی نہیں ہوتا۔ اگر میں اس کے مال سے بقدر ضرورت لے لوں اور اسے خبر نہ ہو تو کیا یہ عمل جائز ہے؟ رسول اطہر ﷺ نے کہا: شوہر کی رقم میں سے بقدر ضرورت لے کر خرچ کر لیا کرو۔

## عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا ہوئی، سیدھا کرنے سے ٹوٹ جاتی ہے

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

اِستَوصَوا بِالنِّساءِ خَيراً، فَاِنهُنَّ خُلِقنَ مِن ضِلعٍ وَاِنَّ أَعوَجُ شَيءٍ فِي الضِّلعِ أَعلَاهُ، فَاِنَّ ذَهَبتَ تُقِيمَه كَسَرتَه، وَاِن تَرَكتَهُ لَم يَزِل أَعوَجُ فَاستَوصَوا بِالنِّساءِ خَيراً.[2]

ترجمہ: خواتین کے ساتھ حسن سلوک اور احترام سے پیش آئیں کیونکہ وہ خاص اور نازک ہوتی ہیں، ایک نازک پسلی کی طرح جسے احتیاط سے نہ سنبھالا جائے تو آسانی سے ٹوٹ سکتا ہے۔ اس لیے بیویوں کے ساتھ ہمیشہ نرمی سے پیش آؤ۔

**مذکورہ بالا وضاحت کی روشنی میں شوہر کا اپنی بیوی کو بطورِ سزا زدوکوب کرنے کے حوالے سے خواجہ شمس الدین عظیمی اپنی کتاب ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین میں اس طرح لکھتے ہیں:**

وَالّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَھُنَّ فَعِظُوْھُنَّ وَاھْجُرُوْھُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْھُنَّ[3]

ترجمہ: ''اور جن عورتوں سے تمہیں فحاشی کا خطرہ ہے تو تم انہیں تنبیہ کرو اور انہیں ان کے بستروں میں اکیلا چھوڑ دو اور انہیں گھر سے باہر جانے سے روک دو۔''

یہاں گھر سے باہر نکلنے پر پابندی لگانے کو سزا قرار دیا گیا ہے۔ کیونکہ عام حالات میں عورتوں اور مردوں کو گھروں سے نکلنے کی پوری آزادی ہے۔ اس بارے میں مردوں اور عورتوں کے لئے ایک ہی قسم کے احکامات ہیں کہ جب وہ اپنے گھروں سے کام کاج کے لئے جائیں تو اپنی نظروں کو نیچا رکھیں یعنی قرآن کی آیت کے مطابق عورتوں کو گھروں میں بند کر کے رکھنا ایک سزا ہے اور یہ سزا انہیں اس وقت دی جائے جب وہ

---

1۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح البخاری، ج7، ص180، دار التاصیل، بیروت

2۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح البخاری، کتاب الرضاع، باب الوصیۃ بسورہ النساء، ج7، ص72، دار التاصیل، بیروت

3۔ سورہ النساء 4:34

کسی معاملے میں سرکشی کا رویہ اختیار کریں۔ مختصر یہ کہ شریعت اسلامی میں کسی مرد کو ہر گز یہ اجازت نہیں ہے کہ وہ اپنی بیوی کو مارے پیٹے۔ لیکن اگر مردوں یا عورتوں میں سے کوئی بھی فحاشی کا ارتکاب کرے تو اسلامی معاشرے میں دونوں کے لئے سزا ہے۔[1]

حدیث مبارکہ میں ہے:

عَن عَائِشَةَ رَضِی اللهُ عَنہَا قَالَت مَا ضَرَبَ رَسُولُ اللهِﷺ شَیئًا قَطُّ بِیَدِہ وَلاَ اِمرَأَۃً وَلاَ خَادِماً اِلاَ أَن یّجَاھِد فِی سبِیلِ اللهِ وَمَا نیَلَ مِنہُ شَیءٌ قَطُّ فَیَنتَقِمَ مِن صَاحِبَہ اِلاَّ أَن یَنتَھکَ شَیئاً مِن مَحَارِمِ اللهِ فَیَنتَقِمَ اللهُ عَزّوَجَلَّ۔[2]

حضرت عائشہ سے بتاتی ہیں کہ پیارے پیغمبر ﷺ نے کبھی کسی کو نہیں پیٹا، خاتون اور نہ غلام کو، مگر آپ اللہ کے راستے میں جنگ کر رہے ہوں اور جب بھی آپ کو نقصان پہنچایا گیا تو کبھی (ایسا نہیں ہوا کہ) آپ نے اس سے انتقام لیا ہو مگر یہ کہ کوئی اللہ کی محرمات میں سے کسی کو خلاف ورزی کرتا تو آپ اللہ عزوجل کی خاطر انتقام لے لیتے۔

## مخلوق میں سے بہتر لوگ؟

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَہْلِهِ وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَہْلِیْ[3]

تم میں سے سب سے بہترین وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہترین ہو اور میں اپنے گھر والوں کے لیے سب سے اچھا ہوں۔

گھریلو جھگڑوں کی بڑی وجہ یہی ہے کہ لوگ اپنے گھر کے باہر تو اچھے اخلاق و کردار سے رہتے ہیں مگر اپنے گھروں والوں کے ساتھ ان کا برتاوا تنا اچھا نہیں ہوتا، بعض اوقات تو بات طلاق تک پہنچ جاتی ہے۔ لہذا ہمیں سنت پر عمل کرنا چاہیے۔

1۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، 2003ء، ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین، ص 57، الکتاب پبلشر، کراچی

2۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الفضائل، باب مباعدتہ ﷺ، ص 1026، مکتبہ دار السلام، الریاض

3۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابی عیسیٰ، الامام الحافظ، 1996ء، الجامع الکبیر للترمذی، ابواب المناقب، باب فی فضل أزواج النبی ﷺ، ص 188,189، دار الغرب الاسلامی، بیروت

## خلاصہ بحث

فصلِ ہذامیں قرآن واحادیثِ مبارکہ کی روشنی میں یہ بات واضح ہوئی کہ قانون کی زبان میں نان ونفقہ ان تمام چیزوں کی نشاندہی کرتا ہے جو بیوی کی زندگی کی کفالت کے لیے ضروری ہیں، جیسے کہ اخراجات، صحت بخش خوراک۔ قابل قبول لباس، قابل رہائش گھر، تحفظ و حفاظت، طبّی اخراجات اور زندگی کی دیگر تمام بنیادی سہولیات ''جو کہ بیوی کے اپنے ذرائع آمدن سے قطع نظر شوہر کی طرف سے فراہم کی جائیں گی۔ اگر شوہر کی زیادہ بیویاں ہوں تو سب کا نان ونفقہ مساوی طور پر شوہر پر واجب ہے۔

مزید یہ کہ ہمارے عمومی اسلامی تعلیمات کے نظام میں یہ بات مردوں کے ذہن میں راسخ کردی گئی ہے کہ گھریلو معاملات میں اگر میاں بیوی کے درمیان کسی بات پر اُلجھائو پیدا ہو جائے تو عورت کو ٹھیک کرنے کے لیے مرد اُس کو ہلکی پھلکی مار پیٹ کر سکتا ہے، جبکہ فصلِ ہذامیں اس موضوع کو بھی نہایت باریک بینی کے ساتھ علمی و تحقیقی انداز میں زیرِ بحث لایا گیا کہ اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ نے مرد کو بالکل بھی یہ اختیار نہیں دیا کہ مرد اپنی بیوی پر ہاتھ اُٹھائے اور خود سے اُس کو سزا دینا شروع کردے، تمام حقائق ومشاہدات کی روشنی میں یہ بات واضح ہوئی ہے کہ مرد اور عورت دونوں میں سے جو کوئی بھی غلطی کرے گا، قانونِ خداوندی کی پکڑ میں آئے گا اور نظامِ انصاف خود مجرم کو قرار واقعی سزا دے گا۔[1]

1۔ عدیل شاہ، پاکستان کے دہی علاقوں میں کاشت کار خواتین کے مسائل عہد نبوی کے معاشی منظر نامے کی روشنی میں حل، راحۃ القلوب، جلد ۶، شمارہ ۲

# بابِ سوئم: سورۃالنساء میں حق وراثت اور ملکیت

## فصلِ اوّل: حق وراثت

### مبحث :تعارف

اسلام سے قبل دنیا کی مختلف تہذیبوں اور معاشروں کا جائزہ لیں اور عورت کی حیثیت کو پہچاننے کی کوشش کریں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ خواتین پر نہ صرف ظلم ہوتا تھا بلکہ وہ ہر لحاظ سے اپنے حقوق سے محروم تھی، قابل نفرت اور تمام برائیوں کی جڑ سمجھی جاتی تھیں۔ یونانی، رومی، ایرانی اور زمانۂ جاہلیت کی تہذیبوں اور ثقافتوں میں عورت کو ثانوی حیثیت سے بھی کمتر درجہ دیا جاتا تھا۔ در حقیقت عورت کی عظمت، احترام اور اس کی صحیح حیثیت کا واضح تصور اسلام کے علاوہ کہیں نظر نہیں آتا۔ شریعت اسلام نے خواتین کو نہ صرف انسانوں کے ناقص نظریات و خیالات کی حدود و قیود سے باہر نکالا بلکہ انسان ہونے کے سبب عورت کو مردوں کے برابر حقوق عطا کئے۔

### وراثت کی تعریف

وراثت جائیداد کی ایک غیر ارادی منتقلی ہے جس میں مرنے والے شخص کی جائیداد اس کے ورثاء کو جانشینی کے ذریعے منتقل کی جاتی ہے۔

### ارکانِ وراثت

ارکانِ وراثت 3 ہیں:

1۔ وراثت کا مالک

2۔ وارث

3۔ ترکہ

### موجباتِ وراثت

موجباتِ وراثت دو ہیں:

1۔ نسب

2۔ زوجیت

### مرد و عورت کی حقِ وراثت میں برابری

اسلام کے قانون وراثت میں جن رشتہ داروں کو وارث قرار دیا گیا ہے وہ تین اقسام پر مشتمل ہیں:

(1) ذوی الفروض

(2) عصبات

(3) ذوی الارحام

ذوی الفروض وہ رشتہ دار ہیں جن کے حصے مقرر کر دیئے گئے ہیں اور ان کے متعلق قرآن حکیم یا احادیث مبارکہ میں واضح احکام موجود ہیں۔ ترکہ کی تقسیم کا آغاز ذوی الفروض سے ہوتا ہے یعنی ترکہ میں سے پہلے ذوی الفروض کو حصہ ملے گا اس کے بعد عصبات اور پھر ذوی الارحام کو۔ ذوی الفروض درج ذیل مردوں اور عورتوں پر مشتمل ہیں:

### ذوی الفروض مرد

(1) شوہر

(2) باپ

(3) اخیافی بھائی

(4) جدّ صحیح

### ذوی الفروض عورتیں

(1) بیوی

(2) ماں

(3) بیٹی

(4) پوتی

(5) سگی بہن

(6) علاتی (ماں کی طرف سے) بھائی

(7) اخیافی بہن

(8) جدّہ صحیحہ

ذوی الفروض کا چار مردوں اور آٹھ عورتوں پر مشتمل ہونا مردوں اور عورتوں کی نفسِ وراثت میں مساوی شرکت کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ذوی الفروض میں مردوں کی تعداد سے دوگنا عورتیں شامل کی گئیں اور ان خواتین میں کچھ ایسی بھی ہیں جو شاید براہ راست متوفی کی شرعی کفالت میں نہ آتی ہوں اسکے باوجود یہاں زیادہ عورتوں کو سہولت مہیا کی گئی۔[1]

اس طرح فی الحقیقت تقسیمِ وراثت میں عورت اور مرد برابر ہو گئے یعنی قانونِ الٰہی میں عورت کو کسی طور بھی مرد سے کم درجہ نہیں گردانا گیا بلکہ مرد اور عورت کے حصہ وراثت کا لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ کے قانون کے تحت تعین دراصل ان پر عائد ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے مناسب معاشی انتظام کا درجہ رکھتا ہے۔

### دورِ جاہلیت میں عربوں کا نظامِ وراثت

اہل عرب مختلف قبیلوں اور طبقوں میں بٹے ہوئے تھے۔ وراثت میں ان کے ہاں چھوٹے بچوں اور عورتوں کا کوئی حصہ نہ تھا۔ ان کے ہاں میراث پانے کے درج ذیل تین اسباب تھے:[1]

---

1۔ جلال الدین عمری، اسلام میں عورت کے حقوق، لاہور، اسلامک پبلیکیشنز، ۱۹۹۳

ا۔ **قرابت اور نسبی تعلق:** لیکن اس کے لیے شرط یہ تھی کہ وارث بالغ اور جنگی صلاحیت کا حامل ہو اور ترکہ کا سب سے پہلا حقدار بڑا بیٹا تھا، اس کے ہوتے ہوئے کوئی اور وارث نہیں ہو سکتا تھا۔ اس کے بعد پوتا، پھر باپ، دادا اور ان کے بعد بھائی اور چچا وغیرہ کا حق تھا۔

۲۔ وَلاء: اسی جنگ و جدال کی وجہ سے ایک قبیلہ دوسرے قبیلے سے اور ایک شخص دوسرے شخص سے باہم مدد اور نصرت کا معاہدہ کرتا تھا جسے 'وَلاء' کہا جاتا ہے اور قریبی وارث کی موجودگی میں بھی یہ شخص وارث ہوتا تھا۔

۳۔تَبَنّیٰ: سابقہ اقوام اور مذاہب میں لے پالک بیٹے کا رواج تھا اور اب بھی بہت سے فرقوں میں باقی ہے، کہ لوگ دوسروں کے بچے کو گود لیتے ہیں اور وہ حقیقی بیٹے کی طرح سمجھا جاتا ہے اور اس کی جائیداد کا وارث ہوتا ہے۔ عربوں میں بھی یہ طریقہ رائج تھا۔ اسلام نے آکر اسے ختم کیا۔

## بعثتِ نبوی ﷺ کے فوائد و نتائج

حضور اکرم ﷺ کی بعثت سے جہاں شرک و کفر کا خاتمہ ہوا اور دیگر تمام باطل رسموں کی اصلاح ہوئی، اسی طرح یتیموں کے مال اور عورتوں کے حقوق و میراث کے سلسلے میں بھی تفصیلی احکامات نازل ہوئے۔ دُنیائے انسانیت جاہلی تہذیب سے نکل کر اسلام کی پاکیزہ معاشرت میں زندگی گزارنے لگی۔

1۔ سید ضیاءالدین، عورت قبل از اسلام و بعد از اسلام، صفحہ: 36، جمعرات 20 جون 2013ء، ناشر: النور ہیلتھ وایجوکیشن ٹرسٹ کراچی

## مبحث دوم: میراث

### اسبابِ میراث

زمانۂ جاہلیت میں جن اسباب کی وجہ سے آدمی کو میراث ملتی تھی، ان میں ایک سبب 'نسب' تھا تو دوسرا 'معاہدہ' (یعنی ایک دوسرے سے خوشی و غم میں تعاون کریں گے، ایک مرے گا تو دوسرا اس کا وارث بنے گا، اس بات کا معاہدہ کیا جاتا تھا)۔ تیسرا سبب ''متبنٰی'' (یعنی منہ بولا بیٹا) وارث بنتا تھا۔ اس کے علاوہ ابتدائے اسلام میں ان اسباب کے ساتھ مؤاخات و ہجرت کی وجہ سے بھی میراث میں حصہ تھا، جو حقیقت میں معاہدہ ہی کی ایک صورت تھی۔[1]

لیکن اسلام نے تدریجاً ان اسباب کو ختم کر دیا اور نسب، نکاح اور ولاء کو وراثت کا سبب قرار دیا۔ یعنی اب ترکہ میں سے صرف اس کو حصہ ملے گا جس کا میت کے ساتھ نکاح ہو گا یا کوئی نسبی تعلق ہو گا۔ چونکہ زمانے کا رواج میراث میں عورتوں کو نظر انداز کرنے اور محروم کرنے کا تھا اس لیے نبی کریم ﷺ اور اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں عورتوں کا ذکر خصوصیت سے کیا۔

### میراث کی تقسیم کا شرعی طریقہ

وراثت کی تقسیم کا شرعی طریقہ یہ ہے کہ مرتے وقت چھوڑی گئی تمام جائیداد چاہے منقولہ اور غیر منقولہ میں سے اسکی تدفین کے بعد قرض ادا ہو گا پھر اگر اسکی وصیت ہے تو اس پر عمل کیا ہو گا اگر وہ وراثت کی کل رقم ایک تہائی سے زیادہ نہ ہو۔ اس کے بعد باقی جائیداد فوت ہونے والے فرد کے وارثوں میں ایسے تقسیم ہو گا کہ بیوی کو آٹھواں حصہ اور دو بیٹیوں کے برابر بیٹے کو حصہ ملے گا۔

### میراث کا حق

شریعت نے خاتون کو یہ حق دیا ہے کہ طلاق ہو جانے کے بعد عدت کے دوران، اگر اس کا خاوند فوت ہو جائے تو اس کے جائیداد سے میراث کی حقدار ہو گی، جسے غیر موجودہ بیوی کو ملتی ہے۔ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ جب تک اس نے شادی نہ کی ہو، عدت کے بعد بھی میراث میں حصہ ملے گا۔ یہی قول کئی صحابہ سے ثابت ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ چاہے اس کا طلاق دیتے وقت شوہر بیمار ہو یا نہ ہو، وہ اس لئے کہ شوہر کو ابھی اسے روکنے کا اور رجوع کرنے کا اختیار باقی رہتا ہے اور وہ بھی اس کی مرضی سے، ولی اور گواہوں کی موجودگی کے بغیر اور بلا کسی نئے مہر کے۔ شریعت اسلام میں خاتون کو مرد کے برابر وراثت کا حق بھی میسر ہے۔

لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَکَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُوْنَ وَلِلنِّسَآئِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَکَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْہُ أَوْ کَثُرَ نَصِيبًا مَّفْرُوْضًا[2]

ترجمہ: "مردوں اور عورتوں کا اپنے والدین اور رشتہ داروں کی وراثت میں خواہ تھوڑا یا زیادہ مگر حصہ ہے اور یہ حصے مقرر ہیں۔"

### والدین کے مالِ وراثت میں خاتون کا حق

قرآن کریم نے بچوں میں وراثت کا تعین کرتے ہوئے بھی خواتین کا حق تفصیلاً بیان کیا ہے:

يُوْصِيْکُمُ اللہُ فِیْ أَوْلَادِکُمْ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ فَإِنْ کُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَہُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَکَ وَإِنْ کَانَتْ وَاحِدَةً فَلَہَا النِّصْفُ وَلِأَبَوَيْہِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْہُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ إِنْ کَانَ لَہٗ وَلَدٌ فَإِنْ لَّمْ يَکُنْ لَّہٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَہٗ أَبَوَاہُ فَلِأُمِّہِ الثُّلُثُ فَإِنْ کَانَ لَہٗ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّہِ السُّدُسُ[1]

---

1۔ شمیمہ محسن، عورت قرآن کی نظر میں، صفحہ: 43، پیر 09 مارچ 2015ء ناشر: البدر پبلیکیشنز، لاہور

2۔ سورہ النساء 4:7

ترجمہ: ''تمہارے بچوں کے حوالے سے اللہ کا یہ تاکیدی فیصلہ ہے کہ جائیداد میں دو بیٹیوں کے برابر بیٹے کا حصہ ہے۔ اگر اکیلی بیٹی ہو تو پھر آدھی جائیداد اور (میت کے) والدین میں سے ہر ایک کو جائیداد کا چھٹا حصہ بشرطیکہ اسکی اولاد ہو، اگر اولاد نہ ہو تو اور وارث والدین ہی ہوں تو والدہ کے لئے ایک تہائی (والدین کے ساتھ) اگر بہنیں اور بھائی بھی ہوں تو والدہ کیلئے چھٹا حصہ ہوگا۔''

اس آیہ مبارکہ میں یہ امر قابل غور ہے کہ تقسیم کی بنیاد عورت کا حق ٹھہرا، یعنی تقسیم کا عمل عورت کے حصے کی بنیاد پر ہوگا۔ گویا تمام تقسیم اس محور کے گرد گھومے گی۔ جاہلیت میں لڑکیوں کو ترکے میں حصہ نہیں دیا جاتا تھا۔ جیسا کہ اکثر دوسرے مذاہب میں اب بھی ہے لیکن اسلام کی نظر میں لڑکی کو ترکے کا حصہ دینا کتنا ضروری ہے، وہ اس سے ظاہر ہے کہ پہلے تو تقسیم وراثت کی عمارت کی بنیاد ہی لڑکی کے حصے پر رکھی پھر یوصیکم اللہ کہہ کر فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا نہایت تاکیدی حکم ہے۔

**اس آیت مبارکہ سے تقسیم کے یہ اصول معلوم ہوئے:**

(1) اگر بچوں میں بیٹے اور بیٹیاں ہوں تو ایک بیٹے کو ایک بیٹی سے دوگنا دیا جائے گا اور اسی اصول پر سب ترکہ لڑکوں اور لڑکیوں میں تقسیم ہوگا، صرف لڑکوں کا ذکر نہیں کیا، کیونکہ اس صورت میں ظاہر ہے کہ وہ سب برابر کے حصے دار ہوں گے۔

(2) اگر اولاد میں لڑکا کوئی نہ ہو اور 2 یا 2 سے اوپر بیٹاں ہوں۔ تو ان کو بھی دو تہائی ہی حاصل ہوگا۔

حضور نبی اکرم ﷺ کے عمل مبارک سے ان معنوں کی تائید ہوتی ہے۔

عَن جَابِر بنُ عَبدُ اللّٰهِ، قَالَ جَاءَت اِمرَأَةُ سَعدُ بنِ الرَّبِيع بِابنِتَيهَا مِن سَعد اِلی رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فَقالَت: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَاتَانِ اِبنَتَا سَعد بنُ الرَّبِيع قُتلَ أَبُوهُمَا مَعکَ يَومَ أُحُدٍ شَهِيداً، وَاِنَّ عَمَّهُمَا أَخَذَ مَالَهُمَا، فَلَم يَدَع لَهُمَا مَالاً وَلاَ تُنكِحَان اِلاَّ وَلهُمَا مَالٌ، قَالَ: يَقضِی اللّٰهُ فِی ذَلکَ، فَنَزَلَت آيَةَ المِيرَاثِ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اِلی عَمِّهِمَا، فَقَالَ: ''اِعطِ ابنَتَی سَعد الثُّلثَين، وَأَعطِ أُمَّهُمَا الثُّمُن، وَمَا بَقِی فَهُو لَکَ.''[2]

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ ایک صحابی سعد بن ربیع غزوہ احد میں شہید ہوگئے۔ انہوں نے اولاد میں صرف دو لڑکیاں چھوڑ دیں۔ سعد کے بھائی نے سارے ترکے پر قبضہ کر لیا اور لڑکیوں کو کچھ نہ دیا۔ اس پر سعد کی بیوہ آپ ﷺ سے مخاطب ہوئیں کہ سعد کی دو لڑکیاں موجود ہیں، لیکن ان کے چچا نے انہیں ان کے باپ کے ترکے میں سے ایک جبہ بھی نہیں دیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ آپ ﷺ نے سعد کے بھائی کو بلوایا اور اسے حکم دیا کہ مرحوم کی دونوں بیٹیوں کو اس کے ترکے میں سے دو تہائی اور بیوہ کو آٹھواں حصہ دے دو اور بقیہ خود رکھ لو۔

(3) اگر اولاد میں صرف ایک لڑکی ہو تو اسے ترکے کا نصف ملے گا اور باقی نصف دوسرے رشتہ داروں میں تقسیم ہوگا۔

(4) اگر اولاد کے ساتھ میت کے ماں باپ بھی زندہ ہوں تو پہلے والدین میں سے ہر ایک کو جائیداد کا چھٹا حصہ اور باقی دو تہائی مندرجہ بالا شرح سے اولاد کو ملے گا۔

---

1۔ سورہ النساء 4:11

2۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابی عیسیٰ، الامام الحافظ، 1996ء، الجامع الکبیر للترمذی، ابواب الفرائض، باب ماجاء فی المیراث البنات، ج 3، ص 599، دار الغرب الاسلامی، بیروت

(5) اگر متوفی کے اولاد کوئی نہ ہو، صرف ماں باپ ہوں، تو اس صورت میں ترکے کا تہائی ماں کو اور باقی باپ کو ملے گا۔

(6) آخری صورت یہ بیان کی کہ اگر متوفی کے ورثا یں والدین کے علاوہ بھائی اور بہنیں ہوں، تو والدہ کو چھٹا حصہ ملے گا۔ ممکن تھا کہ کوئی شخص ماں باپ کو اولاد کا وارث قرار دینے پر اعتراض کرتا، کیونکہ اس سے پہلے دنیا کے تمام مذاہب میں صرف اولاد ہی وارث قرار دی گئی تھی۔

## شوہر کے مالِ وراثت میں سے عورت کا حق

شوہر کی وفات کی صورت میں قرآن میں ہے:

وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ[1]

ترجمہ: ''اور تمہاری جائیداد میں سے ایک چوتھائی حصہ تمہاری گھر والیوں کا اگر کوئی بچے نہیں۔ اگر بچے بھی ہوں تو جائیداد میں سے ان کا آٹھواں حصہ رہے گا جبکہ آپکی وصیت پر عمل تمہارے قرض کی ادائیگی کے بعد ہوگا۔''

## مرحوم کا ترکہ دو بیویوں میں تقسیم کرنے کا طریقہ

مرحوم کے کل ترکے کا آٹھواں یا چوتھا حصہ دونوں بیویوں میں مساوی (برابر) تقسیم ہوگا، یعنی اولاد ہو تو آٹھواں حصہ اور اولاد نہ ہو تو چوتھا حصہ دونوں میں تقسیم ہوگا۔

## بیوہ کے لیے نکاحِ ثانی کی صورت میں شوہرِ اوّل کی جائیداد میں سے حصہ

بیوہ نکاح ثانی کر لینے کے باوجود سابقہ شوہر کی جائیداد میں حصہ دار ہوگی کیونکہ مرتے وقت جو بیوی تھی وہ وارث ہے اور جائیداد میں حصہ دار ہے۔ خواہ وہ نکاح ثانی کرے یا نہ کرے، وراثت پر فرق نہیں پڑتا۔

## مرد و عورت کے مساوی حصہ کی مثال

معاشرے میں بعض مرد و عورتیں ایسی بھی ہوتی ہیں جن پر عمر رسیدگی یا کسی اور سبب سے مالی ذمہ داریوں کا بوجھ نہیں رہتا یا کم از کم مرد پر عام حالات کی طرح عورت کے مقابلے میں زیادہ بوجھ نہیں ہوتا یعنی وہ دونوں یکساں مالی ذمہ داریوں کے حامل ہو جاتے ہیں۔ یہ مقام اس وقت آتا ہے جب مرنے والے کے والدین زندہ ہوں اور اس متوفی کی اولاد بھی ہو، جب اس صاحب اولاد متوفی کی وراثت تقسیم ہوگی تو اس کے ماں باپ میں سے ہر ایک کو ترکہ کا 6/1 حصہ حاصل ہوگا۔

وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِن كَانَ لَهُ وَلَدٌ[2]

ترجمہ: ''اور والدین کیلئے ان دونوں میں سے ہر ایک کو (برابر) جائیداد کا چھٹا حصہ بشرطیکہ مرنے والے کی اولاد نہ ہو۔''

دوسرے مقام پر ہے:

---

1۔ا سورہ النساء 4:12

2۔ سورہ النساء 4:11

وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُوْرَثُ كَلاَلَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَّلَهٗ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ [1]

ترجمہ: اگر کوئی ایسا شخص ہو جس کے والدین ہوں نہ اولاد یا عورت اسکا بھائی یا بہن ہو تو ہر ایک کیلئے چھٹا حصہ ہو گا۔

اس طرح باوجود یہ کہ وراثت کی تقسیم مرد و عورت کے مابین ہو رہی ہے، یہ برابر ہو گی۔ اگر اسلام کے نظامِ وراثت میں محض مرد ہونے کی وجہ سے عورت کے حصہ سے دوگنا قرار پایا ہوتا یا عورت کا حصہ محض عورت ہونے کی وجہ سے نصف ہوتا تو پھر اس مقام پر جب وہ ماں باپ کی حیثیت سے وراثت لے رہے ہیں یہاں بھی ان کے حصہ کا فرق برقرار رہتا جبکہ یہاں ایسا معاملہ نہیں۔

بہر حال، جہاں تک مال و جائیداد کے حق کا تعلق ہے، اس معاملے میں بھی اسلام نے عورتوں اور مردوں میں مساوات کو ملحوظ رکھا ہے۔ چاہے وہ مرد ہو یا عورت اپنی جائیداد کی خرید و فروخت اور اس کا انتظام کرنے میں بالکل آزاد ہوتی ہے۔ وہ چاہے اسے رہن رکھے، یا کسی کو ورثے میں دے، پٹہ پر دے، یا فروخت کرے یا اس کو مزید زمین خریدنے کا ذریعہ بنائے یا اس کو اپنی ضرورتیں پوری کرنے میں استعمال کرے، غرض یہ کہ ان تمام معاملات میں عورت کو مرد کے برابر حقوق حاصل ہیں۔

## میراث میں عورت کا حصہ، تقسیم وراثت کا لازمی جزو ہے

متذکرہ بالا آیت مبارکہ کے الفاظ پر غور تقسیمِ میراث کے بنیادی پیمانے کو واضح کرتا ہے۔ یہاں مرد و عورت کا حصہ وراثت بیان کرتے ہوئے عورت کے حصے کو اکائی قرار دیا گیا کہ ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصوں کے برابر ہے۔ یہ نہیں کہا گیا کہ ایک عورت کا حصہ مرد کے نسبت آدھا ہے۔ بلکہ تقسیم میراث میں عورت کے حصہ کو بنیاد بنایا گیا اور پھر اس تقسیم کے عمل میں اس کو اکائی بنایا گیا۔ گویا میراث کی تقسیم کا تمام عمل اس اکائی کے گرد گھومتا ہے جو در حقیقت خواتین کی تکریم و وقار کے اعلان کا مظہر ہے۔

## مرد کا حصہ دوگنا ہونے پر مستشرقین کا اعتراض

"اسلام میں عورت کے حصہ کا مرد سے آدھا ہونے پر مغرب زدہ حضرات کی طرف سے اعتراضات کا ایک سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ مثلاً یہ کہ عورت کے ساتھ صنفی تخصیص روا رکھی گئی ہے، یا یہ کہ عورت کو آدھے مرد کے برابر قرار دیا گیا ہے، یہ کہاں کا انصاف ہے کہ مرد کو دو حصے دیئے جائیں اور عورت کو ایک، جب کہ عورت زیادہ قابل رحم اور مالی اعانت کی زیادہ مستحق ہے۔ وہ مردوں کی طرح تجارت وزراعت نہیں کر سکتی۔ شوہر کی دست بستہ غلام ہے۔ بچوں کی پرورش کرنے والی ہے۔ علاوہ ازیں وضع حمل کی تکلیف اور رضاعت کی محنت و مشقت اسے بالکل ناتواں کر دیتی ہے۔ اس لیے اس کا حصہ ہونا تو زیادہ چاہیے تھا، اور اگر زیادہ نہیں کم از کم برابر تو ضرور ہونا چاہیے تھا۔" [2]

ان اعتراضات کی وجہ کم علمی اور ہمارے ہاں عورت کی ابتر معاشی حالت ہے، اور اس کا سبب اسلامی نظام میراث نہیں، بلکہ ہمارا معاشرہ ہے۔ جس معاشرے میں آج تک عملی زندگی میں عورت کے حق وراثت کو تسلیم نہیں کیا گیا ہے، اور عموماً عورتوں کو ان کے حق سے محروم رکھا جاتا ہے، خصوصاً بیٹیاں پرایا دھن سمجھی جاتی ہیں، لہٰذا انھیں بوقت شادی جہیز کی صورت میں کچھ دے دلا کر رخصت کر دیا جاتا ہے

---

1۔ سورہ النساء 4:12

2۔ محمد علی ہاشمی، مسلمان عورت اور اس کا اخلاقی و معاشرتی کردار، مسلم پبلیکیشنز، لاہور

اور انھیں خاندانی جائیداد اور وراثت میں حصہ نہیں دیا جاتا۔ حالانکہ ایسا کرنے والا صریحاً اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام کی نافرمانی کا مرتکب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس نظام کی مصالح اور حکمتوں کو کماحقہٗ سمجھنا، ہماری ناتواں عقل سے باہر ہے۔[1]

**بایں ہمہ ہمارے خیال میں اس حکم کی مصلحتیں حسب ذیل ہو سکتی ہیں:**

۱- اسلام میں عورت کا حصہ ٔمیراث نصف مقرر کرنے میں اللہ تعالیٰ کی عظیم حکمت کارفرما ہے۔ اس حوالے سے بنیادی معاملہ یہ ہے کہ خالق کائنات نے مرد کو دوگنا حصہ اس کی ذمہ داریوں کی وجہ سے دیا ہے۔ کیونکہ زندگی میں زیادہ تر معاشی، تعلیمی اور تربیتی ذمہ داریاں بنیادی طور پر مردوں پر ہیں، جن سے عورت بالکل مستثنیٰ ہے، بلکہ خود عورت کی اپنی کفالت کا بار بھی شادی سے پہلے اس کے سرپرست پر رکھا گیا ہے اور شادی کے بعد خاوند یا اس کی اولاد پر۔ ایسی صورت میں دونوں کو مساوی حقوق دینا کسی طرح قرین انصاف نہ تھا۔ نامور مفکر محمد قطب ؒ لکھتے ہیں: اسلام کا قانون یہی ہے کہ میراث میں مرد کا حصہ عورت سے دوگنا ہے۔ یہ بالکل فطری اور منصفانہ تقسیم ہے کیونکہ عورت پر مالی ذمہ داریوں کا بوجھ نہیں ہوتا۔ دوسرے انداز سے دیکھیے: کل ورثے کا ایک تہائی عورت (بیٹی) کو صرف اپنی ذات کے لیے ملتا ہے، جب کہ باقی دو تہائی مرد (بیٹے) کو دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے بیوی بچوں اور خاندان کی ضروریات پوری کرے۔

اس سے ظاہر ہے کہ وراثت کا بیشتر حصہ کس کو ملتا ہے عورت کو یا مرد کو۔ مرد خاندان کی معاشی ذمہ داریاں پوری کرنے کا پابند ہے۔ اگر وہ بیوی کو نان و نفقہ دینے سے انکار کر دے یا آمدنی کے لحاظ سے اس کو کم خرچہ دے، تو بیوی ذاتی طور پر مال دار اور صاحبِ حیثیت ہونے کے باوجود بھی اس کے خلاف مقدمہ دائر کر کے نان و نفقہ کا مطالبہ کر سکتی ہے۔ اس لیے کہ مرد کو گھرانے کا سربراہ ہونے کی وجہ سے جو ذمہ داریاں پوری کرنا پڑتی ہیں، ان کا تقاضا ہے کہ اسے وراثت میں زیادہ حصہ دیا جائے۔

۲- میراث میں آدھے حصے کی تلافی بھی اسلام کرتا ہے۔ وہ اس طرح کہ ایک تو بیوی کو شوہر سے مہر دلواتا ہے جو کہ بلا شرکت غیرے صرف اسی کا ذاتی حق ہے۔ دوسرے یہ کہ شادی میں جو مال وزر اور تحفے تحائف دیے جاتے ہیں، اس کی مالک بھی وہ خود ہی ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر اس کے پاس کوئی جائیداد وغیرہ ہے، تو وہ صرف اسی خاتون کا حق ہے، کوئی اسے اس کے خاوند یا بچوں پر خرچ کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا، جب کہ مرد قانوناً اپنے حصے کے مال و دولت کو دوسروں پر خرچ کرنے کا

1۔تذکار صالحات، طالب ہاشمی، صفحہ:102ہفتہ19نومبر2011ء، ناشر :البدر پبلیکیشنز لاہور

پابند ہے۔ماں باپ کی طرف سے ملنے والا حصہ بھی ذاتی طور پر اسے مل جاتا ہے اور اسے اپنے بچوں یا شوہر کی کفالت بھی نہیں کرنی پڑتی۔[1]

۳- قانون وراثت میں اصل اہمیت چونکہ نسب کو دی جاتی ہے، اس لیے اس ضابطے کے تحت ضروری نہیں کہ مرد کو زیادہ حصہ ہی ملے۔ یہ عین ممکن ہے کہ ایک عورت مورث (میت) سے قریبی تعلق رکھتی ہو اور اس مرد سے زیادہ حصہ پائے جو مورث کا دور کا رشتہ دار ہے۔ بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ عورت اپنے خاندان (والدہ، والد، بھائی، بہن وغیرہ) سے بھی وراثت میں حصہ پاتی ہے اور اپنے خاوند کے خاندان (خاوند اور اپنے بیٹے، بیٹیوں وغیرہ) سے بھی۔

۴- اصولی طور پر اسلام نے عورتوں کو سماج میں مردوں کے مساوی حیثیت دی، اور وراثت کا مستحق ٹھیرایا۔ اسلام کی جانب سے عورتوں کی مزید عزت افزائی کا مظہر یہ ہے کہ اس نے تقسیم میراث میں حصہ ٔنسواں کو اصل پیمانہ قرار دیا ہے اور اس کی نسبت سے مردوں کا حصہ بیان کیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

يُوصِيكُمُ اللّٰهُ فِيْ اَوْلَادِكُمْ ق لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ[2]

ترجمہ: ''تمہارے بچوں کے حوالے سے اللہ کا یہ تاکیدی فیصلہ ہے کہ جائیداد میں دو بیٹیوں کے برابر بیٹے کا حصہ ہے۔''

قرآن کی یہ تعبیر قابلِ غور ہے۔ یوں بھی کہا جاسکتا تھا کہ عورت کے لیے مرد کے حصہ کا نصف ہے یا دو عورتوں کو ایک مرد کے برابر حصہ ملے گا۔ لیکن اس کے بجائے یہ کہا گیا کہ مرد کے لیے دو عورتوں کے حصے کے برابر ہے۔ اس کی حکمت یہ ہے کہ قرآن کی نظر میں میراث میں لڑکی کا حصہ اصل ہے، اسی لیے اسے تقسیم میراث کے معاملے میں پیمانہ اور بنیاد بنایا گیا ہے۔[3]

پھر یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ مستحقینِ میراث میں کچھ لوگ وہ ہیں جو دوسرے وارثین کی موجودگی میں میراث سے بالکلیہ محروم ہو جاتے ہیں، مثلاً: بھائی جو باپ کی موجودگی میں محروم رہتا ہے۔ اور بعض لوگ وہ ہیں جو محروم تو نہیں ہوتے البتہ ان کا حصہ کم ہو جاتا ہے۔ چھ وارثین ایسے ہیں جو کسی بھی حال میں بالکلیہ میراث سے محروم نہیں ہوتے: شوہر، بیٹا، باپ، بیوی، بیٹی اور ماں۔ اس فہرست میں اگر تین مرد ہیں تو تین عورتیں بھی ہیں۔

اس کے علاوہ میراث میں اصحاب الفروض کے جو حصے متعین کیے گئے ہیں، ان کے مستحقین میں عورتوں کی تعداد مردوں کے مقابلے میں تین گنا ہے۔ نیز تقسیمِ میراث کے متعدد حالات ایسے ہیں جن میں عورت کا حصہ مرد کے برابر ہوتا ہے اور ان کے درمیان کوئی تفریق نہیں ہوتی۔ جیسے: نرینہ اولاد کی موجودگی میں والدین میں سے ہر ایک کے حصہ میں چھٹا ہو گا۔ میت کے اصول (باپ دادا) اور فروع

---

1۔ عبدالغفار حسن، مسلم خاتون حقوق، فرائض اور اوصاف، صفحہ: 68، رابطۃ العلوم الاسلامیہ، کراچی

2۔ سورہ النساء 4:11

3۔ عبدالغفار حسن، مسلم خاتون حقوق، فرائض اور اوصاف، صفحہ: 79، رابطۃ العلوم الاسلامیہ، کراچی

(بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی...) میں سے کوئی نہ ہو اور اس کے اخیافی (ماں شریک) بہن بھائی ہوں تو سب ایک تہائی میں برابر کے حصہ دار ہوں گے۔ نیز بعض حالات میں حقیقی بہن اتنا ہی حصہ پاتی ہے جتنا حقیقی بھائی مستحق بنتا ہے۔[1]

ان صورتوں کے علاوہ جن میں عورت کا حصہ مرد سے زیادہ یا اس کے برابر ہوتا ہے، صرف درج ذیل حالتوں میں ہی عورت کا حصہ مرد کا نصف ہوتا ہے۔ جیسے: اولاد اور شوہر یا بیوی کی عدم موجودگی میں ماں کا حصہ ایک تہائی ہوتا ہے اور بقیہ کا مستحق باپ قرار پاتا ہے۔ میاں بیوی میں سے کوئی ایک وفات پا جائے اور دوسرے کو چھوڑ جائے تو عورت یعنی بیوی کا حصہ مرد یعنی شوہر کے مقابلے میں نصف ہوتا ہے۔ اگر میت کی اولاد بیٹے بیٹیاں یا پوتے پوتیاں (تا آخر) ہوں تو ان کے درمیان میراث اس طرح تقسیم ہو گی کہ ہر ایک لڑکے کو دو لڑکیوں کے برابر حصہ ملے گا۔ اسی طرح اگر میت کے حقیقی یا باپ شریک بھائی بہن ہوں تو ان کے درمیان بھی میراث اس طرح تقسیم ہو گی کہ ہر مرد کو دو عورتوں کے برابر حصہ ملے گا۔

بایں ہمہ شریعت اسلامیہ کے پورے قانون میں معاشی، معاشرتی اور قانونی ذمہ داریوں کا بار چونکہ زیادہ تر مرد پر ہی عائد کیا گیا ہے، اس لیے عورت کو مرد کے مقابلے میں اکثر اوقات نصف حصہ یا نصف رقبہ دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر وراثت، دیت اور قانون شہادت وغیرہ میں عورت کا حصہ کئی جگہ مرد کے مقابلے میں نصف رکھا گیا ہے، مگر اس کا مطلب عورت کے درجے اور رُتبے میں کمی ہر گز نہیں، بے شمار دوسرے مواقع پر عورت کا درجہ زیادہ یا مساوی رکھا گیا ہے۔ مثلاً علم و عمل اور اُخروی اجر و ثواب کے حصول میں دونوں میں کوئی فرق نہیں، جب کہ خدمت و اطاعت میں اولاد کے لیے والدہ کا درجہ زیادہ ہے۔ اولاد میں سے دُختری اولاد کی پرورش، تربیت اور نگہداشت پر لڑکوں کی نسبت زیادہ اجر و ثواب ہے۔ علاوہ ازیں بہت سے مقامات پر اللہ تعالیٰ نے عورت کا درجہ مرد سے بڑھا دیا ہے۔ اس طرح شریعت نے دونوں کے مابین توازن اور اعتدال قائم رکھا ہے جو کہ صحت مند معاشرے کے لیے ضروری ہے۔

## باپ کی وراثت میں بیٹے اور بیٹیوں کا حصہ

اگر ایک بیٹی ہے تو باپ کی وراثت میں سے بیٹی کو نصف ملے گا لیکن اگر دو یا 2 سے اکثر ہیں تو جائیداد کا 2 تہائی ملے گا اور اگر لڑکے ہیں تو ہر لڑکے کو 2 لڑکیوں کے مساوی ملے گا، جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے:

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ[2]

"تمہارے بچوں کے حوالے سے اللہ کا یہ تاکیدی فیصلہ ہے کہ جائیداد میں دو بیٹیوں کے برابر بیٹے کا حصہ ہے۔"

## بیٹی اور بہن کا وراثت میں سے حصہ

عَنْ هُزَيْلَ بْنَ شُرَحْبِيلَ قَالَ سُئِلَ أَبُو مُوسَى عَنْ بِنْتٍ وَابْنَةِ ابْنٍ وَأُخْتٍ فَقَالَ لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَلِلْأُخْتِ النِّصْفُ وَأْتِ ابْنَ مَسْعُودٍ فَسَيُتَابِعُنِي فَسُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَأُخْبِرَ بِقَوْلِ أَبِي مُوسَى فَقَالَ لَقَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنْ الْمُهْتَدِينَ أَقْضِي فِيهَا بِمَا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلابْنَةِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ ابْنٍ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ فَأَتَيْنَا أَبَا مُوسَى فَأَخْبَرْنَاهُ بِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ لَا تَسْأَلُونِي مَا دَامَ هَذَا الْحَبْرُ فِيكُمْ[3]

1۔ قاضی محمد عبد الحئ، امت کی بیٹیاں اور فتنہ ارتداد، صفحہ: 88، 02 مارچ 2022ء، ناشر: عروۃ الوثقیٰ فاؤنڈیشن حیدر آباد

2- سورہ النساء 4:11

3۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ، امام، 1433ھ، صحیح البخاری، کتاب الفرائض، باب میراث ابنۃ ابن مع ابنۃ، ج 8، ص 418,419، دار التاصیل، بیروت

ترجمہ: ہزیل بن شرحبیل کہتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے میراث کے ایک مسئلہ کے بارے میں پوچھا گیا جس میں میت ایک بیٹی، پوتی اور بہن چھوڑ مرا تھا تو انھوں نے کہا کہ کل ترکہ کا نصف بیٹی کو اور بقیہ نصف بہن کو ملے گا۔ پھر کہا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے بھی پوچھ لو وہ میری تائید ہی کریں گے۔ سائل نے حضرت ابن مسعودؓ کے ہاں حضرت ابوموسیٰؓ کا فتویٰ ذکر کیا تو انھوں نے کہا کہ اگر میں بھی وہی فتویٰ دوں جو ابوموسیٰؓ نے دیا ہے تو یقینا میں راہ راست سے بھٹک جاؤں گا۔ میں اس کے بارے میں وہی فتویٰ دوں گا جو آنحضورؐ نے دیا تھا: بیٹی کو کل ترکہ کا نصف، پوتی کو چھٹا حصہ (بیٹیوں کے دو تہائی حصہ کی تکمیل کے طور پر) اور باقی بہن کا ہوگا۔ بخاری اور مسند احمد کی روایت میں ہے کہ ہم نے حضرت ابوموسیٰؓ کو ابن مسعودؓ کے فتویٰ کے متعلق بتایا تو انھوں نے کہا کہ جب تک ایسا بڑا عالم تمھارے درمیان موجود ہو، مجھ سے مسائل نہ پوچھا کرو۔

عَنِ الاَسوَدِ بنِ يَزِيدٍ، قَالَ اَتَانَا مُعَاذ بنَ جَبَلٍ، بِاليَمَنِ مُعلِّماً وَاَمِيراً، فَسَأَلنَاه عِن رَجُلٍ تُوُفِّى وَتَركَ اِبنَتَه وَاُختَه، فَاَعطَى الاِبنَةَ النِصفَ، وَالأُختَ النِصفَ.[1]

ترجمہ: اسود بن زید کہتے ہیں: ''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ جب یمن میں تھے، تو اس وقت انھوں نے میت کے ورثا صرف بہن اور بیٹی ہونے کی صورت میں ہر ایک کو ترکہ میں سے نصف دیا، (حضور اکرم ﷺ اس وقت حیات تھے)''۔

## ماں کی وراثت میں بچوں کا حصہ

جس طرح باپ کی وارثت میں بچوں کا حصہ ہوتا ہے اسی طرح ماں کی وراثت میں بھی بچوں کو حصہ ملے گا۔

## دادی اور نانی کا وراثت میں حصہ

حدیث پاک میں دادی اور نانی کی وراثت کو یوں بیان کیا گیا:

عَن قَبِيصَةَ بنِ ذُؤَيب، اِنَّه قَالَ: جَائَتِ الجَدَّةُ إِلَى اَبِى بَكر الصِّديق تَساَلُه مِيرَاثَهَا، فَقَالَ: مَا لَكَ فِى كِتَابِ اللهِ تَعَالَى شَىءٌ، وَمَا عَلِمتُ لَكَ فِى سُنّةِ نَبِى اللهِ ﷺ شَيئاً، فَارجِعِى حَتَّى اَسأَلَ النَّاسَ، فَسَالَ النَّاسَ، فَقَالَ المُغِيرَة بنِ شُعبَةَ: حَضَرتُ رَسُولِ اللهِ ﷺ اعطَاهَا السُّدُس، فَقَالَ اَبُو بَكر: هَل مَعَكَ غَيرُكَ؟، فَقَام مُحمّد بن مَسلَمَة فَقَالَ: مِثلُ مَا قَال المُغِيرةُ بنِ شُعبَةَ فَانفَذَه لَهَا اَبُو بَكر، ثُمَّ جَائَتِ الجَدَّةُ الأُخرَى إِلَى عُمَرَ بنِ الخَطابِ رَضِى اللهُ عَنه تَساَلُه مِيرَاثَهَا، فَقَالَ: مَا لَكِ فِى كِتَابِ اللهِ تَعَالَى شَىءٌ، وَمَا كَان القَضَاء الَّذِى قُضِىَ بِه إِلاَّ لِغَيرِكِ وَمَا اَنَا بِزَائِدٍ فِى الفَرَائِضِ، وَلكِنَّ هُوَ ذَلِكَ السُّدس فَإِن اجتَمَعتُ مَا فِيهِ فَهُو بَينَكُما وَاَيتكُمَا خلتُ بِه فَهُو لَهَا.[2]

1۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابوعبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح البخاری، کتاب الفرائض، باب میراث البنات، ج8، ص418، دارالتاصیل، بیروت

2۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الفرائض، باب فی الجدۃ، ج5، ص77، دارالتاصیل، بیروت

ترجمہ: قبیصہ بن ذویب کہتے ہیں کہ ایک دادی/نانی حضرت ابو بکرؓ کے پاس آئی اور ان سے (اپنے پوتے/نواسے کے) ترکہ میں سے حصہ دینے کا مطالبہ کیا۔ حضرت ابو بکرؓ نے اسے کہا کہ اللہ کی کتاب میں تمھارے حصے کا ذکر نہیں، نیز مجھے رسول اکرم ﷺ کی سنت مطہرہ میں بھی تمھارے لیے کوئی حصہ ہونے کا علم نہیں۔ فی الحال تم چلی جاو میں لوگوں سے پوچھ کر تمھیں بتاؤں گا۔ چنانچہ حضرت مغیرہ بن شُعبہؓ نے کہا کہ میں نے نبی اللہ ﷺ کو اسے (دادی/نانی کو) چھٹا حصہ عطا فرماتے دیکھا ہے۔ حضرت ابو بکرؓ نے ان سے پوچھا کیا تمھارے ساتھ کوئی اور بھی ایسی گواہی دے سکتا ہے؟ اس پر محمد بن مسلمہ انصاریؓ اٹھے اور حضرت مُغیرہ کی بات کی تائید کی۔ چنانچہ حضرت ابو بکرؓ نے اسے ترکہ میں سے چھٹا حصہ دینے کا فیصلہ فرمادیا۔ پھر حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں ایک اور دادی/نانی آپؓ کے پاس آئی جو حصہ طلب کر رہی تھی۔ حضرت عمرؓ نے اسے کہا کہ اللہ کی کتاب میں تمھارے لیے کوئی حصہ مقرر نہیں، البتہ چھٹا حصہ ہے۔ اگر تم دونوں کسی مسئلہ میں جمع ہو جائو تو یہ تم دونوں میں تقسیم ہوگا، اور اگر تم دونوں میں سے کوئی ایک ہی ہوگی تو یہ اس کا حصہ ہوگا۔

عَن بَريدَةَ أَنَّ النَّبِيﷺ جَعَلَ لِلجَدَّةِ السُّدَسَ، اِذَا لَم يَكُن دُونهَا أُمٌّ.[1]

ترجمہ: حضرت بریدہؓ سے مروی ہے کہ رسول مدنی ﷺ نے ماں کی عدم موجودگی میں دادی/نانی کو کل ترکہ کا چھٹا حصہ عطا فرمایا۔

## عاق کرنے سے وراثت ختم نہیں ہوتی

وارث کو میراث سے محروم کرنے کو عرف عام میں عاق کرنا کہتے ہیں۔ اس سے مراد یہ ہے کہ کسی شرعی وارث کو وراثت سے محروم کرنے کے لیے یہ وصیت کر دی جائے کہ میرے مرنے کے بعد فلاں شخص میری جائیداد کا وارث نہیں ہوگا اور اسے عاق نامہ کہتے ہیں۔ لیکن اس عاق نامہ سے وارث وراثت پانے سے محروم نہیں ہوگا وہ دوسرے وارثوں کی طرح وراثت پائے گا۔

## ذہنی یا جسمانی معذور اولاد کا وراثت میں حصہ

ذہنی یا جسمانی معذور اولاد کا وراثت میں حصہ ہوتا ہے۔ بلکہ معذور اولاد تو زیادہ ہمدردی اور معاونت کی حق دار ہوتی ہے کجا کہ انہیں وراثت سے ہی محروم کر دیا جائے یا ان کا حصہ کسی دوسرے کی ضرورت پر خرچ کیا جائے۔ ایسا کرنا جائز اور درست نہیں۔ لہٰذا معذور افراد کا حصہ محفوظ طریقے سے ان تک پہنچایا جائے اور اسے صرف انہی کی ضروریات پر خرچ کیا جائے۔

---

1-ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الفرائض، باب فی الجدۃ، ج5، ص77، دار التاصیل، بیروت

## متبنّٰی (منہ بولی اولاد) کا وراثت میں حصہ

منہ بولی اولاد کا وراثت میں کوئی حصہ نہیں ہوتا، کیوں کہ شریعتِ مطہرہ کی رُو سے اِستحقاقِ وراثت کا مدار قرابت یعنی نسبی رشتہ داری پر ہے جب کہ منہ بولی اولاد سے بنصِ قرآنی رشتہ داری قائم نہیں ہوتی۔ اِس لیے گود لینے والے شخص کے ترکہ میں متبنّٰی کا کوئی حصہ نہیں ہوگا۔ لیکن منہ بولی اولاد کی پرورش کرنے والا شخص اپنی زندگی میں حسبِ استطاعت مکان، روپیہ، دکان وغیرہ اسے ہبہ کرسکتا ہے یا دوسری صورت میں اس کے حق میں ایک تہائی ترکہ کی وصیت کرسکتا ہے۔

## والد کی حیات میں بہن، بھائی کی وراثت

والد کی حیات میں بہن، بھائی وارث نہیں ہوسکتے۔ اس لیے کہ والد کی حیات میں جائیداد ہبہ تو ہوسکتی ہے میراث نہیں۔

## مرحوم کے ترکہ میں بھتیجے اور بھتیجیوں کا حصہ

اگر مرحوم کی اپنی کوئی اولاد نہیں اور بیوی بھی وفات پاچکی ہو اور مرحوم کے بہن بھائی بھی نہ ہوں تو اس صورت میں مرحوم کے ترکہ میں شرعاً وارث بھتیجے ہوں گے، بھتیجیاں وارث نہیں ہوں گی۔

## زندگی میں جائیداد لڑکوں اور لڑکیوں میں برابر تقسیم کرنا

اپنی زندگی میں جائیداد اور مال لڑکوں اور لڑکیوں میں تقسیم کرنا جائز ہے لیکن وہ ترکہ یا وراثت نہیں کہلاتا بلکہ ہبہ کہلاتا ہے۔ ہبہ کرنے میں وہ مختار ہیں، ان پر کوئی شرعی لزوم یا پابندی نہیں ہے۔ البتہ شریعت میں یہ ہدایت ضرور ملتی ہے کہ اگر والدین میں سے کوئی اپنی اولاد کو ہبہ کرنا چاہے تو وہ اولاد کے درمیان مساوات کرے جیسا کہ حضرت نعمان بن بشیر سے مروی حدیث مبارک سے ثابت ہے:

إِنَّ أُمَّهُ بِنْتَ رَوَاحَةَ سَأَلَتْ اَبَاهُ بَعْضَ الْمَوْهُوْبَةِ مِنْ مَالِهِ لِابْنِهَا فَالْتَوٰى بِهَا سَنَةً ثُمَّ بَدَا لَهُ فَقَالَتْ: لَا اَرْضٰى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ عَلٰى مَا وَہَبْتَ لِابْنِی فَاَخَذَ اَبِی بِیَدِی وَاَنَا یَوْمَئِذٍ غُلَامٌ فَاَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ أُمَّ ہٰذَا، بِنْتَ رَوَاحَةَ، اَعْجَبَہَا اَنْ اُشْہِدَکَ عَلَی الَّذِی وَہَبْتُ لِابْنِہَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ یَا بَشِیْرُ اَلَکَ وَلَدٌ سِوٰی ہٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ فَقَالَ اَکُلَّہُمْ وَہَبْتَ لَهُ مِثْلَ ہٰذَا؟ قَالَ: لَا قَالَ فَلَا تُشْہِدْنِی إِذًا فَإِنِّی لَا اَشْہَدُ عَلٰی جَوْرٍ۔[1]

ترجمہ: ’’ان کی والدہ حضرت بنت رواحہ نے ان کے والد (یعنی اپنے شوہر) سے درخواست کی کہ وہ اپنے مال میں سے کچھ ان کے بیٹے (حضرت نعمان) کو ہبہ کردیں۔ میرے والد نے ایک سال تک یہ معاملہ ملتوی رکھا۔ پھر انہیں اس کا خیال آیا۔ میری والدہ کہنے لگی میری رضا مندی اس وقت تک نہیں ہوگی یہاں تک تم میرے بیٹے کے ہبہ پر رسول عربی ﷺ کو گواہ نہ کرلو۔ میرے والد میرا ہاتھ پکڑ کر رسول مکی ﷺ

---

1۔ مسلم، ابن الحسین ابن الحجاج بن مسلم بن قشیری نیشاپوری، اپریل 2000ء، الصحیح المسلم، کتاب الھبات، باب کراھۃ تفضیل بعض الاَولاد فی الھبۃ، ص 710، مکتبہ دار السلام، الریاض

کے پاس پہنچے حالانکہ اس وقت میں نو عمر لڑکا تھا۔ انہوں نے کہا: یارسول اللہ! اس کی ماں بنت رواحہ یہ چاہتی ہیں کہ میں آپ کو اس چیز پر گواہ کرلوں جو میں نے ہبہ کیا اپنے بیٹے کو۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: اے بشیر! کیا اس کے علاوہ تمہاری اور بھی اولاد ہے؟ انہوں نے کہا جی! آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے سب کو اس کی مثل دی ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر میں ظلم کے حق میں گواہی نہیں دوں گا۔" ایک حدیث کے مطابق حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

اِتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْدِلُوا فِي اَوْلَادِكُمْ وَاِنِّي لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلٰى حَقٍّ[1]

ترجمہ: "اللہ سے ڈرو! اور اپنی اولاد میں انصاف کرو اور میں حق کے سوا اور کسی چیز پر گواہی نہیں دیتا۔"

مذکورہ بالا احادیث مبارکہ کی روشنی میں فقہاء احناف کی رائے یہ ہے کہ اگرچہ اولاد کے درمیان غیر مساویانہ ہبہ قانوناً نافذ العمل ہو جائے گا، لیکن یہ شرعاً ناپسندیدہ اور مکروہ عمل ہے اور حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے پسند نہیں فرمایا، جبکہ دیگر ائمہ کے نزدیک ایسا غیر مساویانہ ہبہ باطل ہے اور اس سے رجوع واجب ہے۔

## وراثت میں وصیت کی شرعی حیثیت

وصیت انتقال جائیداد کی ایک قانونی اور فقہی اصطلاح ہے جس کا معنٰی اتصال یعنی ملانا اور عہد کرنا ہے۔ اس کا مطلب آنے والے واقعہ سے متعلق آگاہ کرنا خصوصاً مرنے والے یا سفر پر جانے والے کا کسی کو کچھ سمجھانا ہے۔ اسے وصیت اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ میت کے معاملات کے ساتھ جڑی ہوتی ہے۔ قانونِ انتقال میں میت کے لحاظ سے اِس اِصطلاح کا سب سے اہم اِستعمال مرنے والے یا سفر پر جانے والے شخص کی اپنے 'ترکہ' سے متعلق ہدایات پر کیا جاتا ہے، پہلے مال کی وصیت کرنا لازم ہوتی تھی جب سے ورثاء کے حصے متعین کر دیئے گئے اس کے بعد اب وصیت لازم نہیں ہے اگر کوئی غیر وارث کے لیے وصیت کرنا چاہے تو ایک تہائی (3/1) مال تک کر سکتا ہے۔[2]

## کل مال کی وصیت کرنا

وصیت کے قابل نفاذ ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ وصیت کل مال کے تہائی (3/1) حصے سے زیادہ نہ ہو کیونکہ اس سے زیادہ وصیت کی اذن نہیں۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ان کی عیادت کے حوالے سے ان کے پاس آئے۔ جبکہ وہ مکہ میں تھے۔ انہوں نے رسول عربی ﷺ سے کہا:

يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ؟ قَالَ: لَا. قُلْتُ: فَالشَّطْرُ؟ قَالَ: لَا. قُلْتُ: الثُّلُثُ؟ قَالَ: فَالثُّلُثُ، وَ (الثُّلُثُ كَثِيرٌ)، إِنَّكَ اَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ، خَيْرٌ مِنْ اَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ فِي اَيْدِيهِمْ، وَإِنَّكَ مَهْمَا اَنْفَقْتَ مِنْ نَفَقَةٍ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ، حَتَّى اللُّقْمَةُ الَّتِي تَرْفَعُهَا إِلَى فِي امْرَاَتِكَ[3]

1۔ ایضاً

2۔ محمد نصیر، مختلف تہذیب وادوار میں خواتین کے حقوق کا اسلامی حقوق سے تقابلی جائزہ، ایکٹا اسلامیکا ۲۰۲۱، جلد ۹، شمارہ ۱

3۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبد اللہ، امام، 1433ھ، صحیح البخاری، کتاب الوصایا، باب ان یترک ورثتہ اغنیاء خیر من ان یتکففوا الناس، ج4، ص7، دار التاصیل، بیروت

ترجمہ: ''یارسول اللہ! میں اپنے تمام مال کی وصیت کرلوں؟ آپ ﷺ نے منع کیا: نہیں۔ پھر عرض کیا: نصف مال کی؟ آپ ﷺ نے نہ کی۔ میں نے عرض کیا: تہائی مال کی؟ نبی ﷺ نے فرمایا: تہائی مال زیادہ ہے، بے شک اگر تم اپنے وارثوں کو مالدار چھوڑو تو یہ اس سے مناسب ہے کہ تم ان کو محتاج چھوڑ کے جاؤ اور وہ لوگوں کے آگے اپنی ہتھیلیاں بڑھاتے رہیں۔ بے شک تم جو بھی خرچ کروگے وہ صدقہ ہے، حتی کہ جو لقمہ اٹھا کر اپنی بیوی کے منہ میں رکھتے ہو۔''

اگر مرنے والے نے تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کردی تو اس کا نفاذ متوفی کے ورثاء کی اجازت پر موقوف ہوگا۔ اگر وہ اجازت نہ دیں تو اس وصیت کو فقط تہائی مال تک محدود کردیا جاتا ہے۔

## وارث کو وراثت سے محروم کرنا

وارث کو میراث سے محروم کرنا حرام اور ناجائز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مالی معاملات میں کسی کو من مانی کا حق نہیں دیا بلکہ اپنی حکمتِ کاملہ سے انہیں خود حل فرمایا ہے۔ جائیداد سے محروم رکھنے والا شخص بہتر جانتا ہے کہ اس نے اپنے ورثاء کو کس بناء پر جائیداد سے محروم رکھا ہے۔ اگر کوئی شرعی جواز نہ تھا تو یقینا یہ جرم ہے جس کی سزا وہ آخرت میں بھگتے گا۔ حضرت ابوہریرہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں:

إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالْمَرْأَةُ بِطَاعَةِ اللهِ سِتِّيْنَ سَنَةً، ثُمَّ يَحْضُرُهُمَا الْمَوْتُ فَيُضَارَّانِ فِي الْوَصِيَّةِ، فَتَجِبُ لَهُمَا النَّارُ[1]

ترجمہ: ایک شخص مرد یا عورت ساٹھ سال اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ موت کے وقت وہ وصیت میں کسی کو خسارہ پہنچا دیتے ہیں جس کے سبب ان کے لیے دوزخ لازم ہو جاتی ہے۔

## یتیم کو وراثت سے محروم کرنا

یتیم کو وراثت سے محروم کرنا دراصل اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کی خلاف ورزی ہے۔ قرآن حکیم میں یتیموں کے حقوق کی پامالی پر سخت وعید آئی ہے:

وَاٰتُوا الْيَتٰمٰى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ط اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا[2]

ترجمہ: اور یتیم بچوں کو ان کی جائیداد واپس کرو اور غیر طیب کو طیب سے نہ بدلو اور نہ ان کی جائیداد کو اپنی کے ساتھ ملا کر کھاؤ، یقینا یہ بہت بڑا گناہ ہے۔''

لہٰذا جب بھی کوئی شخص اپنی زندگی میں ایسا دوررس فیصلہ کرنے لگے تو اسے اس کے تمام اثرات و نتائج پر غور کرلینا چاہیے تاکہ دنیا و آخرت میں کسی مرحلہ پر وہ فیصلہ اس کے لیے باعثِ حسرت و ندامت نہ ہو جائے۔

1۔ الترمذی، محمد بن عیسیٰ، ابی عیسیٰ، الامام الحافظ، 1996ء، الجامع الکبیر للترمذی، ابواب الوصایا، باب ماجاء فی الضرار فی الوصیۃ، ج3، ص619، دار الغرب الاسلامی، بیروت

2۔ سورہ النساء 4:2

## بہنوں سے ان کی جائیداد کا حصہ معاف کروانا

بہنوں سے ان کی جائیداد کا حصہ معاف کروانا درست نہیں کیونکہ یہ اللہ تعالی کی تقسیم میں ان کا حق ہے۔ یہ حق شرعاً انہیں ملنا چاہیے۔اب اگر کوئی جبراً یا مصالحتی انداز میں ان کا حصہ معاف کرواتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی خلاف ورزی ہے۔البتہ اگر بہن بخوشی اپنا حصہ معاف کردے اور نہ لے تو یہ الگ بات ہے اور بہن کا اپنا حصہ خود معاف کرنے کے بعد اس کی اولاد کو ماں کا حصہ لینے کا کوئی حق نہیں۔

## اسلام کے قانونِ وراثت کی چند اہم خصوصیات

اسلام نے ورثاء کی ایک بڑی تعداد کو ترکہ میں حصہ دار بنا کر ایک جگہ جمع ہو جانے والی دولت کو پھیلایا اور اسے گردش میں لایا ہے۔ اس سے ایک طرف تو بڑے بڑے سرمائے ایک جگہ جمع ہو رہنے کے بجائے مختلف چھوٹی چھوٹی ملکیتوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں، تو دوسری طرف خاندان کی اکائی مضبوط ہوتی ہے اور اس میں استحکام پیدا ہوتا ہے۔ ملکیت کے حوالے سے حسد و کینہ اور کدورت کے عوامل ختم ہو جانے کی وجہ سے خاندان متحد و منظم رہتا ہے۔اسلام کے نقطۂ نظر سے ترکہ کی تقسیم ناگزیر ہے۔ کوئی شخص اپنی زندگی میں اپنے ترکہ میں سے حصہ پانے والے کسی وارث کو اس سے محروم نہیں کر سکتا۔ [1]

وارث کو ہر صورت میں میت کے ترکہ میں سے حصہ مل کر رہے گا، بشر طیکہ اس میں حصہ پانے کی شرائط پائی جائیں۔البتہ وارث کسی ایک یا تمام ورثاء کے حق میں اپنی آزاد مرضی سے اپنے حصہ سے دست بردار ہو سکتا ہے۔اسلام نے حصوں کی کمی بیشی میں قرابت داری کو بنیاد بنایا ہے۔ چنانچہ جو زیادہ قریبی رشتہ دار ہے وہ نسبتاً دور والے رشتہ دار کو حصہ پانے سے محروم کردے گا یا اس کے مقابلے میں زیادہ حصہ پائے گا۔ لہٰذا باپ کو دادا پر، ماں کو دادی اور نانی پر اور بیٹے کو پوتے پر، اور بیٹے، پوتے اور باپ کو بھائی پر فوقیت دی گئی ہے۔

اسلامی قانون وراثت میں میت کے ترکہ میں سے حصہ پانے والوں کا تعین خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور ترکہ کی تقسیم کا اختیار مورّث (میت) کو نہیں دیا۔ اس لیے کہ انسان پر خواہشاتِ نفس کا غلبہ ہو سکتا ہے جن کی بنا پر وہ کسی وقتی جذبے کے تحت ترکہ کے بعض حق داروں کو یا تو بالکل محروم کر سکتا ہے یا پھر بلا جواز ان کے حصوں میں کمی کر سکتا ہے۔ اس لیے شریعت اسلامیہ نے ورثا اور ان کے حصوں کا تعین فرما کر اس بات کا سد باب کر دیا ہے۔

اسلام نے قانون میراث کے ذریعے کمزور افراد، عورتوں اور بچوں کو ان کے حقوق دیے اور ان کا خاطر خواہ تحفظ کیا، جب کہ دوسرے ادیان اور ثقافتوں میں خواتین اپنے حقِ وراثت سے محروم ہوتی رہیں۔ اسلام نے بعض صورتوں میں ضرورت واحتیاج کو حصوں میں کمی و بیشی کی بنیاد بنایا ہے۔ اسی لیے بیٹی کا حصہ اس کے بھائی کے مقابلے میں آدھا رکھا گیا ہے۔ اس لیے کہ اسے مالِ ملکیت کی زیادہ ضرورت ہے۔ اس کی مالی ذمہ داریاں بیٹی کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں۔

اس نے اپنی بیوی کو مہر دینا ہوتا ہے، اپنے بیوی بچوں، والدین، بہن بھائیوں اور دیگر رشتہ داروں کی اگر وہ تنگدست ہوں، کفالت کرنا ہوتی ہے، جب کہ عورت پر اس طرح کی کوئی ذمہ داری اسلام نے نہیں ڈالی، بلکہ ولادت سے وفات تک اس کی کفالت کی تمام تر ذمہ داری مرد پر رکھی گئی ہے۔ چنانچہ عدل و انصاف کا تقاضا یہی تھا کہ اس کا حصہ بھی اس کے بھائی کے مقابلے میں کم رکھا جائے۔ [2]

---

1۔ ضیاالدین، عورت قبل از اسلام اور بعد از اسلام، صفحہ:126، النور ہیلتھ وایجوکیشن ٹرسٹ، کراچی

2۔ احسان الحق ہاشمی، حرمت نسواں، صفحہ:76، جولائی 2023ء ناشر: مکتبہ قدوسیہ، لاہور

ضرورت واحتیاج کے اسی اصول کے پیش نظر اسلام نے فوت شدہ کے بیٹے کا حصہ اس کے باپ کے حصہ سے زیادہ رکھا ہے۔اس لیے کہ بیٹا نو عمر ہے،اسے ابھی زندگی کے مسائل ومشکلات کا سامنا کرنا ہے،جب کہ باپ بوڑھا و کمزور ہے،اسے اتنا ہی مال درکار ہے جس سے وہ اپنے بڑھاپے کی حفاظت کر سکے اور ضروریات زندگی کے لیے کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلائے۔[1]

1۔احسان الحق ہاشمی، حرمت نسواں، صفحہ:77،جولائی 2023ء ناشر :مکتبہ قدوسیہ، لاہور

## خلاصہ بحث

فصلِ ہذا میں ذکر ہوا ہے کہ اسلام میں وراثت کی تقسیم میں عدل اور انصاف کا پورا خصوصی خیال رکھا گیا ہے۔ایسا کرنے کی بنا پر وراثت کی تقسیم میں کوئی ظلم یا ناانصافی باقی نہیں رہتی۔اسلام میں وراثت کی تقسیم کی ترتیب بھی معین کی گئی ہے۔قرآن اور حدیث میں مختلف رشتہ داروں کی ترتیبات کی وضاحت دی گئی ہے۔اسلام میں وراثت کی تقسیم میں غائب وراثت کی بھی خصوصی حیثیت ہے۔اگر کوئی وارث معذور ہو یا غائب ہو تو اس کی وراثت کا تعین انصاف کے ساتھ کیا جاتا ہے۔وراثت کے بعد شرعی احکامات کے مطابق صدقات اور وصیتی وراثت کی بھی اجازت دی گئی ہے۔اسلام میں وراثت کے اصولی احکام اور تفصیلات شریعت کے مطابق ہوتے ہیں اور ان کا ادا کرنا مسلمانوں کیلئے اہم فریضہ ہوتا ہے۔ان اصولوں کو انصاف اور اخلاق کے ساتھ بروئے کار لانا اور ورثاء کے حقوق کو پوری طرح ادا کرنا وراثت کی اصولی اہمیت کو بڑھاتا ہے۔

## پاکستانی سماج میں خواتین کی میراث کی عملی صورت حال

فصلِ ہذا میں بیان کردہ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اگر ہم اپنے معاشرے کا عمومی جائزہ لیں تو ہمارے ہاں عملی صورت حال بہت مختلف اور ظالمانہ ہے۔بیٹی اور بہن کو وراثت سے محروم کرنے کے لیے نہایت افسوس ناک حیلے اور ہتھکنڈے اختیار کیے جاتے ہیں۔پنجاب اور سندھ میں عام طور پر شادی کے موقع پر بیٹی کو جہیز کے نام پر ترکہ سے محروم کر دیا جاتا ہے۔معاشرتی جبر اس حد کو پہنچا ہے کہ بے چاری اسی کو اپنا نصیب مان کر خاموش رہتی ہے اور کبھی مطالبہ کرنے کا سوچتی بھی نہیں۔اگر کہیں اس بات کا امکان ہو کہ سسرال کی طرف سے دباؤ ڈالے جانے پر بے چاری کہیں مطالبہ ہی نہ کر دے تو اس کا انتظام اس طرح کیا جاتا ہے کہ شادی سے پہلے یا بعد میں اس سے لکھوالیا جاتا ہے کہ اس نے اپنا حصہ بھائیوں یا بیٹوں کو بخش دیا ہے اور کبھی حق کا دعویٰ نہیں کرے گی۔

پاکستان کی مختلف برادریوں میں عورت کو جائیداد سے محروم رکھنے کے لیے جو ظالمانہ حیلے اختیار کیے جاتے ہیں،ان کی ایک جھلک یوں ملاحظہ کی جاسکتی ہے: جاگیر دار خاندانون میں لڑکیوں کی شادیاں چچا یا تایا زاد بھائیوں سے کی جاتی ہیں تاکہ وراثت کے ذریعے ان کی زمینیں خاندانوں سے باہر نہ جاسکیں۔کبھی لڑکی کو ایسے ہم نثراد سے بیاہ دیا جاتا ہے جو عمر میں اس سے چھوٹا ہوتا ہے یا بالکل بھی صحیح جوڑ نہیں ہوتا۔صوبہ خیبر پختونخوا میں تو لڑکوں کی موجودگی میں عورتیں زمین کی وارث نہیں بن سکتیں،اور باپ کی طرف سے بیٹیوں کے لیے غیر منقولہ جائیداد حاصل کرنے کا کوئی رواج نہیں۔اسی طرح بیواؤں کے لیے الگ سے وراثت کا کوئی تصور نہیں، عموماً انھیں جائیداد میں وارث کی حیثیت سے قبول نہیں کیا جاتا۔

خلاصہ یہ کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں قانونی طور پر (1962ء سے) اسلامی قانون کی روشنی میں عورت کا حقِ میراث تسلیم کیے جانے کے باوجود خواتین کے لیے میراث کے حوالے سے کوئی سہولیات پیدا نہیں کی گئیں۔دوسری طرف دینی اداروں کی طرف سے اس حوالے سے شعور وآگہی فراہم کرنے کی سنجیدہ اور قابل ذکر کوشش نہیں کی گئی۔اب ضرورت صرف نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی ہے اور ان کو قابل عمل بنا کر پیش کیا جائے۔من جملہ ان تعلیمات کے خواتین کا حق میراث بھی ہے، جسے عام کرنا اور عملی زندگی میں رُوبہ عمل لانا بھی حقوقِ مصطفیٰ ﷺ میں شامل ہے۔

# بابِ سوئم: سورۃ النساء میں حق وراثت اور ملکیت

## فصلِ دوئم: حق ملکیت، کفالت (حضانت) کا حق

### مبحث : تعارف

شریعتِ اسلامیہ میں یہ بات ذکر کی گئی ہے کہ جب شوہر بیوی کو طلاق دے دے یا بیوی شوہر سے خلع کے ذریعے علیحدگی اختیار کرلے تو بچوں کی پرورش کا حق کسے حاصل ہے۔ اصطلاحِ فقہاء میں بچوں کی پرورش اور اُن کے ہر طرح کی ضروریات اور تعلیم و تربیت کرنے کو کفالت یا حضانت کہتے ہیں۔ یعنی بچوں کی ملکیت کا حق شوہر کو حاصل ہوگا یا بیوی کو حاصل ہوگا۔ ذیل میں حق ملکیت و کفالت یا حضانت کے متعلق بیان کیا جارہا ہے تاکہ یہ واضح ہوسکے کہ مذکورہ بالا حق شوہر کو حاصل ہوگا یا بیوی کو۔

### کفالت کا لغوی و شرعی معنٰی

امام مرغینانی الہدایہ میں کفالت کا لغوی و شرعی معنٰی بیان کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں:

قال الكفالة هى الضم لغة قال الله تعالٰى و كفلها زكريا ثم قيل هى الذمة الى الذمه فى المطالبة وقيل فى الدين والاول اصح

ترجمہ: ''کفالت کے معنٰی لغت میں ملانے کے ہیں۔ اللہ تعالٰی نے فرمایا ہے ''اور زکریا نے مریم کو اپنے ساتھ ملالیا ہے''۔ پھر کہا گیا کہ مطالبہ میں ذمہ کو ذمہ سے ملانا ہے اور کہا گیا کہ دین میں اور قول اوّل زیادہ صحیح ہے۔[1]

### حضانت کی تعریف

حضانت کے لغوی معنی تربیت کے ہیں۔ شرعی اصطلاح میں والدہ یا کسی مستحق فرد کے بچے کی بچپن میں پرورش کو ''حضانت'' کہا جاتا ہے۔

### حضانت یعنی 'پرورش کا حق' سے کیا مراد

حضانت یعنی 'پرورش کا حق' سے مراد بچے کی پرورش کرنا، گود میں لینا، سینے سے لگانا وغیرہ ہے، جبکہ حضانت کے لغوی معنی تربیت کے ہیں۔ بچے کی تربیت اور اس کے معاملات کی دیکھ بھال کے لیے اس کی نگرانی حضانت کہلاتی ہے۔

### قبل از اسلام حق ملکیت سے محروم خواتین

اسلام سے پہلے خواتین کو کسی بھی چیز کی ملکیت سے محروم رکھا گیا تھا حتی کہ مردوں کے قبیلوں کا دفاعی نظام سنبھالنے اور جنگی اوزار کے استعمال میں یگانہ روزگار ہونے کے باعث عورتوں کو وراثت سے بھی محروم کردیا گیا۔ بلکہ خاتون خود بھی وراثت کی بھینٹ چڑھ جاتی۔

عن ابن عباس: {يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا وَّلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ}قال: كانوا اذا مات الرجل كان أولياؤه أحق بامرأته، ان شاء بعضهم تزوجها،

1۔ مرغینانی، برہان الدین ابی الحسن علی بن ابی بکر الفرغانی، اشرف الہدایہ، مئی 2006ء، ج9، ص131، مؤلف جمیل احمد سکروڈھوی، دارالاشاعت، کراچی

وان شاء وا زوجوها، وان شاء وا لم يزوجوها، فهم أحق بها من اهلها، فنزلت هذه الآية في ذلک۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب عورت کا شوہر مر جاتا تو شوہر کے ورثاء اس عورت کے حقدار ہوتے، اگر وہ چاہتے توان میں سے کوئی اس سے شادی کرلیتا تھا یا جس سے چاہتے اُسی سے اس کی شادی کرادیتے اور چاہتے تو نہ کراتے۔ اس طرح عورت کے سسرالی اُس کے میکے والوں سے زیادہ اس پر حق رکھتے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ[1]

ترجمہ: ''اے ایمان والو! تم کو یہ بات حلال نہیں کہ عورتوں کے (مال یا جان کے) جبراً مالک ہو جاؤ اور اس نیت سے کہ جو کچھ تم نے ان کو دیا ہے اس میں سے کچھ لے لو، اُنہیں مت روک رکھنا۔''[2]

## زمانۂ جاہلیت میں شوہر کی وفات کے بعد عورت کے حالات

زمانہ جاہلیت میں عورتوں کے لیے بہت مشکل حالات ہوتے تھے، درج ذیل حدیثِ مبارکہ اس کی شاہد ہے:

عن ابن عباس وكان الرجل اذا مات وترک امرأة أاقى عليها حميمة ثوبا فمنعها من الناس، فان كانت جميلة تزوجها وان كانت دميمة جنسها حتى تموت ويرثها[3]

ترجمہ: حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں کسی شخص کی باندی ہوتی تو اسکی مرنے پر اسکا دوست کپڑا ڈال کر اپنی ملکیت بنالیتا، اگر وہ خوبصورت ہوتی تو شادی کرتا ورنہ تاحیات اس سے کام لیتا۔

یہ اسلام سے پہلے کے حقوق نسواں تھے، سوائے چند عورتیں ہی ایسی تھیں جنھیں جائیداد میں حق ملتا تھا۔ جیسے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا۔ چاہے یہ اپنی تجارت کی مالک تھیں اس طرح کے چیدہ چیدہ واقعات ملتے ہیں۔ مگر جو حقوق اور صلاحیتیں عورتوں کو حاصل تھیں اُن کے متعلق بیان کرتے ہوئے خواجہ شمس الدین عظیمی اپنی کتاب ''ایک سو ایک اولیاءاللہ خواتین'' میں یوں لکھتے ہیں:

### مرد اور عورت

عورت اور مرد دونوں اللہ کی تخلیق ہیں مگر ہزاروں سال سے زمین پر عورت کے بجائے مردوں کی حاکمیت ہے۔ عورت کو صنفِ نازک کہا جاتا ہے۔ صنفِ نازک کا یہ مطلب سمجھا جاتا ہے کہ عورت وہ کام نہیں کرسکتی جو کام مرد کرلیتا ہے۔ عورت کو ناقص العقل بھی کہا گیا ہے۔ سو سال پہلے علم و فن میں بھی عورت کا شمار کم تھا۔ روحانیت میں بھی عورت کو وہ درجہ نہیں دیا گیا جس کی وہ مستحق ہے۔ غیر جانبدار زاویے سے مرد اور عورت کا فرق ایک معمہ بنا ہوا ہے۔ قرآن پاک میں تفکر ہمارے اوپر یہ حقائق منکشف کرتا ہے کہ مرد اور عورتیں دونوں تخلیقی راز و نیاز ہیں۔ دونوں میں صلاحیتیں موجود ہیں اگر مرد کسی صلاحیت میں عورت سے قدرے زیادہ ہے تو بالمقابل مرد بھی کئی صلاحیتوں میں عورتوں

---

1۔ سورہ النساء 4:19

2۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 1433ھ، صحیح البخاری، کتاب تفسیر القرآن، باب لایحل لکم، ج6، ص87، دار التاصیل، بیروت

3۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، ابو عبداللہ، امام، 2001ء، فتح الباری فی شرح صحیح البخاری، ، العسقلانی، احمد بن علی بن حجر، ج8، ص247، مکتبۃ الملک فھد الوطنیۃ أثناء النشر، الریاض

سے کم ہے۔ علم سے آراستہ ہر فرد جانتا ہے کہ زمانہ کبھی ایک رُخ پر قائم نہیں رہتا۔اس میں تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے۔تاریخ ہر دس ہزار سال بعد خود کو دہراتی ہے۔ جہاں پانی ہے وہاں زمین ظاہر ہو جاتی ہے، جہاں زمین ہے وہاں پانی مظہر بن جاتا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ سمندر خشک زمین میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور خشک زمین سمندر میں تبدیل ہو جاتی ہے۔اس طرح پرانا سسٹم ختم ہو جاتا ہے اور نیا معاشرہ وجود میں آتا رہتا ہے۔اکیسویں صدی میں جس طرح تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اس کے مطابق اب معاشرے پر عورت کی حکمرانی قائم ہو جائے گی۔ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ عورت کو اس کے اصل مقام سے باخبر کر دیں تا کہ عورت جب معاشرے پر حکمران بن جائے تو زمین فساد اور دریائے خون و ہلاکت سے محفوظ و مامون رہے۔[1]

1۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، 2003ء، ایک سو ایک اولیاءاللہ خواتین، ص17,18، الکتاب پبلشر، کراچی

## مبحث دوم: حق حضانت

### بچے کی حضانت کا حق

تمام رشتوں میں سب سے زیادہ حقِ حضانت ماں کو حاصل ہے خواہ وہ عورت زوجیت میں ہو یا طلاق یافتہ ہو کیونکہ زوجین میں علیحدگی ہو جانے کی صورت میں بھی بچے کی پرورش کا حق ماں ہی کو ہے۔ماں کو بچہ کی پرورش کا حق حاصل ہونے کے بارے میں قرآن حکیم میں کوئی آیت ظاہر نص کے طور پر تو موجود نہیں مگر اقتضاء النص کے طور پر فقہاء کرام کے نزدیک یہ آیتِ رضاعت ہے:

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَہُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَۃَ[1]

ترجمہ: اور وہ مائیں جو اپنے بچوں کو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہتی ہیں ان کے لیے مدت دو برس ہے۔

اس سے ثابت کیا ہے کہ صغر سنی میں بچہ کی پرورش کا حق ماں کو حاصل ہے۔فقہاء کرام نے مذکورہ آیت مبارکہ کی روشنی میں اپنے اقوال ذکر کئے ہیں۔

**امام شافعی فرماتے ہیں:**

فَلَمَّا كَانَ لَا يَعْقِلُ كَانَتِ الْأُمُّ أَوْلٰى بِهٖ عَلٰى أَنَّ ذٰلِكَ حَقٌّ لِلْوَلَدِ لَا لِأَبَوَيْنِ، لِأَنَّ الْأُمَّ أَحْنٰى عَلَيْهِ وَأَرَقُّ مِنَ الْأَبِ[2]

پس جب بچہ ناسمجھ ہو تو ماں اس کی پرورش کی زیادہ حق دار ہے اس لیے کہ یہ بچے کا حق ہے، والدین کا نہیں۔کیونکہ والدہ بچے کے حق میں باپ کی نسبت زیادہ نرم دل اور رقیق ہوتی ہے (لہٰذا ماں بچے کی پرورش کی زیادہ حق دار ہے)۔

**امام ابن قدامہ فرماتے ہیں:**

الْأُمُّ أَحَقُّ بِكَفَالَةِ الطِّفْلِ وَالْمَعْتُوهِ إِذَا طَلُقَتْ ... وَلِأَنَّهَا أَقْرَبُ إِلَيْهِ وَأَشْفَقُ عَلَيْهِ وَلَا يُشَارِكُهَا فِي الْقُرْبِ إِلَّا أَبُوْهُ، وَلَيْسَ لَهٗ مِثْلُ شَفَقَتِهَا، وَلَا يَتَوَلَّى الْحَضَانَةَ بِنَفْسِهٖ، وَإِنَّمَا يَدْفَعُهٗ إِلَى امْرَأَتِهٖ وَأُمُّهٗ أَوْلٰى بِهٖ مِنِ امْرَأَةِ أَبِيْهِ[3]

ترجمہ: بچے اور عدیم العقل کی پرورش کی ماں زیادہ حق دار ہوتی ہے جبکہ اُسے طلاق دے دی گئی ہو... کیونکہ بچے سے زیادہ قریب اور زیادہ شفقت رکھنے والی ماں ہوا کرتی ہے۔اگرچہ اس قرب و شفقت میں باپ کے علاوہ اس کے ساتھ کوئی اور شریک نہیں ہو سکتا مگر اس کے باوجود حقیقت یہ ہے کہ باپ بھی ماں جیسی شفقت نہیں دے سکتا کیونکہ بذاتِ خود بچے کی حضانت (یعنی حفاظت و نگہداشت) نہیں کیا کرتا، وہ یہ کام اپنی بیوی کے سپرد کر دیتا ہے۔اسی طرح نانی، دادی کی نسبت شفقت دینے میں بہتر ثابت ہوتی ہے۔امام ابن قدامہ مزید لکھتے ہیں:

وَالْحَضَانَةُ إِنَّمَا تَثْبُتُ لِحَظِّ الْوَلَدِ، فَلَا تُشْرَعُ عَلٰى وَجْهٍ يَكُوْنُ فِيْهِ هَلَاكُهٗ وَهَلَاكُ دِيْنِهٖ.[4]

1۔البقرۃ 2:232

2۔(شافعی، الأم، 8: 235)

3۔(ابن قدامۃ، المغنی، 7: 613-614)

4۔(ابن قدامۃ، المغنی، 8: 190)

ترجمہ: اور حضانت بچے کی فلاح و بہبود کے پیش نظر مقرر کی گئی ہے۔ لہٰذا یہ کسی ایسے طریقے پر درست نہ ہوگی جس سے بچے کی ذات اور دین کے ضائع ہونے (یا اُنہیں نقصان پہنچنے) کا اندیشہ ہو۔

**ابن ہمام بیان کرتے ہیں:**

وَلَا تُجبَر عَلَيهِ أَيّ عَلَىَ أَخذِ الوَلَدِ اِذَا أَبَت أَو لَم تُطلَب اِلاَّ أَن لاَ يَكُونَ لَه وَلَد ذُو رَحم مُحرَم سِوى الاُمّ عَلَى خِضَانَتِه كَيلَا يَغُوثَ حَقّ الوَلَد أَصلاً۔[1]

ترجمہ: اگر ماں بچہ لینے سے انکار کردے یا مطالبہ نہ کرے تو اس پر جبر نہیں ہوگا۔ ہاں اگر بچے کا ماں کے سوا کوئی ذی رحم محرم نہیں، تو اس وقت ماں کو بچے کی پرورش پر مجبور کیا جائے گا تاکہ بچے کا حق بالکل ختم نہ ہو جائے۔[2]

## والدہ کے حقِ پرورش کا باطل ہونا

بچوں کی پرورش کا حق ماں کے لیے ہے اور وہ اس وقت تک اسے اپنے پاس رکھ سکتی ہے جب تک کہ بچے کو کھانے، پینے اور رفع حاجت کے لیے ماں کی ضرورت پڑے اور اس کی مدت لڑکے کے لیے سات برس اور بچی کے لیے نو برس ہے یا حیض آنے تک۔ اگر خدانخواستہ ماں مرتد ہو جائے یا بدکردار ہو، جس سے بچہ کی حفاظت ممکن نہ رہے تو اس صورت میں والدہ کا حقِ پرورش باطل ہو جاتا ہے۔

## بچوں کی پرورش کا خرچ

بچوں کی پرورش کا خرچ باپ کے ذمہ ہے۔ باپ کی وفات کی حالت میں اگر بچوں کا مال موجود ہے تو اس میں سے خرچ کرنا ہوگا اور اگر مال موجود نہیں یعنی باپ نے وراثت میں کچھ نہیں چھوڑا تو ذمہ داری ماں پر ہوگی۔ قاعدہ یہ ہے کہ جس کے ذمہ نفقہ ہے اس کے ذمہ پرورش کا خرچ بھی ہے اور لڑکے کے لیے سات سال اور لڑکی کے لیے بلوغت تک خرچ دیا جائے گا۔

## باپ پر اولاد کے نفقہ کی ذمہ داری

اولاد میں خواہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں باپ پر ان کے نفقہ کی ذمہ داری درج ذیل صورتوں میں عائد ہوتی ہے:

1۔ بیٹا محتاج ہو جس کا کوئی مال نہ ہو۔

2۔ عمرِ بلوغ کو نہ پہنچا ہو۔

3۔ اگر بالغ ہے مگر بے روزگار ہے تو اس کا نفقہ والد پر ہے۔

4۔ علاوہ ازیں اگر بیٹا تعلیم حاصل کر رہا ہے تو اس کا خرچ باپ کے ذمہ اگرچہ لڑکا بالغ ہو گیا ہو۔

5۔ بیٹی خواہ نابالغ ہے یا بالغ اس کا نفقہ باپ پر واجب ہے۔

6۔ بیٹی اگر محتاج ہے تو نفقہ باپ پر واجب ہوگا، لیکن اگر مال کی مالک ہے تو اس کے مال سے اس پر خرچ کرنا واجب ہے۔[3]

---

1۔ (ابن ہمام، فتح القدیر، 4: 184)

2۔ القادری، طاہر، محمد، ڈاکٹر، ستمبر 2020، نکاح اور طلاق (احکام و مسائل)، ص 463تا465) مرتبہ مسز فریدہ سجاد، مسز مصباح عثمان، منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور

3۔ عبدالحیی، امت کی بیٹیاں اور فتنہ ارتداد، ص: 96، حیدر آباد، عروۃ الوثقی فاونڈیشن، ۲۰۲۱

### باپ فوت ہو جانے کی صورت میں نابالغ اولاد کا نفقہ

باپ فوت ہو جانے کی صورت میں نابالغ اولاد کا نفقہ ماں کے ذمہ ہے۔ماں کو دوسرے اقرباء سے زیادہ حق دار قرار دیا گیا ہے۔ نیز اولاد کی کفالت اس وقت تک ہے جب تک وہ خود محنت کر کے کمانہ سکیں۔طلاق کے بعد بچہ یا بچی ماں کے پاس اُس وقت تک رہ سکتے ہیں جب تک وہ بچوں کے کسی نامحرم سے نکاح نہ کرے۔پرورش کا حق بچوں کی ماں کو ہے لیکن اگر باپ یہ سمجھے کہ ماں بچوں کی پرورش ٹھیک طریقے سے نہیں کر رہی اور بچے اخلاقی لحاظ سے بگاڑ کا شکار ہو رہے ہیں تو اس صورت میں باپ بچوں کو اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔اگر بچوں کی ماں ان کے باپ کی بیوی ہے یا طلاق کی وجہ سے عدت میں ہے تو اس صورت میں اولاد کی پرورش کا معاوضہ نہیں لے گی کیونکہ پرورش کا خرچ شوہر کے ذمہ ہے۔ لیکن اگر طلاق یافتہ ہے اور عدت گزار چکی ہے تو اس صورت میں پرورشِ اولاد کا معاوضہ وہ بچوں کے باپ سے لے گی اور یہ معاوضہ لینا جائز ہے۔بیوہ اپنا مکان فروخت کر کے یا کرایہ پر دے کر اپنا گزر اوقات کر سکتی ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ اگر مکان ایک ہی ہے تو پھر فروخت کرے نہ کرایہ پر دے۔

### ماں کے بعد بچوں کی پرورش کا حق

ماں کے بعد بچوں کی پرورش کا حق نانی کو ہے۔حضرت مسروق سے مروی ہے:

إِنَّ عُمَرَ رضی الله عنه طَلَّقَ أُمَّ عَاصِمٍ فَكَانَ فِي حِجْرِ جَدَّتِهِ، فَخَاصَمَتْهُ إِلٰى اَبِي بَكْرٍ رضی الله عنه فَقَضٰى أَنْ يَكُوْنَ الْوَلَدُ مَعَ جَدَّتِهِ، وَالنَّفَقَةُ عَلٰى عُمَرَ رضی الله عنه، وَقَالَ: هِيَ أَحَقُّ بِهِ[1]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک انصاری عورت اُم عاصم کو طلاق دی جبکہ عاصم اپنی نانی کے زیرِ پرورش تھا۔اُس کی نانی نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں مقدمہ پیش کیا تو انہوں نے فیصلہ دیا کہ لڑکا اپنی نانی کے پاس رہے گا اور عمر کو اس کے لیے نفقہ دینا ہو گا۔اور کہا: یہ نانی اس بچہ کی (پرورش کرنے کی) زیادہ حق دار ہے۔

اگر نانی نہیں ہے تو نانی کی ماں کو اور اگر نانی کی ماں بھی نہیں تو پھر دادی کو بچوں کی پرورش کا حق حاصل ہے۔

### خالہ اور چچا میں پرورش کا حق؟

خالہ کو پرورش کا حق حاصل ہے جبکہ نکاح کے لیے بطور ولی اس کا چچا ہو گا۔ باپ اپنی اولاد سے جب چاہے مل سکتا ہے،اسے نہ ملنے دینا ظلم ہے۔اگر یہ خدشہ لاحق ہو کہ باپ اولاد کو چھین لے گا یا لے جائے گا تو اس کا قانونی حل تلاش کیا جائے۔ لیکن جہاں تک ملنے کا تعلق ہے تو اسے ملنے کا حق حاصل ہے۔[2]

---

1۔البیہقی،ابی بکر احمد بن الحسین،امام،2003ء،،السنن الکبریٰ،کتاب النفقات، باب الأم تتزوج فیسقط حقھا من حضانۃ الولد وینتقل الی جدتہ،ج8،ص8،دار الکتب العلمیۃ،بیروت

2۔ ناہید شاہ نقوی،استحکام خاندان میں عورت کا کردار شریعت اسلامیہ کی روشنی میں،الباحث ۲۰۲۰،جلد ۱،شمارہ ۱

## ائمہ ثلاثہ کا نقطۂ نظر

امام مالک کے نزدیک ماں کو لڑکے کی پرورش کا حق اس وقت تک ہے جب تک وہ لڑکا واضح طور پر بات چیت کر سکے اور لڑکی کا شادی ہونے تک۔ امام شافعی و امام احمد بن حنبل کے نزدیک لڑکے اور لڑکی کا پرورش کا حق دونوں کی سات سال عمر ہونے تک ماں کو حاصل ہے۔ اس کے بعد بچے کو اختیار دیا جائے گا کہ وہ ماں اور باپ میں جس کو پسند کرے اس کے سپرد کر دیا جائے۔ [1]

## شیعہ فقہاء کی رائے

شیعی فقہ میں دو سال والدہ کو لڑکے اور سات سال تک لڑکیوں کی صورت میں، حق حضانت حاصل رہے گا۔ جب بچے مذکورہ بالا عمر کی حد کو پہنچ جائیں تو باپ کو حق حضانت حاصل ہو جاتا ہے۔ [2]

## قرآن میں ظاہر نص نہیں

ماں کے حق حضانت کے بارے میں قرآن کریم میں کوئی آیت ظاہر نص کے طور پر اس مسئلہ میں موجود نہیں البتہ اقتضاء نص کے طور پر فقہاء نے آیت رضاعت "وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ" سے ثابت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ "مائیں اپنی اولاد کو مکمل دو سال تک دودھ پلائیں جو رضاعت مکمل کرنا چاہتے ہیں" چنانچہ اس آیت سے اقتضاء نص کے طور پر یہ ثابت ہوتا ہے کہ صغر سنی میں بچے کی پرورش کا حق اوّلاً ماں کو حاصل ہے۔

فقہاء نے ماں کے حق حضانت میں مذکورہ آیتِ قرآنی کے ساتھ متعدد احادیث سے بھی استدلال کیا ہے چنانچہ جن احادیث سے اس مسئلہ میں استنباط کیا گیا ہے وہ حسب ذیل ہیں۔

## نانی اور دادی کے بعد پرورش کا حق

نانی اور دادی کے بعد پرورش کا حق ماں کی سگی بہن، پھر اخیافی (ماں شریکی) بہن، پھر سوتیلی بہن اور پھر حقیقی بہن کی بیٹی کو ہے۔ جس وقت نبی ﷺ مکہ کے فتح کے بعد نکلے تو حضرت حمزہ کی بیٹی نے آپ ﷺ کا تعاقب کیا اور آواز دی: اے چچا! اے چچا! پس حضرت علی نے اس بچی کو پکڑا اور حضرت فاطمہ کو کہا: اپنے چچا کی بیٹی کو لو۔ چنانچہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اُسے اُٹھالیا۔ اس بارے میں حضرت زید، علی اور جعفر رضی اللہ عنہم کے مابین تنازعہ ہو گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اسے لے لیا ہے کیونکہ وہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ میرے چچا کی لڑکی ہے اور خالہ اس کی میرے نکاح میں ہے جبکہ حضرت زید کہنے لگے کہ وہ میرے بھائی کی بیٹی ہے۔ پس رسول ﷺ نے اس کی خالہ کے حق میں فیصلہ دیا اور فرمایا:

اَلْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ[3]

ترجمہ: خالہ ماں کے درجہ میں ہے۔

---

1۔ ابن قدامہ، عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامۃ الحنبلی، 1367ھ، المغنی، ج7، ص614تا616، مطبوعہ مصر

2۔ جعفر، نجم الدین، س ن، شرائع الاسلام، القسم الثانی، ص1,2، مطبوعہ تہران

3۔ ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الطلاق، باب من احق بالولد، 239، دارالتاصیل، بیروت

## مسلمان ہونے کی وجہ سے حضانت کا حق حاصل ہونا

اگر بچوں کی ماں مسلمان نہیں ہے تب اسلام میں حضانت کا حق والد کو حاصل ہوگا، ذیل میں فرمانِ نبوی ﷺ یوں ذکر کیا گیا:

عَن رَافِعِ بنِ سِنَان، أَنَّه أَسلَمَ وَأَبَت اِمرَأَتَه أَن تسلم، فَأَتَت النَّبِی ﷺ، فَقَالَت اِبنَتِی وَهِیَ فَطِیم أَو شِبهه، وَقَالَ رَفَع ابنَتِی، فَقَال لَه النَّبِیُّ ﷺ اِقعَد نَاحِیةَ، وَقَالَ لَهَا اِقعَدِی نَاحِیةَ، قَال وَأَقعد الصَبِیةَ بَینَهُما، ثُم قَالَ: اِدعُواها، فَمَالَت الصَبِیَّةُ اِلی اُمِّهَا، فَقَال النَّبِیُّ ﷺ اَللّٰهُمَّ اهدِهَا، فَمَالَت اِلی أَبِیهَا، فَأَخَذَهَا.[1]

ترجمہ: رافع بن سنان سے مروی ہے کہ تحقیق انہوں نے اسلام قبول کیا اور ان کی گھر والی نے اسلام قبول نہ کیا، پس وہ نبی ﷺ سے کہنے لگی میری لڑکی کا دودھ چھوٹ گیا اور میرا خاوند کہتا ہے کہ وہ میری لڑکی ہے نبی ﷺ نے رافع سے کہا کہ ایک طرف بیٹھ جاؤ اور اس کی بیوی سے کہا کہ آپ بھی ایک طرف بیٹھ جاؤ اور کہا کہ بچی کو درمیان میں بٹھاو، پھر کہا کہ تم دونوں بلاو، پس وہ بچی اپنی ماں کی طرف مائل ہوئی۔ پس نبی ﷺ نے دُعا کی، کہ اے رب! اس لڑکی کو ہدایت دے، تو وہ اپنے باپ کی طرف مائل ہو گئی۔ چنانچہ رافع نے اس سے بچی کو لے لیا۔

## والدہ کے لیے بیٹے کا نان و نفقہ کی ذمہ داری اُٹھانا

اگر والدہ کے لیے بیٹا نان و نفقہ کی ذمہ داری اُٹھانا چاہے تو حق حضانت والدہ کو حاصل ہوگا، ارشادِ نبوی ﷺ یوں ہے:

عَن اَبِی مَیمُونَةَ قَالَ بَینَا اَنَا عِندَ اَبِی هُرَیرَةَ فَقَالَ اِنَّ اِمرَأَةً جَاءَت اِلی رَسولِ اللهِ ﷺ فَقَالَت فِداکَ اَبِی وَاُمِّی اِنَّ زَوجِی یُرِیدُ اَن یَّذهَبَ بِابنِی فَقَد نَفَعنِی وَسَقَانِی مِن بِئرِ اَبِی عُیَینَة فَجَاء زَوجُها وَقَالَ مَن یُخَاصِمُنِی فِی ابنِی فَقَال یَا غُلام هَذَا اَبُوکَ وَهذه اُمُّک فَخُذ بِیَد اَیِّهِمَا شِئتَ فَاَخَذَ بِیَدِ اُمِّه فَانطَلَقَت بِه.[2]

ترجمہ: ابی میمونہ سے مروی ہے، انہوں نے کہا کہ ہم ابوہریرہ کے پاس تھے پس ابوہریرہ نے کہا کہ ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی اور کہنے لگی کہ میرا باپ اور ماں آپ پر قربان ہوں میرا خاوند میرے لڑکے کو لینا چاہتا ہے اور وہ مجھے نفع دیتا ہے اور ابی عیینہ کے کنویں سے پانی پلاتا ہے پس اس کا شوہر آیا اور کہا کون جھگڑا کرتا ہے مجھ سے میرے بیٹے کے بارے میں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے لڑکے! یہ تیرا والد جبکہ وہ آپکی والدہ ہے پس جسے کے ساتھ چاہو چلے جاؤ۔ لڑکے نے ماں کا ہاتھ تھام لیا اور وہ عورت اس لڑکے کو لے کر چلی گئی۔

## نانی کو حق حضانت کا حاصل ہونا

اگر والدہ موجود نہ ہو تو حق حضانت نانی کو منتقل ہو جاتا ہے، ذیل میں یوں ذکر کیا گیا ہے:

---

1۔ابوداؤد، سلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی، 2015ء، سنن ابوداؤد، کتاب الطلاق، باب اذا اسلم احد الابوین مع من یکون الولد؟ ج4، ص217,218، دار التاصیل، بیروت

2۔البیہقی، ابی بکر احمد بن الحسین، امام، 2015ء، السنن الکبریٰ للنسائی، کتاب الطلاق، باب اسلام أحد الزوجین وتخییر الولد، ج7، ص614، دار التاصیل، بیروت

عَن القَاسِمِ بنِ مُحمَدٍ يَقُولُ كَانَت عِندَ عُمَر بنُ الخَطاب اِمرأَة مِن الأنصَارِ فَوَلَدَت لَه عَاصِم بنُ عُمرَ ثُمَّ اِنَّه فَارَقَهَا فَجَاءَ عُمَرُ قُبَاءَ فَوَجدَ اِبنَه عَاصِماً يَلعَبُ بِفَنَاءِ المَسجِدِ فَأَخَذَ بِعَضُدِهِ فَوَضَعَه بَينَ يَدَيهِ عَلَى الدَّابَةِ فَأَدرَكَته جَدَّةُ الغُلاَمِ فَنَازَعَته اِيَّاه حَتَّى أَتَيَا أَبَابَكر الصِّدِيق فَقَالَ عُمَر: اِبنِي وَقَالَت المَرأَةُ اِبنِي فَقَال أَبُوبَكر: خَل بَينَها وَبَينَه، قَالَ: فَمَا رَاجَعَه عُمَرُ الكَلاَمَ.[1]

ترجمہ: قاسم بن محمد سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ عمر بن الخطاب کے پاس انصار میں سے ایک عورت تھی جس نے ایک لڑکا عاصم بن عمر جنا۔ پس حضرت عمر نے اس کو طلاق دے دی۔ پس ایک دن حضرت عمر گھوڑے پر سوار قبا کی طرف جارہے تھے کہ اپنے بیٹے کو مسجد کے سامنے کھیلتا ہوا پایا۔ اس کے بازو کو پکڑ لیا اور اپنے دونوں ہاتھوں کے درمیان سواری پر بٹھالیا، لڑکے کی نانی نے اس کو پالیا۔ پھر نانی اور حضرت عمر کا اس لڑکے میں جھگڑا ہوا۔ دونوں ابو بکر صدیق کی خدمت میں آئے۔ حضرت عمر نے کہا یہ میرا بیٹا ہے۔ حضرت ابو بکر نے فرمایا اے عمر! لڑکے اور اسکی نانی کے پاس رہنے دو۔ پس حضرت عمر نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔

## علامہ ابن قدامہ مقدسی کی رائے

کتاب المغنی کے مصنف علامہ ابن قدامہ مقدسی حنبلی نے لکھا ہے کہ:

"اَلأُمُّ أَحَقُّ بِكَفَالَة الطِّفلِ وَالمَعتوه اِذَا طَلَقَت."

ترجمہ: بچے اور عدیم العقل کی پرورش کی ماں زیادہ حق دار ہے، جبکہ اسے طلاق دے دی گئی ہو

اور اس کی دلیل میں مذکورہ بالا چند احادیث کو پیش کیا گیا۔ پھر فرمایا ہے:

"وَلِأَنَّها اَقرَبُ اِليه وَاشفَقَ عَلَيه وَلا يُشارِكُها فِي القُربِ اِلا اَبُوه وَلَيسَ لَه مِثلُ شَفَقَتها وَلا يَتَوَلى الحِضَانَةَ بِنفسِه وَاِنَّمَا يَدفَعُه اِلى اِمرَأته وَأُمّه اَولَى بِه مِن أُمّ اَبِيه"

ترجمہ: یعنی بچے سے زیادہ قریب اور زیادہ شفقت رکھنے والی ماں ہوا کرتی ہے۔ اس قرب وشفقت میں باپ کے علاوہ اس کے ساتھ کوئی دوسرا شریک نہیں ہو سکتا اور حقیقت تو یہ ہے کہ باپ بھی ماں جیسی شفقت نہیں رکھتا اور نانی دادی کی نسبت سے اولیٰ ہو گی۔ نیز والدہ کی حضانت کے تقدم میں ایک اور مقام پر اسی کتاب میں ابن مقدسی نے لکھا ہے کہ:

"وَالحِضَانَةُ اِنمَا تُثبِتُ لِحظِّ الوَلَدِ فَلا تُشرِعُ عَلى وَجهِ يَكُون فِيه هَلاكِه وَهَلاك (دينه)"[2]

ترجمہ: اور حضانت بچے کی بہبودی وفلاح کے پیش نظر مقرر کی گئی ہے۔ لہٰذا کسی ایسے طریقے پر درست نہ ہو گی جس سے بچے کی ذات اور دین کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو۔

---

1۔ المؤطا، للأمام مالک، س ن، الامام مالک بن انس، کتاب الوصیۃ، باب ماجاء فی المؤنث من الرجال ومن أحق بالولد، ص515، مکتبہ رحمانیہ، لاہور

2۔ ابن قدامہ، عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامۃ الحنبلی، 1367ھ، المغنی، ص613,14، مطبوعہ مصر

## ابن ہمام کی تصریح

اسی طرح برھان الدین مرغینانی صاحب ہدایہ اور کمال الدین ابن ہمام صاحب فتح القدیر نے دونوں روایات کا حوالہ دیا ہے اور اس کی علت بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:

"وَلأَنَّ الأُمّ أَشفَقَ وَأَقدَر عَلی الحِضَانَة فَکانَ الدَّفعُ اِلیهَا اَنظَرُ وَاِلیه اَشَارَ الصِّدیقُ رضی اللّٰه عنه بِقَولِه، رِیقهَا خَیرٌ مِن شَهدٍ وَعَسلٍ عِندَک یَا عُمَرُ رَضی اللّٰهُ عَنه"

ترجمہ: یعنی اس لیے کہ ماں بچے کے حق میں انتہا سے زیادہ شفیق ہوتی ہے اور نگرانی و حفاظت پر مرد کی نسبت سے زیادہ قدرت رکھتی ہے۔ اسی شفقت کی طرف حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے اس قول میں اشارہ فرمایا ہے کہ:-

"اے عمر! بچے کی ماں کا لعاب دھن بچے کے حق میں تمہارے شہد سے بھی زیادہ شیریں ہو گا"

### صاحب فتح القدیر اس کی شرح میں فرماتے ہیں:

"وَاِنّمَا کَانَت أَشفَقُ عَلَیه لِاَنّه کَانَ جَزا لَهَا حَقِیقَة، حَتی قَد یقرُض بِالمِقرَاضِ وَاَقدَر عَلی الحِضَانَة لِتَبتلهَا بِمَصَالِحًا وَالرَّجُلُ اَقدَرُ عَلی الاِکتِسَابِ وَلِذَا جَعَلتُ نَفَقتَه عَلَیه."[1]

ترجمہ: یعنی ماں باپ کی نسبت سے اس لیے زیادہ شفیق ہوتی ہے کہ حقیقت میں بچہ ماں کے جسم کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ بعض اوقات بچے کو قینچی کے ذریعہ کاٹ کر ماں سے جدا کیا جاتا ہے اور عورت اسی پرورش میں مشغول ہونے کی وجہ سے حضانت پر زیادہ قدرت رکھتی ہے، بخلاف مرد کے کہ وہ مال حاصل کرنے پر زیادہ قدرت رکھتا ہے، چنانچہ بیہقی کی منقولہ روایات اس کی دلیل میں پیش کی ہیں۔

**عورتوں کے حقوق کو تاریخی حوالے سے بیان کرتے ہوئے خواجہ شمس الدین عظیمی اپنی کتاب ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین میں یوں لکھتے ہیں:**

## عورت کا کردار

تاریخ بتاتی ہے کہ ماضی میں زمین پر مادری نظام قائم تھا۔ اس عمل کو اکیسویں صدی دہرائے گی اور معاشرے پر مادری نظام پھر غالب آجائے گا اور یہ زمانہ عورتوں کا زمانہ ہو گا[2]۔ اس کی ابتداء اس وقت سے شروع ہو گئی ہے جب سے اسلام نے عورتوں کے حقوق کا تعین کر دیا ہے اور آخری نبی ﷺ نے آخری کتاب قرآن کریم اور احادیث میں عورتوں کے حقوق کو تفصیلاً بیان فرما دیا ہے۔ رسول ﷺ نے معاشرے میں بیوہ عورتوں کے حقوق کی نگہداشت اور بحالی کا حکم دیا ہے۔ ایک روز عورتوں نے نبی ﷺ سے کہا:

"یا نبی اللہ ﷺ! آپ کے پاس مردوں کا ہجوم رہتا ہے آپ ہمارے لئے وقت مقرر فرما دیجئے۔" رسول اللہ ﷺ نے اس درخواست کو شرف قبولیت بخشا اور خواتین کے لئے ایک دن مقرر کر دیا۔ ایک سفر میں آپ ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت صفیہؓ آپ ﷺ کے ساتھ تھیں۔ جب وہ سوار ہونے لگتیں تو آپ ﷺ اپنا گھٹنا آگے بڑھا دیتے اور زوجہ محترمہ گھٹنے پر پیر رکھ کر سوار ہو جاتیں۔ حضرت

1۔ ابن ہمام، امام کمال الدین محمد بن عبدالواحد الحنفی، 1356ھ، فتح القدیر، ص 314، مطبوعہ مصر

2۔ عبدالحیی، امت کی بیٹیاں اور فتنی ارتداد، حیدر آباد، عروۃ الوثقی فاونڈیشن، ۲۰۲۱

عائشہؓ کی بڑی بہن حضرت اسماءؓ ایک روز کھجور کی گٹھلیوں کی پوٹلی سر پر رکھے ہوئے آرہی تھیں۔ رسول اللہ ﷺ اونٹ پر سوار ادھر سے گزرے تو آپ ﷺ اونٹ سے اتر آئے۔ حضرت اسماءؓ کو اونٹ پر سوار کر دیا اور خود پیدل گھر تشریف لے گئے۔ [1]

1۔ عظیمی، شمس الدین، خواجہ، 2003ء، ایک سو ایک اولیاء اللہ خواتین، ص67,68 الکتاب پبلشر، کراچی

## فصل ہذا کا مختصر خلاصہ

1۔پرورش کرنے والی خاتون، والدہ ہو یا والدہ کے علاوہ نانی، دادی، خالہ وغیرہ، کے لیے درج ذیل آٹھ شرائط ہیں:

ا۔ آزاد ہو، لہذا باندی کو پرورش کا حق حاصل نہیں۔

ب۔ بالغہ ہو، لہذا نابالغ بچی کو پرورش کا حق حاصل نہ ہو گا۔

ج۔ عقل وشعور رکھتی ہو، لہذا مجنونہ اور پاگل عورت کو پرورش کا حق حاصل نہیں ہو گا۔

ت۔ زیرِ پرورش بچہ/بچی کی تربیت کے سلسلے میں اس پر اطمینان کیا جاسکتا ہو بتا کہ وہ اس کے پاس ہلاک نہ ہو جائے، مثلاً وہ گانے یا نوحے کو بطورِ پیشہ اختیار کرتی ہو اور گھر سے باہر نکل جاتی ہو، جس سے بچے/بچی کی ہلاکت کا خوف ہو۔

ث۔ زیرِ پرورش بچے کی پرورش کرنے پر اسے قدرت واختیار حاصل ہو، لہذا اگر وہ ایسی بیماری کا شکار ہے جس سے بچے کی ضروریات کو پورا کرنا ممکن نہ ہو تو وہ پرورش کی اہل نہ ہو گی۔

ج۔ وہ مرتدہ نہ ہو، یعنی دینِ اسلام قبول کرنے کے بعد اسے چھوڑنے والی نہ ہو، کیوں کہ مرتدہ کی سزا یہ ہے کہ اسے قید کیا جائےاور قید میں پڑی خاتون بچے کی پرورش نہیں کر سکتی۔

ح۔ اس عورت نے زیرِ پرورش بچوں کے غیر محرم سے شادی نہ کی ہو، اگر عورت نے بچے کے غیر محرم سے شادی پر یہ حق ختم ہو جائے گا۔

خ۔ پرورش کرنے والی خاتون بچے کو اس شخص کے گھر میں نہ رکھے جو اسے ناپسند کرتا ہو۔

2۔ باپ کے پاس پرورش کا حق اس وقت بنتا ہے جب لڑکا 7 سال اور لڑکی 9 سال کی ہو۔

3۔ اگر بچے کی والدہ نہ ہو یا اس کا حق کسی وجہ سے ختم ہو گیا ہو تو مذکورہ عمر تک بچے کی پرورش کا حق والدہ، نانی، دادی یا خالہ کو حاصل ہو گا، حقیقی والد کو نہیں۔

4۔ اگر عورت علیحدگی کے بعد بچی کے غیر محرم سے شادی کرے تو پہلے شوہر کی بیٹی کی پرورش کا حق ختم ہو جائے گا اور یہ حق نانی، دادی، بہنوں، خالاؤں یا پھوپھیوں کو حاصل ہو گا، لیکن اگر وہ بچی کے محرم سے شادی کرے تو اس کا حق ختم نہیں ہو گا، پہلے شوہر کی بیٹی کی پرورش کا حق اسے ہی حاصل ہو گا۔

5۔ ''خیار التمییز'' کا تصور امام شافعی رحمہ اللہ کے ہاں ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ بچہ جب سنِ تمیز (وہ عمر جس میں وہ اچھے برے کی تمیز سمجھ جاتا ہے) کو پہنچ جائے یعنی جب وہ سات سال کا ہو جائے تو اسے اختیار دیا جائے کہ وہ والد اور والدہ میں سے جس کے پاس چاہے رہے، ائمہ احناف کے نزدیک نابالغ بچے کے لیے ''خیار التمییز'' نہیں، بلکہ بچہ مذکورہ عمر (یعنی بچہ سات سال اور بچی نو سال) کے بعد بالغ ہونے سے پہلے

والد کے پاس رہے گا، بالغ ہونے کے بعد وہ والد یا والدہ میں سے کس کے پاس رہے؟اس سلسلے میں تفصیل یہ ہے:

ا۔اگر لڑکی کنواری اور وہ شعور کی عمر تک نہ پہنچی ہو تو وہ والد کے پاس ہی رہے گی۔

ب۔اگر لڑکی کنواری اور وہ شعور کی عمر تک پہنچ چکی ہو تو وہ والد یا والدہ میں سے جس کے پاس چاہے رہے۔

ت۔اگر وہ ثیبہ ہو اور اس کی ذات پر بھروسہ ہو تو اسے اختیار ہے، جہاں چاہے رہے۔

ث۔اگر وہ ثیبہ ہو اور اس کی ذات پر بھروسہ نہ ہو تو اسے اختیار نہ ہو گا، بلکہ والد کے پاس ہی رہے گی۔

ج۔اگر لڑکا بالغ ہو جائے، اسے عقل و شعور حاصل ہو اور وہ معاملات میں اپنی رائے قائم کر سکتا ہو تو اسے اختیار ہے کہ جہاں چاہے رہے۔

ح۔اگر لڑکے کی ذات پر بھروسہ نہ ہو تو وہ والد کے پاس ہی رہے گا۔

## حاصل بحث

سورۃالنساء کی تعلیمات کا بنیادی مقصد عدل کا قیام ہے، خاص طور پر خواتین کو وراثت، نکاح، مہر، اور پرورش کے معاملات میں نہ صرف مساوی حقوق دیے گئے ہیں بلکہ اسے خاندان اور معاشرے کی تربیت میں کلیدی کردار کا درجہ دیا گیا ہے۔

اسلام نے جاہلیت کے دور کی ان رسوم کو ختم کیا جو خواتین کو کمتر یا غلامی کی حالت میں رکھتی تھیں۔ماں کو پرورش میں فوقیت دی جائے گی، جب تک کوئی شرعی رکاوٹ نہ ہو۔ بچے کی بہبود اور حفاظت کو اولین ترجیح دی جائے گی۔ رسول اکرم ﷺ کے ارشادات کے مطابق بچے کی حقدار ماں ہے، اور اس پر کسی قسم کی زبردستی یا جبر ناجائز ہے۔ اگر ماں یا باپ میں سے کوئی بھی پرورش کے لیے موزوں نہ ہو، تو قریبی رشتہ دار، جیسے نانی یا ماموں کو یہ حق دیا جا سکتا ہے۔[1]

عدالتی نظام کو ایسے معاملات میں شریعت کی روشنی میں فیصلہ کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے تاکہ بچے کے حقوق محفوظ رہیں۔ خواتین کو نکاح کے فیصلے میں آزادانہ مرضی کا حق دیا گیا ہے۔ نکاح کے وقت مہر کی تعیین اور عورت کے حقوق کو شرعی اصولوں کے تحت محفوظ کیا گیا ہے۔ طلاق کے مسائل میں عورت کے حقوق کا تحفظ اور عدل وانصاف کو یقینی بنایا گیا ہے۔ سورۃالنساء میں وراثت کی تقسیم میں کسی قسم کی ناانصافی یا ظلم کا راستہ بند کر دیا گیا ہے۔ خواتین کو ان کا شرعی حق دلانے کے لیے وراثت کے قوانین کی پابندی کا حکم دیا گیا ہے، جبکہ عمومی طور پر خواتین کو جائیداد سے محروم کرنے کی غیر شرعی رسومات کی مذمت کی گئی ہے۔

شوہر پر لازم ہے کہ بیوی کی ضروریات، جیسے خوراک، لباس، رہائش، اور طبّی سہولیات کا بندوبست کرے۔ اگر شوہر کی متعدد بیویاں ہوں تو ان کے ساتھ مساوی سلوک کرنا ضروری ہے۔ خواتین کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کی گئی ہے۔ مردوں کو سختی سے منع کیا گیا ہے کہ وہ اپنی بیویوں پر کسی قسم کا تشدد کریں یا انہیں ظلم کا نشانہ بنائیں۔ بالفاظ دیگر سورۃالنساء خواتین، بچوں، اور کمزور طبقات کے حقوق کی حفاظت کے لیے ایک جامع اور مکمل رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ یہ نہ صرف مساوات اور عدل کے اصولوں کو اجاگر کرتی ہے بلکہ معاشرتی اصلاحات کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔ ان تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ایک پرامن اور متوازن معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے، جو انسانی حقوق اور اخلاقی اقدار کا علمبردار ہو۔

1۔ابوالکلام آزاد، مسلمان عورت، صفحہ:38، 2011، مکتبہ جمال، لاہور

**سورۃالنساء کی روشنی میں بحث کے اہم نکات درج ذیل ہیں:**

سورۃالنساء عورت کے بنیادی حقوق کی بحالی کا حکم دیتی ہے بلکہ ان کے تحفظ کی ضمانت بھی فراہم کرتی ہے۔اس میں عورت کے حقِ وراثت، حقِ نکاح، حقِ مہر اور معاشرتی برابری کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام نے عورت کو سماجی اور قانونی سطح پر مساوی مقام دیا ہے۔

اس سورہ کی روشنی میں بچوں کی بہبود اور تحفظ کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔والدین کی علیحدگی یا دیگر مسائل کی صورت میں، بچوں کی پرورش کے فیصلے میں ان کی دینی اور دنیاوی بہتری کو ملحوظِ خاطر رکھا گیا ہے،اور ماں کو عام طور پر فوقیت دی گئی ہے جب تک کوئی مانع نہ ہو۔

وراثت میں عدل وانصاف کے اصول نہایت تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں تاکہ کسی بھی وارث کواس کے حق سے محروم نہ کیا جائے۔یہ عدل کی ایک روشن مثال ہے جو مرد و عورت دونوں کے لیے انصاف پر مبنی ہے۔

قرآن نے ازدواجی زندگی کے حقوق وفرائض کو واضح کرتے ہوئے مرد کو عورت کے ساتھ حسنِ سلوک کا پابند بنایا ہے۔شوہر پر عورت کے نان و نفقہ کی ذمہ داری عائد کی گئی ہے،اور ظلم وزیادتی کو سختی سے منع کیا گیا ہے۔

سورۃالنساء میں عورت کے احترام اور اس کے معاشرتی مقام کو اجاگر کرتے ہوئے اسے علم حاصل کرنے، فیصلہ کرنے اور اپنی زندگی میں خود مختاری کا حق دیا گیا ہے۔یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ اسلام نے عورت کی عزت و وقار کو بلند کیا ہے۔

سورۃالنساء کی تعلیمات خواتین کو اپنے حقوق کے بارے میں آگاہی حاصل کرنے اور ان پر عمل کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ یہ اس بات کا مظہر ہے کہ خواتین کو تعلیم یافتہ اور باشعور ہونا چاہیے تاکہ وہ اپنے حقوق کو سمجھ سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔

سورۃالنساء میں عورت کے حقوق اور معاشرتی اصلاح سے کے ساتھ یتیم بچیوں کے حقوق پر خاص زور دیا گیا ہے۔ان کے مال و جائیداد کی حفاظت کو مردوں کی ذمہ داری قرار دیا گیا ہے،اور ان کے ساتھ عدل وانصاف کے معاملے میں سخت تنبیہ کی گئی ہے۔یہ بات اس امر کی وضاحت کرتی ہے کہ اسلام یتیم خواتین کے حقوق کا خاص خیال رکھتا ہے اور انہیں کسی بھی استحصال سے محفوظ رکھتا ہے۔

سورۃالنساء میں نکاح اور دیگر زندگی کے اہم فیصلوں میں عورت کی مرضی کو اہمیت دی گئی ہے۔زبردستی کے نکاح یا خواتین کو ان کے حقِ انتخاب سے محروم کرنا اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے۔

قرآن نے عورت کو اپنی کمائی اور جائیداد کا مکمل اختیار دیا ہے۔سورۃالنساء واضح کرتی ہے کہ عورت کے مال پر کسی دوسرے کا حق نہیں،اور وہ اپنی مرضی سے اسے خرچ کرنے یا محفوظ رکھنے کی مجاز ہے۔

سورۃالنساء میں یہ اصول واضح کیا گیا ہے کہ مرد اور عورت کی ذمہ داریاں مساوی لیکن مختلف ہیں۔ مرد کو قوام مقرر کیا گیا ہے،یعنی وہ خاندان کی کفالت اور حفاظت کا ذمہ دار ہے،لیکن اسے اس حیثیت کا ناجائز استعمال کرنے کی اجازت نہیں۔ عورت کے ساتھ مشورہ اور نرمی سے پیش آنے کا حکم دیا گیا ہے۔

سورۃ النساء میں عورت کو ہر قسم کے جسمانی یا ذہنی تشدد سے محفوظ رکھنے پر زور دیا گیا ہے۔ شوہر کو بیوی پر ہاتھ اٹھانے کی اجازت نہیں، بلکہ اختلافات کو سلجھانے کے لیے حکمت اور صبر کی تلقین کی گئی ہے۔

اسلام نے عورت کو معاشرتی اور فلاحی امور میں شریک ہونے کا حق دیا ہے۔ سورۃ النساء میں واضح کیا گیا ہے کہ عورت سماجی اصلاح اور خیر کے کاموں میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہے، بشرطیکہ یہ شریعت کے دائرے میں ہو۔

سورۃ النساء منافقین کی چالوں سے بچنے اور عورتوں کو ان کے عزائم سے محفوظ رکھنے کی ہدایت دیتی ہے۔ یہ تعلیمات خاص طور پر ان معاملات پر روشنی ڈالتی ہیں جہاں عورتوں کو جذباتی یا مذہبی استحصال کا نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔

سورۃ النساء عورت کے حقوق کی مکمل ضمانت فراہم کرتی ہے اور ان کے احترام، تحفظ اور مساوات کو یقینی بناتی ہے۔ یہ عورت کو زندگی کے تمام شعبوں میں مرد کے برابر مقام دیتی ہے اور اس بات کی تاکید کرتی ہے کہ کوئی بھی فرد یا ادارہ عورت کو اس کے شرعی اور قانونی حقوق سے محروم نہ کرے۔ لہٰذا، ان احکامات کو عملی زندگی میں نافذ کرنا معاشرتی اصلاح کی کلید ہے۔ مقالے کی روشنی میں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں سورۃ النساء کی تعلیمات پر عمل درآمد کی کمی ہے۔

جہیز کے نام پر وراثت سے محرومی اور دیگر معاشرتی ناانصافیوں کے سد باب کے لیے عوام کو قرآن و سنت کی حقیقی تعلیمات سے روشناس کرانے کی اشد ضرورت ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں قانونی طور پر (1962ء) سے اسلامی قانون کی روشنی میں عورت کا حقِ میراث تسلیم کیے جانے کے باوجود خواتین کے لیے میراث کے حوالے سے کوئی سہولیات پیدا نہیں کی گئیں۔ دوسری طرف دینی اداروں کی طرف سے اس حوالے سے شعور و آگہی فراہم کرنے کی سنجیدہ اور قابلِ ذکر کوشش نہیں کی گئی۔ حاجت اس بات کی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کیا جائے اور ان کو قابلِ عمل بنا کر پیش کیا جائے۔

## نتائج تحقیق:

سورۃالنساء قرآن مجید کی چوتھی سورت ہے اور اس میں مختلف اُصول، احکام اور راہنمائی فراہم کی گئی ہے جو انسانوں کی روزمرہ کی زندگی کو بہتر بنانے میں اہمیت رکھتی ہیں۔مزید یہ کہ سورۃالنساءایک ایسی سورۃ ہے جو انسانوں کو ایمان کی پختگی، حقوق کی پابندی،اخوتِ ایمان کی پاسداری، توبہ کی اہمیت ،یتیموں کی حفاظت،خواتین کے حقوق،اخوتِ ایمان، منافقوں کی ریشہ دوانیوں سے بچاؤ،دینی مبادیات اور دینی بنیادیات کی ضرورت کی راہنمائی کرتی ہے۔یہ سورۃ انسانوں کو نیک عملوں اور ایمان کی بنیاد پر زندگی گزارنے کی تاکید کرتی ہے تاکہ ان کی زندگی ایک بہتر اور انسانی طریقے سے گزر سکے۔

## سفارشات

1. محققین کو چاہیے کہ موجودہ قوانین میں عورتوں کے حقوق میں جو خامیاں ہیں نا صرف ان کی نشاندہی کریں بلکہ ان کی اصلاح کی راہنمائی کی جانی چاہیے۔
2. خواتین کے لیے علاقائی اور ثقافتی سر گرمیاں جو کہ قران وسنت کے مطابق ہوں ان کی اجازت دی جائے۔
3. عورتوں کے حقوق پر نقایص۔
4. عورتوں کے حقوق پر میڈیا کے مثبت اور منفی اثرات۔
5. مشترکہ خاندانی نظام میں عورتوں کے حقوق کی حفاظت قرآن وحدیث کی روشنی میں۔

## قرآنی آیات


| نمبر شمار | آیات | نام سورت | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1. | فَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللهِ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا | البقرہ | 24 |
| 2. | وَلاَ تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُواْ | البقرہ | 24 |
| 3. | وَلاَ تَكْتُمُواالشَّهَادَةَ | البقرہ | 25 |
| 4. | هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ | البقرہ | 34 |
| 5. | اَلطَّلاَقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ | البقرہ | 36 |
| 6. | فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلاَ تَحِلُّ لَهٗ مِنْ بَعْدُ | البقرہ | 36 |
| 7. | وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ | البقرہ | 20،31،36 |
| 8. | وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ | البقرہ | 35,38 |
| 9. | كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ | البقرہ | 47 |
| 10. | وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ | البقرہ | 49 |
| 11. | وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا | البقرہ | 32,52 |
| 12. | لاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ | البقرہ | 52 |
| 13. | وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ | البقرہ | 74 |
| 14. | حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ | النساء | 34 |
| 15. | اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ | النساء | 29,49 |
| 16. | وَإِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ | النساء | 51 |
| 17. | وَالّٰتِىْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ | النساء | 54 |
| 18. | لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ | النساء | 59 |
| 19. | يُوْصِيْكُمُ اللهُ فِىْ أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ | النساء | 59 |
| 20. | وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ | النساء | 61 |
| 21. | وَاٰتُوا الْيَتٰمٰى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ | النساء | 69 |

| | | |
|---|---|---|
| 22. يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لاَ يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَرِثُواالنِّسَآءَ كَرْهًا | النساء | 72,73 |
| 23. وَيَجْعَلُوْنَ لِلهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَهٗ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ | النحل | 19 |
| 24. وَيَجْعَلُوْنَ لِلهِ مَا يَكْرَهُوْنَ | النحل | 19 |
| 25. وَيَجْعَلُوْنَ لِلهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَهٗ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ | النحل | 19 |
| 26. وَأَنْكِحُوا الْأَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصَّالِحِيْنَ | النور | 32 |
| 27. فات ذا القربى حقه والمسكين | الروم | 44 |
| 28. وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ | لقمان | 29 |
| 29. وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ | الاحزاب | 25 |
| 30. يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ | الطلاق | 37,39 |
| 31. وَإِنْ كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ | الطلاق | 49,53 |
| 32. أَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ | الطلاق | 53 |

## فہرست احادیث


| نمبر شمار | احادیث | نام کتاب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1. | اِجْعَلْہَا لِفُقَرَاءِ اَقَارِبِکَ | صحیح البخاری | 48 |
| 2. | خذی ما یکفیک و ولدک بالمعروف | صحیح البخاری | 23 |
| 3. | فأتت رسول الله فرد نکاحه | صحیح البخاری | 30 |
| 4. | فقال النبیﷺ: لو راجعته قالت: یارسول الله، تأمرنی؟ | صحیح البخاری | 30 |
| 5. | قَضَی النَّبِیُّﷺ لِلْابْنَةِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ ابْنٍ السُّدُسُ | صحیح البخاری | 65 |
| 6. | لا تصوم المرأة وبعلہا شاہد إلا باذنه | صحیح البخاری | 22 |
| 7. | والله! انی لأخشاکم و اتقاکم له لکنی أصوم وأفطر وأصلی وأرقد | صحیح البخاری | 22 |
| 8. | وکان الرجل اذا مات وترک امرأة أاق علیها حمیمة ثوبا فمنعها | صحیح البخاری | 73 |
| 9. | یَا رَسُولَ اللهِ، اُوصِی بِمَالِی کُلِّہٖ؟ قَالَ: لَا. قُلْتُ: فَالشَّطْرُ؟ قَالَ: لَا. | صحیح البخاری | 68 |
| 10. | اِتَّقُوا اللهَ وَاعْدِلُوا فِی اَوْلَادِکُمْ وَاِنِّی لَا اَشْہَدُ اِلَّا عَلٰی حَقٍّ | صحیح مسلم | 68 |
| 11. | اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِأَہْلِہَا | صحیح مسلم | 12 |
| 12. | اَلسَّاعِیْ عَلَی الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْکِیْنِ کَالْمُجَاہِدِ فِیْ سَبِیْلِ اللهِ | صحیح مسلم | 46 |
| 13. | أن أبا الصهباء قال لابن عباس أتعلم أنما کانت الثلاث تجعل واحدة | صحیح مسلم | 38 |
| 14. | فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ یَا بَشِیرُ اَلَکَ وَلَدٌ سِوٰی ہٰذَا؟ | صحیح مسلم | 67 |
| 15. | کَفٰی بِالْمَرْءِ اِثْمًا أَنْ یَّحْبِسَ عَمَّنْ یَّمْلِکَ قُوْتَهٗ | صحیح مسلم | 50 |
| 16. | کم کان صداق رسول الله ﷺ؟ قالت کان صداقه لأزواجه | صحیح مسلم | 41 |
| 17. | لا یجمع بین المرأة وعمتها، ولا بین المرأة و خالتها | صحیح مسلم | 14 |
| 18. | لأن یغدو أحدکم فیحطب علی ظهره، فیتصدق به | صحیح مسلم | 50 |
| 19. | ما ضرب رسول الله ﷺ شیئا قط بیده ولا امرأة ولا خادما | صحیح مسلم | 55 |
| 20. | یَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا یَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ | صحیح مسلم | 14 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .21 | اذا کان عند الرجل امرأتان، فلم یعدل بینهما | سنن الترمذی | 53 |
| .22 | ألا واستوصوا بالنساء خیرا، فانما من عوان عندکم | سنن الترمذی | 49 |
| .23 | إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالْمَرْأَةُ بِطَاعَةِ اللهِ سِتِّيْنَ سَنَةً | جامع الترمذی | 69 |
| .24 | خیرکم خیرکم لأہله | جامع الترمذی | 24،55 |
| .25 | فبعث رسول الله ﷺ الی عمهما، فقال: "اعط ابنتی سعد الثلثین | جامع الترمذی | 60 |
| .26 | قال رسول الله ﷺ الیتیمة تستأمر فی نفسها | جامع الترمذی | 30 |
| .27 | أن جاریة بکرا أتت النبی ﷺ فذکرت ان أباها زوجها | سنن ابوداود | 30 |
| .28 | فأخذت النبی ﷺ حمیة فدعا برکانة واخوته ثم قال لجلسائه | سنن ابوداود | 37 |
| .29 | قال أبغض الحلال الی الله الطلاق | سنن ابوداود | 31 |
| .30 | یا رسول الله! ان ابنی ہذا، کان بطنی له وعاء، و ثدیی له سقاء | سنن ابوداود | 24 |
| .31 | اَنْ يُطْعِمَهَا إِذَا طَعِمَ، وَاَنْ يَكْسُوَهَا إِذَا اكْتَسٰى | سنن ابن ماجہ | 47 |
| .32 | خیر الشہود من أدی شہادته قبل أن یسألہا | سنن ابن ماجہ | 25 |
| .33 | فقال له النبی ﷺ اقعد ناحیة، وقال لها اقعدی ناحیة | سنن ابوداود | 77 |
| .34 | النبی ﷺ جعل للجدة السدس، اذا لم یکن دونها | سنن ابوداود | 66 |
| .35 | وما علمت لک فی سنة نبی الله ﷺ شیئا، فارجعی حتی اسال الناس | سنن ابوداود | 66 |
| .36 | إِنَّ عُمَرَ رضی الله عنه طَلَّقَ أُمَّ عَاصِمٍ فَكَانَ فِي حِجْرِ جَدَّتِهِ، | سنن البیہقی | 76 |
| .37 | فقال یا غلام ہذا ابوک و ہذا امک فخذ بید ایهما شئت | سنن البیہقی | 78 |
| .38 | وَأَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ تَزَوَّجَ أُمَّ حَبِيبَةَ | مسند احمد ابن حنبل | 40 |
| .39 | یا عثمان! ان الرہبانیة لم تکتب علینا، أفمالک فی أسوة | مسند احمد ابن حنبل | 22 |

## مصادر و مراجع


| نمبر شمار | کتب | زبان |
|---|---|---|
| 1. | تاج العروس من جواہر القاموس، محمد بن محمد بن عبدالرزاق المرتضیٰ الزبیدی، مطبوعہ حکومت الکویت | عربی لغت |
| 2. | المنجد،، لوئیس معلوف ، مکتبہ قدّوسیہ ،اُردو بازار لاہور | عربی لغت |
| 3. | القاموس الجدید، مولانا وحید الزمان قاسمی کیرانوی، ادارہ اسلامیات، لاہور | اردو لغت |
| 4. | تفسیر طبری، ابن جریر طبری، القاهرة، مصر | عربی |
| 5. | کتاب الاُم، امام محمد بن ادریس الشافی، مطبوعہ مصر | عربی |
| 6. | شرائع الاسلام، نجم الدین جعفر، مطبوعہ تہران | عربی |
| 7. | المغنی، عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامۃ الحنبلی مطبوعہ مصر | عربی |
| 8. | فتح القدیر، امام کمال الدین محمد بن عبدالواحد الحنفی، مطبوعہ مصر | عربی |
| 9. | الہدایہ، برہان الدین ابی الحسن علی بن ابی بکر الفرغانی مرغینانی، مکتبہ رحمانیہ، لاہور | عربی |
| 10. | تفسیرِ مظہری قاضی ثناءاللہ پانی پتی، دارالاشاعت کراچی | اردو |
| 11. | تبیان القرآن، علامہ غلام رسول سعیدی، فرید بک سٹال، لاہور | اردو |
| 12. | تفسیرِ ابنِ کثیر، امام حافظ عمادالدین، مکتبہ دارالسلام لاہور | اردو |
| 13. | تفسیر دُرّ منثور، امام جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر، ضیاءالقرآن پبلی کیشنز، لاہور | اردو |
| 14. | تفسیر ضیاءالقرآن، پیر محمد کرم شاہ الازہری، ضیاءالقرآن پبلی کیشنز، لاہور | اردو |
| 15. | تفسیرِ عُثمانی، علامہ شبیر احمد عثمانی، دارالاشاعت، کراچی | اردو |
| 16. | تفسیرِ فاضلی، حضرت فضل شاہ، فاضلی فاؤنڈیشن، لاہور | اردو |
| 17. | تفسیرِ مظہری، قاضی ثناءاللہ پانی پتی ، دارالاشاعت، کراچی | اردو |
| 18. | تفسیر تبیان القرآن، علامہ غلام رسول سعیدی، فرید بک سٹال، لاہور | اردو |
| 19. | تفسیر تبیان القرآن، علامہ غلام رسول سعیدی، فرید بک سٹال، لاہور | اردو |
| 20. | تفہیم القرآن، سیّد ابوالاعلیٰ مودودی، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور | اردو |
| 21. | السنن الکبریٰ، مترجم: حافظ ثناءاللہ، مکتبہ رحمانیہ، لاہور | اردو |
| 22. | نعم الباری فی شرح صحیح البخاری، ضیاءالقرآن پبلیکیشنز، کراچی | اردو |

23. نکاح اور طلاق (احکام و مسائل)، ڈاکٹر محمد طاہر القادری، منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور — اردو

24. 101 اولیاءاللہ خواتین، خواجہ شمس الدین الکتاب پبلشر، کراچی — اردو

25. اشرف الهدایہ، برہان الدین ابی الحسن علی بن ابی بکر الفرغانی،، مکتبہ رحمانیہ، لاہور — اردو

26. اشرف الهدایہ، جمیل احمد سکروڈھوی، دارالاشاعت، کراچی — اردو

27. اسلام میں عورتوں کے حقوق ڈاکٹر طاہر القادری، منہاج القرآن پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور — اردو

28. اسلام میں عورت کا مقام، بدیع الدین شاہ راشدی، ناشر : فاران فاؤنڈیشن، لاہور — اردو

29. ابو سعد احسان الحق، اسلام عورت اور یورپ، ناشر : دارالاندلس، لاہور — اردو

30. اسلام میں عورت کا درجہ اور اس کے حقوق و فرائض، عزی اللہ ندوی جمعہ — اردو

31. عورت اور اسلام، جلال الدین قاسمی، ناشر : جمعیت اہل حدیث حیدر آباد انڈیا — اردو

32. عورت اسلامی معاشرہ میں، جلال الدین انصر، اسلامی پبلیکشنز، شاہ عالمی مارکیٹ، لاہور — اردو

33. اسلامی معاشرہ میں عورت کا مقام، امین احسن اصلاحی، 2013ء ناشر : فاران فاؤنڈیشن، لاہور — اردو

34. خواتین کی ملازمت اور اسلامی تعلیمات، ابوایوب سپرا، ناشر : ایفا پبلیکیشنز نئی دہلی — اردو

35. عورت عہد رسالت میں، عبد الحلیم ابو وشقہ، ناشر: نشریات، لاہور — اردو

36. عورت قبل از اسلام و بعد از اسلام، سید ضیاء الدین، ناشر : النور ہیلتھ وایجوکیشن ٹرسٹ کراچی — اردو

37. عورت قرآن کی نظر میں، شمیمہ محسن، صفحہ : 43، ناشر: البدر پبلیکیشنز، لاہور — اردو

38. امت کی بیٹیاں اور فتنہ ارتداد، قاضی محمد عبد الحیٔ، ناشر : عروۃ الوثقٰی فاؤنڈیشن حیدر آباد — اردو

39. طالب ہاشمی، تذکار صالحات، ناشر : البدر پبلیکیشنز، لاہور — اردو

40. مسلم خاتون حقوق، فرائض اور اوصاف، عبد الغفار حسن، رباط العلوم الاسلامیہ، کراچی — اردو

41. عورت قبل از اسلام اور بعد از اسلام، ضیاالدین، النور ہیلتھ وایجوکیشن ٹرسٹ، کراچی — اردو

42. حرمت نسواں، احسان الحق ہاشمی، ناشر : مکتبہ قدوسیہ، لاہور — اردو

43. اسلام میں عورت کے حقوق، جلال الدین عمری، لاہور، اسلامک پبلیکیشنز، ۱۹۹۳ — اردو

44. مسلمان عورت، ابوالکلام آزاد، 2011، مکتبہ جمال، لاہور — اردو

45. نواب شاہجہاں بیگم، تہذیب النسواں و تربیت الانسان، نعمانی کتب خانہ، لاہور — اردو

46. مسلمان عورت اور اس کا اخلاقی و معاشرتی کردار، محمد علی ہاشمی، مسلم پبلیکیشنز، لاہور — اردو

47. مسلمان عورت، فرید وجدی، سانگلہ ہل، المکتبہ الاثریہ، ننکانہ صاحب — اردو

## *Articals*

| S.N | *Articals* |
|---|---|
| .i | ***Women's Rights are Human Rights***<br>*UNITED NATIONS PUBLICATION, ISBN 978-92-1-154206-6* |
| .ii | ***WOMEN EMPOWERMENT: A LITERATURE REVIEW***<br>*Irshad Ahmad Reshi, Dr T. Sudha* |
| .iii | مختلف تہذیب وادوار میں خواتین کے حقوق کا اسلامی حقوق سے تقابلی جائزہ، محمد نصیر، ایکٹا اسلامیکا ۲۰۲۱، جلد ۹، شمارہ ۱ |
| .iv | عدیل شاہ، پاکستان کے دیہی علاقوں میں کاشت کار خواتین کے مسائل عہد نبوی کے معاشی منظر نامے کی روشنی میں حل، راحۃ القلوب، جلد ۶، شمارہ ۲ |
| .v | ناہید شاہ نقوی، استحکام خاندان میں عورت کا کردار شریعت اسلامیہ کی روشنی میں، الباحث ۲۰۲۰، جلد ۱، شمارہ ۱ |
| .vi | سمیع اللہ، ریاض الازہری، قبل از اسلام عرب سماج میں عورت کا مقام اور نکاح، ایک تحقیقی مطالعہ، الوفاق، دسمبر ۲۰۲۱، جلد ۴، شمارہ ۲ |